انگلستان کے مشہور جسٹس ناول صاحب فرماتے ہین کہ ہر ایک واقعہ صرف وجہ ثبوت بقراین حال سے ثابت ہوسکتا ہے کچہہ خصوصیت دوسری شہادت کی نہین ہے۔ وہ دلیل مین لکھتے ہین کہ مقدمۂ زنا میں واقعہ کے چشم دید گواہ پیش ہونے ضرور نہین ہین قراین سے ثابت قرار دیا جاسکتا ہے کیونکہ بلحاظ نوعیت اوس فعل کے گواہ بہت ہی شاذ ہونگے۔ وہ فرماتے ہین کہ اگر کوئی شخص جو متوالا نہو بغیر کسی قسمی ستے کے شرابخانہ کے ایک بڑے مخزن مین جاے اور وہان سے متوالا ہوکر باہر نکلے تو گو کسی نے اوسکو شراب چوراتے ہوئے نہین دیکہا اور نہ ایک بڑے حوض سے ایک گلاس شراب کے لینے سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اوسی حوض مین سے لی ہے لیکن اوسکے متوالے ہونے سے یہ یقین ہوجائیگا کہ اوسنے مخزن سے شراب چورا کرپی ہے۔ مگر شرع محمدی کے رو سے کسیطرح محض قراین حال کی بنا پر زنا کا واقعہ ثابت نہین قرار دیا جاسکتا ہے خاص نص قرآنی کے رو سے صریح حکم دیا گیا ہے کہ صریح شہادت یعنے گواہوں سے ثابت کرنا لازم ہے اور بلاشک صریح شہادت ہی سے وہ واقعہ ثابت ہونا چاہئیے زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ اگر عورت و مرد ایک بستر مین سینہ بسینہ سوتے ہوئے ملین تو گو یہہ انگریزی مقنین کے قاعدہ کے رو سے اثبات زنا کے لئے بڑا قرینہ حال ہے لیکن عقلاً خاص فعل زنا سے بہت بعید ہے اوس سے زنا کا کرنا لازم نہین آتا ہے۔ چونکہ عیسوی اقوام کے قوانین مین طلاق کا دینا زنا کے ثبوت پر اور وہ بھی عدالت مین ممکن ہے اسلئے اونکے مقنین بلحاظ نوعیت فعل زنا اسباب پر مجبور ہوے کہ زنا کے قراین حال پر ثابت ہونے کا قاعدہ بنا ماجاے۔ بعدت یا مہر کے کل واجب ہونے کے لئے ہماری شریعت مین بھی خلوت صحیحہ کا قاعدہ اسی کے قریب قریب ہے کیونکہ خلوت صحیحہ کو بمنزلہ جماع کے سمجہا گیا ہے۔ شہادت قراین حال نہ صرف اثبات دعوی کے لئے ہے بلکہ تردید کے لئے بہی کارآمد ہے بعض وقت اوسی کے بنا پر صریح شہادت کی کافی تردید

گمان [illegible] ہوا کہ مقتول نے خودکشی کی ہے یا موت طبعی سبب سے واقع ہوی ہے۔ بعض جوہ
[illegible] اپنے آپ کو خودکشی کی بدنامی یا اپنی جائداد کی حفاظت کے لئے اسطور سے خود
کشی کیا کرتے ہین کہ [illegible] کا گمان نہو بلکہ یہ گمان پیدا ہو کہ کسی اور نے اوسکو قتل کیا ہے۔ اس قسم
کے [illegible] کے سوا بہت سی نظیرین ایسی بھی ہین جنمین ثابت ہوا کہ موت طبعی سبب سے واقع ہوی
اور [illegible] کی لاش پر بے گناہ لوگون پر الزام قتل لگانے کے واسطے زخم لگائے گئے یا اور علامات متعین
قتل [illegible] کی سازی گئیں۔ چنانچہ ایک یہ واقعہ ہوا کہ ایک شخص نے اپنی زوجہ کو زنا کراتے
ہوئے [illegible] دیکہا اور اسوجہ سے سخت آشفتگی مین آیا اور اپنے سر کو چند بار دیوار سے زور زور سے مارا اور
[illegible] اپنی پیشانی پر چند مرتبہ زور زور سے کلہاڑی ماری آخر کار بہت سے زخم کہا کر مر گیا
[illegible] یہ واقعہ [illegible] لوگون نے دیکہا تہا اسوجہ سے سبب موت حقیقت واقعہ کے مطابق سمجہا گیا۔
اگر یہ گواہ نہوتے تو کسیطرح پر خودکشی کرنے کا خیال بھی پیدا نہوتا بلکہ کسی اور کے ہاتہ سے قتل کئے
جانے کا یقین زخمون کی تعداد اور صورت وحالت کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ اکثر سبب موت کے
تحقیق مین [illegible] اور گواہ بلکہ خود ملزم بھی ایسی غلطی کرتے ہین کہ قتل کر نیکی تسلیم کر لینے کے
سوا سے اور کوئی چارہ نہیں ہوتا چنانچہ ایک مقدمہ مین یہ ثابت ہوا کہ دو شخصون کے درمیان
مین [illegible] لڑائی ہوئی اور ایک نے دوسرے کو چہری ماری اوسکا زخم معدہ پر اور ہاتہ اور
اونگلی [illegible] اوپر لگا اور داہنی طرف کی ہسلی پر بھی ایک زخم لگا۔ وہ زخم ایسے خفیف تہے کہ
بعد [illegible] پٹی باندہی گئی تو زخمی ایک ساعت کے بعد شام کو پیدل اپنے گہر کو چلا گیا۔ صبح کو لوگون نے
اوسکو [illegible] مرا ہوا اور مردہ دیکہا اور تحقیقات سے معلوم ہوا کہ شہ رگ اور دیگر رگین
کٹی ہوئی ہین اسپر چہری کے زخمون سے مرجانے کا گمان کیا لیکن ڈاکٹرون نے بیان کیا
کہ چہری کے زخمون کے بعد یہ زخم جو سبب موت ہوئے لگائے گئے ہین چہری کے زخم مہلک نہین
ہوسکتے ہین۔ چہری کے زخمون کے خراشین بھی کٹی ہوی ہین یہ زخم باعث ہلاکت پہلے زخمون کے
بعد لگائے گئے ہین۔ تحقیقات سے ڈاکٹرونکی راے مطابق حقیقت کے ثابت ہوی چنانچہ ثابت
ہوا کہ جب شام کو وہ زخمی آتا تہا تو راستہ مین رہزنون نے اوسکو لوٹ لیا اور اوسکو
قتل کر ڈالا۔ ایک مقدمہ مین یہ واقعہ پیش آیا کہ ایک لڑکی نے کچہ چیزین چورا لی تہین اسلئے
اوسکا باپ اوسکو اس حرکت کی سزا کے طور پر اوسکے ہاتہ پکڑ کر خفیف ضربون سے مار
رہا تہا کہ اوسکے ہاتہون مین یکایک وہ لڑکی تشنج مین آگئی اور فوراً مر گئی اسوجہ سے خود

اور سبب سے مثلاً خودکشی یا سانپ وغیرہ کے کاٹنے سے واقع ہوی ہے کیونکہ لاش ہی سے کلی یا ضرب وغیرہ کے اثر باعث ہلاکت یا جسم میں نفوذ کرنا یا نکرنا ثابت ہوگا۔

میڈیکل جیورسپروڈنس یعنے طب متعلقہ کی کتابوں میں اسباب موت کے تحقیق کرنے کے قاعدے و معیار درج ہیں ہوشیار وکیل اور دانشمند مجوز کا کام ہے کہ اون قاعدوں کو مدنظر رکھے۔ فقرا این حال سے جو نتیجہ اون قواعد کے رو سے نکالا جاتا ہے وہ نہایت ہی مستحکم ہوتا ہے اور اون لوگونکے بیان کی صداقت کے امتحان کے لئے جو لاش یا کسی اوشئی کی حالت کی بابت شہادت دیتے ہیں سوال کرنے کا خوب ہی موقع حاصل ہو جاتا ہے۔ اور اصلیت کشف ہو جاتی ہے۔ کیونکہ ہر مقدمہ میں مجوز کے روبرو لاش یا وہ شئی نہیں لائی جا سکتی ہے صرف اون لوگوں کے بیان ہی پر تکیہ کرنا پڑتا ہے جنھوں نے دیکھا ہے۔

جن مقدمات میں خودکشی کا بیان یا احتمال ہو اون میں بڑی توجہ لاش پر کیجانی چاہیئے کیونکہ لاش کیحالت ہی سے اسکا قطعی فیصلہ خصوصاً زخمی لاش کی اکثر صورتوں میں ہو جاتا ہے کہ خودکشی ہوی یا اوسکا ہونا سمجھنا ناممکن ہے کمال ہوشیاری سے دیکھنا چاہیئے کہ جسد کے زخمی ہونے کے کیفیت کیا ہے اور اوسکے اعضا کی وضع اور لباس کی طرز و وضع کیا ہے چہرہ کے اور حلق کا مثلاً اگر چہرہ یا گلے میں دبانے کے نشانات ہوں اور چہرہ مسخ ہو تو یہ فقرا این اسبابات کے ہیں کہ مقتول کے شور و غل بند کرنے کے لئے اوسکا منہہ بند کیا گیا ہے اور اوس پر کسی اور شئے جبر کیا ہے کیونکہ خودکشی میں ایسا ہونا ممکن نہیں ہے۔ مقدار اوس خون کی جو زمین پر گرا ہو یا کپڑے پر ہو غور کرنا چاہیئے۔ اوس آلہ کی جسکو کام میں لانے کا احتمال ہے حالت و کیفیت او زخم کیصورت و حالت اور اوسکی طرف و جہت و عمق پر غور کرنا چاہیئے۔ جہاں تنیچہ یا چھری یا چاقو یا کسی اور آلہ ضرر سے خودکشی کرنیکا گمان ہو زخم کے سمت کا تحقیق کرنا کہ آیا وہ اوپر کیطرف کو ہے یا نیچے کے طرف اور ہاتھ کی لنبای کو زخم کی جہت سے مقابلہ کرنا بہت ہی مفید ہوتا ہے اور اسبابات کا تحقیق کرنا کہ آیا سیدہا ہاتھ کام میں لایا گیا ہے یا دست چپ چونکہ زیادہ تر عادتاً سیدہا ہی ہاتھ کام میں لایا جاتا ہے اسلیے سمت زخم اوسیکی مطابق ہوگی اور زخم باعث ہلاکت جانب چپ سے جانب راست کو ہوگا۔ سب سے زیادہ نہایت غور و تامل اور بلا فروگذاشت کسی امر خفیف کے یہ تحقیق کرنا چاہیئے کہ آیا کسی دوسرے شخص کے وقت وقوع موت کے وہاں موجود ہونیکی علامات تھیں یا نہیں کیونکہ یہ اکثر ہوتا ہے کہ قاتل مقتول کی لاش ایسی طور سے رکھدیتے ہیں کہ جس سے یہ

# لکچر نمبر (۴)

## سنہ ۱۳۰۳ فصلی

## تیقن عقلی

جس صورت مین ملزم اور واقعہ تحقیق طلب کے تعلق کی نسبت محض شہادت اعراین حالی سے دیا گئین ہو تو ایسی شہادت کے نتائج کو ایسا ہونا لازم ہے کہ وہ تیقن عقلی کے درجہ کو پہونچ جائیں اور اونہیں سوا ارتکاب جرم کے اور کسی امر کے احتمال کا موقع نہ رہے ۔
بلحاظ اون نتائج پرخطر کے جو خصوصاً ملزم کے حق میں اور عموماً عامہ رعایا کے حق میں غلط حکم سزا کے نسبت سے پیدا ہوتے ہین اور اونسے اور بھی بہت قباحتیں ایسی پیدا ہو جاتی ہین جو اون نتائج و قباحتوں سے جو ملزم کی رہائی کے غلط حکم سے پیدا ہوتی ہین بدرجہا بڑی ہوتی ہین اسلیے ہر ایک عقل مند اور مہذب قوم کے قوانین مین یہ اصل داخل کیگئی ہے کہ "احتمالات وقوع جرم کو تیقن عقلی کے درجہ تک پہونچنا چاہیے" تیقن عقلی یہ ہے کہ اگر اوسکے روسے ذی عقل محتاط اشخاص کے نزدیک اوس سے جملہ شکوک احتمالی دفع ہو جاتی ہوں ۔ لفظ تیقن عقلی اس مقام پر بمقابلہ تیقن محض طبعی کے مستعمل ہے ۔ کیونکہ طبعی احتمال یہ ہے کہ یہ شخص بیگناہ ہے پس یہ طبعی احتمال

۳۱ اوسکے باپ سے اور دیگر دیکھنے والے لوگون نے اوس ضرب [illegible] کی [illegible] موت اتفاقی کہا [illegible]
کوچھت سے نشانات مارکے اوسکے بدن پر موجود تھے [illegible] اکثر کی تحقیقات [illegible] موت کا
سبب نہین تھے بلکہ یہ تحقیق ہوا کہ وہ موت زہر کے [illegible] ہوئی [illegible] یہ بات ثابت ہوگئی
کہ لڑکی نے اس خوف سے کہ چوری کی [illegible] کے افشا پر اوسکا باپ غصہ [illegible] او [illegible]
کہا لیا تھا۔

ان نظیرون سے اور اسی قسم کے بہت سے معاملات کو دور اندیشی [illegible] سکتا ہے
کہ فقط اینحال پر عمل کرنا کہان تک درست ہوسکتا ہے اور اون [illegible] [illegible] [illegible]
اونپر اطمینان کرنے مین کن کن صورتون [illegible] امور پر غور کرنے [illegible] [illegible] اور [illegible]
عمل مین لانی واجب ہے —

مجرمیت ملزم کے حمایت شکوک احتمالی کو دل سے دور نکرسے حکم سزا صادر نکرنا چاہیئے۔ اور تا وقتیکہ مجوز کو اوس وجہ ثبوت سے اسقدر تیقن حاصل نہو کہ اوس تیقن کی بنا پر ایسی منفعت ذاتی کے امور اہم و عظیم انسان میں کاربند ہو سکے حکم سزا صادر نکرنا چاہیئے کیونکہ قانون میں یہی تیقن عقلی مطلوب ہے۔ کسی مقدمہ میں شہادت قراین حال پر عمل نہیں ہو سکتا ہے تا وقتیکہ اوسکی قوت جو واسطے اصدار حکم کے کافی سمجھی گئی ہے اوس سے کم ہو یا جو کم سے کم ایک گواہ کی شہادت سے جو ادنی ترین وجہ ثبوت صریح ہے قائم ہوتی ہے۔ یعنی جس قرینہ میں اسقدر قوت نہو اوسپر عمل نکرنا چاہیئے۔ ہم جب مصنفین ہنود کے قوانین دیکھتے ہیں تو کمال تعجب ہوتا ہے کہ اون کے قواعد شہادت میں بکثرت ایسے قراین حال کی بڑی لمبی چوڑی تفصیل درج ہے جنکی بنا زیادہ تر توہمات پر ہے چونکہ وہ بہت ہی پرانی ہیں اور ایک بڑی مدت سے ہنود ہی نے اون پر عمل کرنا ترک کر دیا ہے کیونکہ مقدس ہمرتیوں کے دیباچوں میں شارحین اور مصنفین کتب قوانین نے یا تو اونکو پچھلے وقت کے ساتھ مخصوص قرار دیکر ترک کر دیا ہے یا اونکی تعبیر دوسرے طور پر کر دی ہے جس سے یہ فائدہ ہوا کہ وہ ہی قواعد عملدرآمد میں آ گئے جو زیادہ تر مذہب ہنود کے اصول کے مطابق کے ساتھ خلاف عقل سمجھے گئے ہیں۔ یورپ کے مجوزہ قوانین میں گو قراین حال خلاف عقل کو وجہ ثبوت کے زمرہ میں جگہہ نہیں دیگئی ہے لیکن بڑے تعجب کی بات یہ ہے اونکی قسم اور تعداد کی کیفیت کو مقرر کر دیا ہے جو قانونی وجہ ثبوت بنتی ہے اور یہ تعین عقلاً و عملاً غلط ہے کیونکہ اقرار و انسانیکا متنوع ہونا اسکو ناممکن ٹھہراتا ہے کہ بے انتہا غیر محدود اغراض و افعال کے امتیازات دقیق و نازک کو بالتعین بیان کیا جا سکے یا ثبوت کی ایک غایت و حد معینہ صحیح حسابی کے ساتھ ایسی معین کر دیجائے جو بالاستحکام کل قلوب انسانی پر موثر و کارگر ہو۔ اصطلاح کے صنوابط معینہ نہ صرف بے فائدہ و فضول ہیں بلکہ وہ انکشاف حقیقت کے سنتقیم راستہ سے پھرا دیتے ہیں اور حاکموں کی قوت عقلیہ ممیزہ کے پہنچانے کے لئے دام ہیں۔ اوسکا یہی نتیجہ نہیں ہوتی ہے بلکہ مجرم بے خوف ہو جاتے ہیں اونکی معینہ حد کے اندر اپنے سے اپنے ایکو بچا لیتے ہیں اور اوسکے باہر رہنے کی کوشش کرتے ہیں۔ شکر ہے کہ قراین حال کی کوئی حد و تعداد جیسی کہ یورپ کے قوانین میں مقرر ہے ویسی نہ شرع محمدی میں ہے نہ اسوقت یعنے ہمارے زمانہ کے اون قوانین میں مقرر ہے جو سرکار کی طرف سے جاری

۱ ہرگز رفع دفع نہین ہوسکتا ہے تا وقتیکہ اسکا نقیض بھی ایسا ہی قوی پیش ہو۔

یہ ایک طبعی بات ہے کہ ہر انسان ہر معاملہ مین اس طبعی میلان کے احتمال پر مائل رہتا ہے مثلاً ایک مقدمہ مین کافی تعداد کے معتبر گواہ یہ گواہی دین کہ ہمنے ملزم کو اوس جرم کا ارتکاب کرتے ہوئے دیکھا ہے جسمین وہ ماخوذ کیا گیا ہے۔ باوجودیکہ اسکے بھی مجوز صرف دو قیاس کے بنا پر باور کرتا ہے جسمین ایک یا دونون غلط ہوسکتے ہین اول یہ کہ گواہ ناراست نہیں ہوتے ہین کیونکہ انسانون مین صداقت کا میلان طبعی ہے مگر اکثر افراد انسان ناراست پائے جاتے ہین۔ دوسرے یہ کہ جس شخص کو انہون نے وہ فعل کرتے ہوئے دیکھا ہے آیا ملزم وہی شخص ہے یا نہیں اسمین شک باقی رہتا ہے کیونکہ شناخت شخصی کا ایک ایسا معاملہ ہے جس مین اکثر خطا واقع ہوجایا کرتی ہے۔

اسکا عموماً تعین ناممکن ہے کہ کسقدر قراین حال درجہ وجہ ثبوت کو پہونچینگے کیونکہ نوعیت افعال انسانی کا انحصار ممکن ہے نہ اونکے قراین حال کا لہذا قانونی آزمایش و امتحان اسباب کا کہ وجہ ثبوت کافی ہے یا نہین یہی ہے کہ مجوز کی عقل اور قوت ممیزہ کو اوس سے اطمینان اور تشفی حاصل ہوجاے یعنے تیقن عقلی تک پہونچے۔

احتمالات مخالف نہ صرف وجہ ثبوت بقراین حال میں پیدا ہوا کرتے ہین بلکہ صریح وجہ ثبوت بھی اون سے خالی نہین ہوتی ہے۔ مجوز کو موازنہ شہادت مین کمال احتیاط اس امر کے طے کرنے مین کرنی پڑتی ہے کہ دونون طرف کے احتمالات مین کون سے ایسے ہین جنکا رفع ہونا تیقن عقلی کے درجہ تک پہونچنے کے لئے لازم ہے۔ ایک طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ جبتک جملہ مشکوک احتمالات کا وضعیہ نہو جاے جب تک تیقن عقلی کامل نہین ہوسکتا ہے اور حکم سزا نہین دیا جاسکتا ہے دوسرے طرف سے یہ کہا جاتا ہے کہ خفیف اور خیالی احتمالات پر رہائی دینا خلایق کو ضرر پہونچانا اور مجرمون کی مدد کرنا اور جرایم پر دلیر کردینا اور عدل گستری کی راہ کا مسدود کرنا ہے۔ ان دونون طرف کے مجبون کے جال مین اکثر ناتجربہ کار جج یا کام چور حاکم پہنس کر عدالت کو بدنام کرتا ہے لیکن جو ہوشیار اور اپنا فرض محنت سے ادا کرتا ہے وہ اس مشکل پر فتح پاتا ہے۔ اور احتمالات عقلی اور طبعی اور وہمیہ مین جو فرق ہے اوسمین دانائی سے امتیاز کرتا ہے۔ اس مشکل کے لئے قاعدہ مروجہ جسپر کاربند ہوتے ہین مناسب یہی ہے یہ قرار دیا گیا ہے کہ تا وقتیکہ شہادت بقراین حال اس درجہ کو نہ پہونچے کہ نسبت

قیاس کو [illegible] بدل دیتے ہیں۔

ایک مقدمہ میں جو مقدمہ مذکورہ بالا کا مشکل تھا سب واقعات وہی تھے جو اسمقدمہ کے
[illegible] رہا ہوا کہ ثابت ہوا کہ وہ مکان کے روشندان سے تختہ رکھکر
مقتول کے گھر کی روشن دان میں سے کر قاتل آگئے اور قتل کا ارتکاب کیا ملزم اکثر
اک واقعہ کو دیکھکر سہم گیا اور بیہوشی کی حالت میں بچ کر اوسی کمرہ میں پڑا رہا جسمیں مقتول
کے ساتھ سویا تھا اور اندر سے دروازہ بند کر لیا تھا۔ [illegible] کہ قاتل اور مقتول میں باہم
ملزم بیگناہ ہے [illegible] قرار دیا گیا کہ وہ رسی جسکے ذریعہ سے قاتل کمرہ
میں اترے اور پھر جلد گذر گئے [illegible] ہی ہوئی چھوڑ گئے تھے جس سے یہ ثابت کیا گیا
کہ اسطرح پر رسی ملزم نہیں باندھ سکتا تھا۔

ایک مقدمہ میں جو زہر خورانی کے مقدمہ میں صرف یہ ثابت ہوا کہ ملزم سے کوئی
چیز مقتول کو کھلائی [illegible] وہ کھانے کے بعد ہی مرگئی بغیر ثبوت نوعیت زہر کی عدالت
مرحانتیکے قرینہ حال سے یہ ثابت قرار دیا کہ ملزم سے جرم کا ارتکاب کیا۔ یہ مقدمہ
پانڈو دولابار ریورٹ صدر عدالت فوجداری صفحہ ۲۴ فیصلہ ۲۸ ستمبر ۱۸۴۶ء۔ لیکن اس
زمانہ میں یہ تجویز قابل اعتراض ہے کیونکہ کسی شی کا کھلایا ہی کافی نہیں ہے بلکہ اوس شی کا زہر
ہونا ثابت ہونا چاہیے جن مقدمات میں یہ بحث پیش آتی ہے کہ زہر خورانی عمداً وقوع میں
آئی یا سہو وخطا سے ہوئی قرائن حال ہی اسیطرح رہنمائی کرتے ہیں۔

ایک مقدمہ میں ایک دوا فروش اپنی زوجہ کی زہر خورانی کے جرم میں ماخوذ ہوا
صرف پایہ ثبوت کو یہ بات پہونچی کہ ملزم سے اپنی زوجہ کو بجاے افیون کی گولیوں اور
پارہ شے کے شیشہ کے جنکے کھلانے کا زوجہ کے معالج ڈاکٹر نے حکم دیا تھا ملزم نے سکیور
کی گولیاں کھلا دیں ملزم نے بیان کیا کہ میں اسوقت نشہ میں تھا دوکان میں سکیور کی بوتل
[illegible] کے پاس رکھی ہوئی تھی اسوجہ سے غلطی سے سکیور کی گولیاں لیکر کھلا دیں لیکن ایسی
غلطی کا ہونا ناممکن قرار دیا گیا کیونکہ دوکان کی عادت معمولی کے موافق افیون [illegible]
کوٹھی میں رہا کرتی تھی اور سکیور شیشہ [illegible] رہتا تھا۔ اسکے بعد ڈاکٹر معالج مذکور نے
ملزم کو دوکان میں عرق لاڈنم کے ساتھ عرق [illegible] کے تیار کرنے کے بہیجا جب وہ
بنا کر لایا تو ڈاکٹر نے اوسکے گلاس میں شبہہ کر کے مریض کو پلانے سے قبل چکھا + اونکو

ہو سکتے ہیں البتہ یہ حد مقرر کردینی نقلاً لازمی امر ہے کہ وہ ثبوت بقرائن حال اسقدر ہونی
چاہیے کہ [illegible] لحاظ عقل معمولی انسان کی تشفی ہو جائے یہ حد معین نہیں ہو سکتی وہ اعداد میں مقرر
ہے اور یہ دیگر ممالک کے قوانین میں بھی بے مقرر رہتی ہے۔

مقدمہ ۲۳ میں ایک مرد کی لاش ایک کوٹھری میں ملی اور اوسوقت اوسکے پاس اوسکی
زوجہ تھی اور کوٹھری کے اندر کیطرف سے بند تھی نہ باہر کیطرف سے اور لاش پر ایسے زخم
تھے جنکی نسبت یہ تصور نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ عورت اوس قابل تھی کہ
ایسے زخم لگانے کی قوت رکھتی تھی ان قرائن پر وہ عورت ماخوذ ہوئی اور اوسکو
حبس دوام کی سزا دیگئی۔ مقدمہ مہاری وغیرہ نارلی ڈائجسٹ طبع جدید مقدمات جداگانہ
نمبر ۱۲۳ و ۱۳۲۔ ان قرائن میں سے سب سے بڑا قرینہ عورت کا وہاں موجود ہونا
تھا۔ اگر وہ موجود نہ ہوتی تو پھر کسی قرینہ کی دلیل پر اوسکو ماخوذ نہیں کر سکتے تھے۔ یا
وہ عورت یہ ثابت کر دیتی کہ میں اپنے شوہر کے قتل ہونے کے بعد آئی یا قاتل نے میرے
روبرو اوسکو قتل کیا اور چلا گیا میں نے خوف سے کوٹھری کا دروازہ اندر سے بند کر لیا
گو ایسا واقع ہونا اور ثابت کر دینا ایک معمولی اور جائز بات ہے لیکن بمقابلہ ان قرائن کے
جنپر حکم دیا گیا خود بخود اپنے خیال سے ایسے احتمالات قائم کرکے اون پر عمل کرنا خلاف مصلحت
عامہ و عدالت گستری کے ہے۔ جسقدر قرائن موجود تھے وہ سب اوسی عورت کو مجرم قرار دینے
کی طرف مائل ہوتے ہیں۔

اگر لاش پر ایسا زخم ہوتا جسکی نسبت یہ سمجھا جاتا کہ خودکشی ہوئی ہے تو اس ادنا امر کے
قرینہ سے دوسرے قرائن بھی بدل جاتے۔ یا اگر عورت بھی زخمی ہوتی یا یہ معلوم ہوتا کہ عورت
شوہر سے عشق رکھتی تھی اور دونوں میں کمال محبت و وفاداری کا برتاؤ تھا۔ عورت کو اوسکی
جدائی گوارا نہیں ہو سکتی تھی تو ان سے جو فعل قتل کی ذات سے خارج ہیں قرائن کے
تعبیر میں بھی اثر پڑتا ہے۔ اگر یہی واقعہ جنگل میں ہوتا اور اوسکی قاتل وہ عورت
بھی ہوتی مگر واقع کے مقام کے قرینہ پر زیادہ تر یہی سمجھا جاتا کہ رہزنوں نے قتل کیا ہے
نہ اوس عورت نے۔

پس اب یہ غور کرنا چاہیے کہ نتائج قرائن حال کسطرح ادنی ادنی امر سے تبدیل
متغیر ہو سکتے ہیں۔ اور وہ امور اطمینان و تشفی دل کو کسطرح اولٹتے پلٹتے ہیں اور انسان کے

اڑانا فی الشمع کے قریب تھا۔ زخم سنگ گرد و نیم انچ تہا اور وہ زخم ہڈی تک پہونچا تہا اور ٹکڑا اور بدوردست کیے کہ جسمین زخم واقع ہوئے تہے کہوپری سر کے داہنی طرف کا پیشانی کی ہڈی تہی اور وہ شگاف سر کے پیچھے کے طرف نیچے بالکل جا لگے اور ہڈی کا ایک بڑا ٹکڑا بالکل پڑا تہا۔ باوجود اسکے مقتول کے سر پر ٹوپی موجود تہی اور ٹوپی پہٹی یا کٹی ہوئی نہین تہی اور نہ اوسکے جسم پر کسی اور زخم کا نشان تہا۔ لاش کے معائنہ کرنے والے دو ڈاکٹرون نے وثوق کے ساتھ یہ رائے دی کہ گہوڑے کی لاتون اور ٹاپون کے یہ زخم نہین ہوسکتے ہیں۔ یہ رائے زخمونکی صورت اور اونکا ایک دوسرے سے ممتاز ہونے اور کہلے اور رود ہڈیے کے نشانات کے ہونے اور چہڑو کے محکم ہونے اور زخمون کے سمت کا سیدہا ہونے پر اور اسبابات پر مبنی تہی کہ اگر مقتول کہڑا ہوا ہوتا تو پہلے ہی ضرب سے گر پڑتا اور اگر وہ پڑا ہوا ہوتا تو زخم بشکل عمودی ہوتے۔ اور اگر ٹوپی اوسکے سر پر ہوتی تو بغیر پارہ ہوئے اوس ٹوپی کے زخم کا لگنا ناممکن تہا زخم ایسے شدید ہین کہ انکے لگنے کے بعد ٹوپی کو سر پر رکہنے کی طاقت نہین رہ سکتی تہی۔

لیکن دانشمند مجوز نے فرمایا کہ مجہے خود ایک مقدمہ کی نظیر یاد ہے جسمین یہ ثابت ہوا کہ بغیر پارہ ہونے ٹوپی کے سر میں ضرب لگ گئی اور ہڈیان چورچور ہو گئیں قطع نظر اسکی شہادت اس بات کی پیش ہوئی کہ ٹوپی کے پہٹنے ٹوٹنے کے بغیر گہوڑے کے لات سے ایسا زخم ہوا ہے اسلئے ملزم رہا کیا گیا۔ دیکہو کتاب مذکور صفحات مذکو

سمیات کی تاثیر کی جو عام آراے اطبا نے قائم کر لی ہین اور ہر مقدمہ مین انہی کی روسے قیاس قایم کیا جاتا ہے اوسمین نہ صرف نقص تحقیقات کیوجہ سے غلطیان ہوئی ہین بلکہ شخص مسموم کی قوت اور معدہ کی کیمیاوی خاصیت کے اثر سے بہی بعض مرتبہ قیاس غلط ہوئے ہین ایک مقدمہ مین ایک دوافروش پر الزام لگایا گیا کہ اوس نے ایک عورت کو جو اسکی ساتھ کام کیا کرتی تہی پروسیک ایسڈ کہلا کر قتل کیا ہے۔ عورت مذکور ملزم سے حاملہ ہو گئی تہی ایک دن صبح کو وہ مری ہوئی اپنے بستر پر ملی بہت سے قراین حال سے یہی شبہہ ہوا کہ ملزم نے اوسکو زہر دیکر حاملہ ہوجانے کے عیب چہپانے کیوجہ سے مارا ہے لیکن یہ بات ثابت ہوئی کہ عورت مذکور نے

۱ دیکھا اور رسکیور کا واقعہ یاکر اوسکے اجزا اسکا مل کرکے دیکھا تو اوسمین یہی زہر پایا جو عورت کو دیا گیا تھا۔ اسپر ملزم نے بیان کیا کہ میں نے بہ غلطی کی کہ بجاے پائیکا ریزم عین تھا رسکیور ملا دیا جو دو سرے مریض کے لیے تیار رکہا گیا تھا۔ لیکن یہ بات بہی تہا یہ دو جہہ ناممکن معلوم ہوی کیونکہ اوس عرق رسکیور میں فی اونس پانچ گرین رسکیور ملا ہوا تہا اور اوس پانیسے اونس عرق لانم مین صرف ۳ گرین سے زیادہ رسکیور پایا گیا جسکو ملزم نے تیار کیا تہا۔ اسپر یہ کہا گیا کہ جہل ہوئی لیکن یہ واقعی نہین ہوا کہ وہ فعل ارادی تہا۔

کتاب مذکور جلد ۲ صفحہ ۳۴۰ لغایت ۳۴۳

زخموں اور ضربات کی بعض صورتیں ایسی ہوتی ہیں جن سے اصل حقیقت انکا دریافت ہوتی ہے کلارت عسر پائی ہوتی ہے۔ کتاب مذکورکے صفحات مذکور مین ایک مقدمہ درج ہے اوسمین ایک نوجوان اپنے بہائی کے قتل کرنیکے جرم میں ماخوذ ہوا صورت مقدمہ کی یہ ہی کہ شخص مقتول اپنے باپ کے پاس رہا کرتا تھا اور ملزم دو میل کے فاصلہ پر رہتا تھا اور دونوں بہائیوں میں ازبس عداوت تھی۔ ایک روز ملزم اپنے باپ کی ملاقات کے لیے اوسکے گہر گیا تہا جس روز ملزم وہان گیا تھا اوسکے بعد ہی مقتول کی لاش ایک سرکش گہوڑے کے پاس پائی گئی اور اوس گہوڑے کی جالی دار گردنی مقتول کے بازو اور کندھوں پر پڑی ہوئی تہی۔ اور گہوڑے کی گردنیاں وہیں اوپر موجود نہیں عداوت کے سبب اور نیز زخموں کی صورت پر یہ شبہ کیا گیا کہ ملزم نے اوسکو قتل کیا ہے امر تحقیق طلب یہ قرار دیا گیا کہ ملزم نے کلہاڑی سے اوسکو قتل کیا ہے یا گہوڑے نے ٹاپیں مارکر ہلاک کیا ہے۔ لاش کے پاس ایک کلہاڑی ملی اوسپر خون لگا ہوا تہا۔ لیکن ثابت ہوا کہ وہ کلہاڑی ایک نابالغ لڑکا وہان لایا اور اوسنے اوسکو خون آلودہ زمین مین ڈالدیا۔ سبب موت صرف زخم کی کیفیت ہی سے معلوم ہوسکتا تہا۔ سر کے بائیں طرف دو زخم تھے جنمیں ایک قریب پانچ انچ اور دوسرا دو انچ کے لنبا تہا اور اوسکے دیکھنے سے بظاہر یہ معلوم ہوتا تہا کہ وہ کسی کاٹنے کے آلہ سے لگا ہے۔ سر کے داہنی طرف کئی متفرق زخم تہے جنمیں سے دو زخم قریب چار انچ کے لنبے تہے اور وہ گہوڑے کے کاٹنے اور روندنے کی علامت معلوم ہوتی تہی۔ سر کے پیچھے کی طرف ایک زخم

# لکچر نمبر (۵)

## بابت سنہ ۱۳۳۱ فصلی

سلسلہ کے لئے دیکھو رسالہ نمبر (۵)

---

شہادت قرائن حال پر عمل کرنے کا اصل قاعدہ یہ ہے کہ قیاسات مجرمیت کو کل حالات ثابت شدہ کے مطابق و موافق ہونا لازم ہے۔ گو ناظرین کتب نظائر مین ایسی نظیرون کو دیکھہ سکتے ہین جسمین حالات کو قراین کے مطابق یا غیر مطابق قرار دیا گیا ہے لیکن دو ایک خاص نظیرون کا بغرض توضیح مطلب یہان بیان کرنا ہی مفید ہے۔

ایک مقدمہ کے حالات یہ تہی کہ ایک کاشتکار ڈسمبر کی اٹہورہوین کو مقام (الف) کے بازار مین گیا تہا اور شام کے چار بجے گہر کو واپس ہوا اوسکا گہر بازار سے تین میل کے فاصلہ پر تہا۔ راستہ مین جہان سے نصف میل کے فاصلہ پر اوسکا گہر تہا ایک شخص اوسکو ملا اور اوس نے مقام (ک) کا راستہ پوچہا اور دونون باتین کرتے ہوئے ساتہ ساتہ قدر دو سو یا تین سو گز تک چلے اسی اثناء مین شخص مذکور نے جو کسیقدر کاشتکار کے پیچہے چلتا تہا کاشتکار کی پشت پر تمنچہ مارا اور اوسکے پاس سے گیارہ پونڈ یعنے ایکسو دس روپیہ اور ایک چاندی کی گہڑی لوٹ لی۔ کاشتکار مذکور گو اسوقت مرا اگر گہر جاکر دس روز زندہ رہکر اوسی زخم سے مرگیا۔ کاشتکار مذکور نے یہ بیان کیا تہا کہ جس شخص نے تمنچہ مارا ہے وہ بہت ہی چمکدار تہا اور ناتل سیاہ رنگ کی ایک لمبی کرتی لمبی کوٹ پہنے ہوئے تہا

اوسی سنبکو جسکو مرہی اسقاط حمل کرنے کی تدابیر کی تہین ملزم نے بیان کیا کہ عورت نے خود اپنی مرضی سے زہر کہایا تہا - یہ بات ظاہر ہوگئی کہ عورت نے عرق پیرہ سنگ کو ایک شیشی میں پایا تہا جسکسیقدر رفعالی تہی اور وہ شیشی ڈاٹ لگی ہوئی اور کاغذ مین لپٹی ہوئے اوسکے بستر کے پاس رکہی ہوئی تہی اور عورت چادر کو پاؤن سے تہوڑی تک اسطرح اوڑہے ہوئی تہی کہ گویا اوس نے بعد پی لینے عرق مذکور کے چادر اوڑہ کے پائینتی کیطرف سے کہینچکر اوڑہ لی ہے - اوسکے دونون بازو اوسکے بدن سے چمٹے ہوئے تہے ایک چمڑے کا ٹکڑا اور ایک ڈورا جو شیشی مذکور سے کہولا گیا معلوم ہوتا تہا وہ عورت کی کمر کے نیچے پڑا تہا -

ان واقعات میں ڈاکٹرون کی پہلی رائے کے موافق یہ امر نہایت ہی ناممکن معلوم ہوا کہ عورت مین بعد پی لینے عرق مذکور کے شیشی میں ڈاٹ لگا دینے اور کاغذ مین لپیٹنے اور چادر کو اوڑہنے اور بازؤن کو بدن سے لگا رکہنے کی طاقت رہی ہو کیونکہ اس قسم کے زہر کی تاثیر کے نسبت یہ فرض کیا گیا تہا کہ حلق سے اوترتے ہی انسان کو بیتاب و بیجان کر دیتا ہے - اس لئے عورت نے خودکشی نہین کی بلکہ ملزم نے اوسکو قتل کرنے کے بعد اسطرح لٹا دیا ہے اور شیشی کو بہی ملزم نے ڈاٹ لگا دی ہے - لیکن اسمقدمہ مین ملزم کی خوش قسمتی سے تاثیر زہر کی نسبت بحث از سر نو ہوئی اور محققین ڈاکٹرون نے تسلیم کیا کہ زہر مذکور کے پی لینے کے بعد بہی شیشی کو ڈاٹ لگانے اور کاغذ مین لپیٹنے اور چادر کو تہوڑی تک کہینچکر اوڑہنے کی اور بازؤن کو بدن سے لگا لینے کی طاقت قائم رہ سکتی ہے - آخیر ملزم رہا ہوا اور خودکشی کرنا قرار دیا گیا - اس قسم کی صورتون کے تحقیق کے لئے میڈیکل جیورسپروڈنس یعنی اصول طبی متعلقہ امور عدالت کی کتابون کیطرف رجوع کرنا چاہئے -

ملزم نے مجسٹریٹ کے روبرو بیان کیا کہ ۱۷ اور ڈسمبر کو مین (ک) مین تہا اور ۱۸ کو دیعنی تاریخ وقوع جرم کی ہی) مقام (الف) مین تہا اور وہان پہنچے بجے دوپہر کے پہونچا تہا اور اوسوقت سے دو تین دن تک ساڑہے سات بجے تک کہین نہین گیا اور اوس دن دوپہر کے بعد سے مین قصبہ مین مکان کی تلاش پہرتا رہا اور شام کو چہ بجے اپنے فرودگاہ پر لوٹ آیا۔

ملزم کا یہ بیان جہوٹا ثابت ہوا کیونکہ چند گواہوں نے اوسکو دوپہر کے بعد چار اور پانچ بجے کے درمیان مین روزوار داث (الف) کے راستہ مین مقام وقوع جرم کے قریب دیکہا تہا۔ اور ساڑہے پانچ بجے کے قریب ملزم کو لوگون نے اوسطرف سے جہان جرم واقع ہوا (الف) کیطرف جلدی جلدی جاتے ہوے دیکہا تہا۔ اور بعد اوس کے وہ (الف) کے دو ہوٹلو مین ایک مین چہ بجے اور دوسرے مین قریب نو بجے اوسی شام کو گیا تہا۔ اور ان دونون ہوٹلو مین ہر نی ادر قزاقی کی بابت بات چیت ہوا کرتی تہی اور اوسمین ملزم بہی شریک تہا۔ لوگون نے صاف بیان کیا کہ اوسوقت وہ بکری کی پوست کی کرتے پہنے ہوی تہا۔ اکیسوین ڈسمبر کو ملزم نے مقام وارڈ یک مین وہ گہڑی جو اوس مقتول سے چہین لی تہی اس بیان سے فروخت کی کہ وہ میری ذاتی گہڑی ہے۔ علاوہ انکے قطعی قرینہ ملزم کی مجرمیت کا یہ تہا کہ اوس نے جیلخانہ سے جسمین وہ زیر حوالات تہا ایک چٹھی اپنی زوجہ کے نام بہیجی جسکو اوسکے رشتہ دار نے بوجہ اسکے کہ وہ پڑہنا نہین جانتی تہی ایک اور شخص سے پڑہوایا اوسمین ملزم نے لکہا تہا کہ مقام (الف) کے قریب ایک پشتہ کے نیچے جو چیزین مخفی گڑی ہوی ہین اونکو وہان سے منتقل کرنا چاہئے۔

جب اس مقام کی تلاش لیگئی تو وہان ایک دستانہ ملا جسمین تین گولیان اور ایک تمنچہ پیچدار نال کا وہ ملا جسکی جوڑی کا تمنچہ ملزم کے صندوقچہ مین پہلے ملا تہا۔ ایک بارود ساز نے یہ اظہار دیا کہ جو گولی زخم سے نکالی گئی ہے وہ ایسے ہی تمنچہ سے چہوٹی ہے اور وہ گولی مذکور اور وہ گولیان جو صندوقچہ مین ملین ایک ہی سانچہ کی ڈہلی ہوئے ہیں۔

جو اوسکی ساق تک لمبی تہی۔ اس بیان کے رو سے ملزم پر ارتکاب جرم کا شبہ تہا
کیا گیا ملزم جو ۱۲ ماہ سے مقام (س) میں جو بازار مذکور سے ستر ۱۷ میل کے فاصلہ
پر تھا رہنے کا کام کیا کرتا تہا۔ یہہ معلوم ہوا کہ ملزم ماہ ڈسمبر کی ستر ۱۷ ہوین تاریخ سے بائیسوین
تک غائب رہا اور یہ کہ اوسی ماہ کی ۲۳ تاریخ کو وہ دو صندوقچے کہ ایک میں اوسکے پیشہ
کے اوزار و آلات اور دوسرے میں کپڑے تہے مقام (و) کو لے گیا اور وہاں
اونکو ایک بردہ مال کے حوالہ کرکے (ل) کے ایک ہوٹل کے پتہ سے ایک شخص مسمی
حان وڈ کے پاس روانہ کیا کہ جب تک اوسکی ضرورت ہو وہ اوسی مقام میں رکہے رہیں۔
ملزم ولیم ہاڈ کے نام سے مشہور تہا۔ آخرکار وہ ۲۵ ماہ مذکور کو (س) سے مقام
(ل) کے اوس ہوٹل میں گیا جسمیں وہ صندوقچے بہیجے تہے۔ بعد تحقیق کے یہ معلوم ہوا کہ
ایک شخص ہمشکل ملزم نے اون صندوقچوں کو ایک آٹے والے کے چہکڑے میں لدوا کر محلہ
(ب) کو لے گیا تہا۔ اور یہہ کہ پانچوین جنوری کو وہ صندوقچے اوس مقام سے ایک
پیپے ساز کے چہکڑے میں روانہ کیگئی اور اوس مقام سے پہر اون صندوقچوں کا اور
پتہ نہ لگا لیکن ۱۲ جنوری کو اہلکاران پولیس نے اون صندوقچوں کو اوسی محلہ کی ایک بڈہی
عورت کے مکان سے برآمد کیا۔ اور اوس صندوقچہ میں جسمیں ملزم کے کپڑے تہے ایک
پیپہ اریال کا تپنچہ اور ایک تپنچہ کی کنجی اور ایک زنگ آلودہ گولی اور چہرے اور تہوری سی
بارود ایک توسدان میں اور ایک کرتی پیپے کوٹ بکری کے چمڑے کا سیاہ رنگ کا
ملا۔ یہ اخیر قسم یہہ بہت معتبر تہا کیونکہ ملزم مقام (الف) میں وقوع جرم کے دن
اوسی قسم کی کرتی پہنے ہوئے تہا۔ اہلکار پولیس اوس عورت کے گہر میں چہپ رہے
جب دوسرے دن شام کے وقت ملزم وہان آیا تو اوسکو گرفتار کرلیا۔ ملزم نے ارتکاب
جرم سے انکار کیا اور بیان کیا کہ مین مقام (الف) مین کبہی گیا اور نہ مین نے
کبہی یہہ سنا کہ کوئی شخص تپنچہ سے مارا گیا ہے۔ اور مقام (ک) مین اپنے نام کے
تبدیل کرنیکی یہہ وجہ بیان کی کہ ایک میرا ہم پیشہ مجھسے نزاع رکہتا تہا اوسکو اور نیز
اپنی زوجہ کو جو میرے تعاقب مین تہی باز رکہنا مقصود تہا۔ جب اوس سے یہ سوال
کیا گیا کہ تم ڈسمبر کی ۱۸ تاریخ کو کہاں تہے تو اوس نے بیان کیا کہ مجہے یقین ہے کہ
قصبہ (ک) مین تہا جو (الف) سے چہہ میل کے فاصلہ پر ہے۔ اسکے بعد

پیدا ہوتے ہین۔ چونکہ یہ طبیعت انسانی کا یہ خاصہ ہے کہ اشیا کے باہمی تطابق و انتظام کو اوس سے زیادہ قبول کر لینے پر مائل ہو جاتی ہے جس قدر کہ فی الواقع موجود ہوتا ہے۔ علم ہیئت سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کی عقل کس قدر جلد تعلقات کا مربوط ہونا باور کر لیتی ہے حالانکہ بہت سے تعلقات جو سمجھے گئے تھے دوربین کی ایجاد نے غلط کر دئے ہین۔

اسباب مین ایک دانشمند مقنن کا قول ہے کہ "امور متعلق واقعہ پر غور و تامل کرتے وقت اس باہمی میلان پر زیادہ تر توجہ کرنی چاہیے جیسے کسی نے بہت ہی اچھا کہا کہ اگر چند لکڑی کے ٹکڑے یا سپید کے موجود ہون اور اون سے مکان کی تعمیر ہو سکتی ہو تو مقتضاے عقل یہ ہے کہ اون کو چھوڑ کر ایک ٹیڑہی لکڑی سے مکان کی تعمیر نہ کرنی چاہیے پس ہمکو یہ دیکھنا چاہیے کہ حالات و واقعات جو فی الواقع وقوع مین آئے ہین کامل طور پر باہم مربوط ہین کیونکہ فی الحقیقت ایسا ہی طبعی ارتباط رکھتے ہین۔ اگر حالات بتیقن قیاس مجرمیت سے مربوط ہون تو قیاس مجرمیت صحیح ہوگا"

ایک مقدمہ مین ایک لکڑی کی سرقہ کرنیکا الزام لگایا گیا اور بیان کیا گیا کہ ملزم خود اوسکو اوٹھا لیگیا جب لکڑی کو دیکھا گیا تو وہ اسقدر بڑی تھی کہ تین آدمی بھی اوسکو اوٹھا نہین لیجا سکتے تھے پس ملزم رہا ہوا اسوجہ سے کہ جن حالات سے الزام لگایا گیا تھا گو وہ سب باہم مربوط تھے اور مجرمیت کے قیاس کے لئے کافی تھے لیکن لکڑی کا اسقدر بھاری ہونا اونکے مطابق اور اون سے مربوط نہ تھا۔ اور اسوجہ سے اوسکی مجرمیت کے قیاس کے نقص تھا اور قیاس مجرمیت کا غلط یا سراسر دروغ پر مبنی ہونا ثابت ہو گیا۔

نہ صرف ایسے حالات کے ذریعہ سے جو کلیتاً قیاس جرم کی تکذیب کرتے ہین مجرمیت کا قیاس باطل ہوتا ہے بلکہ موازنہ ہوت قیاس کو رد کرنے کے لئے جملہ قیاسات مخالفانہ و قرائن مضعف پر بھی کامل طور پر غور و تامل کرنا لازم ہے۔

چنانچہ ایک مشہور مقدمہ مین جو کتب نظائر انگلستان مین از نام ابراہیم تھارنٹن مشہور ہے ملزم پر ایک نوجوان عورت کے قتل کا الزام لگایا گیا جسکی لاش ایک خندق مین صبح کے ساڑھے چھ بجے کے قریب پائی گئی اور اوسکے بدن و کپڑون پر زد و ضرب کے نشانات موجود تھے جن سے یہ گمان ہوتا تھا کہ اوسکو کسی نے بزور دبوچ کر پانی مین ڈبو دیا ہے۔ حالات یہ تھے

ان تمام واقعات وحالات کے قراین پر ملزم کو مجرم سمجہا گیا کیونکہ اوسکو لوگون نے مقام وقوع جرم کے قریب اوسیوقت دیکہا تہا جب جرم سرزد ہوا تہا اور بعد گرفتاری کے اوسکا یہ دروغ بیان کرنا کہ وہ کبہی مقام (الف) مین نہیں گیا تہا اور واقعہ کا حال نہین سنا اسبات پر دال تہا کہ وہ اس امر سے واقف تہا کہ اگر اوسکا مقام میں اوسکا موجود ہونا ثابت ہوگا تو نتیجہ بُرا پیدا ہوگا۔ ملزم کے پاس سے بکری کی کہال کی کرتی مشابہ اوسی کرتی کے ملی جسکو لوگون نے قریب وقت واردات کے اوسکو پہنے ہوئے مقام واردات کے قریب دیکہا تہا۔ زیادہ تر قرینہ یہ تہا کہ ملزم نے وارات کے تین ہی دن بعد شخص مقتول کی گہڑی فروخت کی اور ملزم کے اس بیان کا جہوٹا قرار پانا کہ وہ گہڑی خود اوسکی ہے۔ سب سے زیادہ قوی قرینہ مجرمیت کا یہ قرار دیا گیا کہ پستہ کے پیچہے سے خود ملزم ہی کی چٹہی کے ذریعہ سے گولیاں وغیرہ مذکورہ بالا استیاء دستیاب ہوئین۔ درمیان اوس تمنچہ کے جو پستہ مین گڑا ہوا ملا اور اوس تپنچہ کے جو ملزم کے صندوقچہ مین ملا اور اوس گولی کی جو زخم سے نکالی گئی اور اوسکے جو صندوقچہ ملی مشابہت و مماثلت ہونی اور خصوصیت اسبات کی کہ مقتول ایک پیچدار تپنچہ سے مارا گیا ہے ان جملہ قراین پر ملزم کا مجرم ہونا بلا شک و شبہہ کے ثابت قرار دیا گیا اور یہ کہ ایسے توافق و مطابقت کا ہوجانا بطریق اتفاق کے ناممکن ہے اور نہ یہہ ممکن ہے کہ کسی احتمال مشعر بیگناہی مجرم پر حمل کیا جاسکے لہذا مجرم کو سزا ے موت کا حکم دیا گیا۔

جسوقت اوسکو پہانسی دی گئی اوسوقت ملزم بہی اپنے مجرم ہونے کا اقرار کرکے استغفار و توبہ و نجات کا طالب ہوا۔

اس ایک مسہور نظیر کے حالات سے یہہ بخوبی سمجہہ مین اجائیگا کہ حاکم مجوز کو قراین پر عمل کرنے مین کس امر پر لحاظ رکہنا لازم ہے۔ اوسکو چاہئے کہ وجہ ثبوت کے نتیجہ پر غور و تامل کرتے وقت اسبات کو خوب سوچے کہ آیا وجہ ثبوت مذکور سوا ے مجرمیت ملزم کے اور کسی احتمالات کی محتمل ہے یا نہین یعنے وجہ ثبوت ایسی ہو کہ سوا ے مجرمیت کے اور کوئی احتمال اوس پر ہوسکتا ہو۔ ہر قرینہ کو جدا جدا دیکہنا چاہئے اور پہر سب کو ملاکر دیکہنا چاہئے کہ اون سے بہیئت مجموعی کیا کیا احتمالات

خندق کے کنارے پر ایک جوتہ پہنے ہوئے آدمی کے پاؤں کا نشان ملا مگر وہ ملزم
کے پاؤں کا ثابت نہیں ہوا۔ یہ بات ثابت ہوئی کہ ملزم داہنے اور بائیں جوتی پہنے
ہوئے تھا۔ ملزم کے قمیص پر اور جوتوں پر خون کے داغ تھے اور اوس نے اوس
عورت سے اوسکی رضامندی کے ساتھ جماع کرنے کا اقرار کیا اور کہا کہ میں وقت
واقعہ قتل ایک مقام میں تھا میرے لیے گناہ ہوں۔

چند گواہوں سے ثابت ہوا کہ میڈم ٹیلر کے مکان سے باہر نکل آنے کے بعد اوس عورت کو چند
شخصوں نے اوسکی گھر کیطرف کو جاتے ہوئے دیکھا اور جس شخص نے اخیر وقت
دیکھا تھا اوس نے اظہار دیا کہ چہارم گھنٹہ کے اندر دیکھا تھا۔

اور ساڑھے چار بجے اور پانچ بجے کے درمیان کے اس قلیل وقت میں چند شخصوں نے
جو ملزم سے ناآشنا تھے ملزم کو آہستہ آہستہ عورت مذکور کے گھر کیطرف سے
اپنے گھر کیطرف جاتے ہوئے دیکھا۔ میڈم ٹیلر کے مکان سے وہ خندق سوا
میل سے زیادہ فاصلہ پر تھی اور خندق سے وہ مقام جہاں ملزم کو دیکھا ڈہائی میل
کے فاصلہ پر تھا۔ خیال کیا گیا کہ بر تقدیر قیاس مجرمیت کے ضرور ہے کہ ملزم عورت سے
اوسکے میڈم ٹیلر کے مکان سے نکلنے کے بعد جا ملا ہو اور سوا تین میل کی مسافت کو کسیقدر
عورت نے اور کسیقدر ملزم نے طے کیا ہو اور دونوں ملگئے ہوں۔ اور افعال مجرمانہ
اور غرق کرنا اور جیب میں سے عورت کی ٹوپی اور جوتی اور بقچہ رکھنا پانچ منٹ کے عرصہ میں
واقع ہوا ہو۔ چونکہ گرفتاری ملزم و تحقیقات واقعہ وقوع قتل سے چند گھنٹوں کے اندر ہی عمل
میں آئی اسلئے خاص اون اوقات معین و مقید کے گواہوں کے بیانات کی صحت میں کچھ
شک باقی نہیں رہا تھا۔ گو ان قرائن پر جو پائے گئے ملزم ماخوذ نہیں ہوسکتا تھا کیونکہ
قتل کرنے کے واقعہ خاص کا ثبوت قطعی بالکل مفقود تھا۔ اور ایسے قرائن حالات مشتبہ سے
کوئی شخص ماخوذ نہیں کیا جاسکتا ہے کیونکہ ممکن تھا کہ کسی شخص نے اوس عورت کو ورغلا لیا
ہو اور بعد کو تاسف و ندامت کے سبب سے خود ڈوب مری ہو اور اپنی شان کی حالت
کو ظاہر کرنے کی نیت سے اپنی ہلاکت کے اسقدر نشانات چھوڑ گئی ہو جو پائے گئے۔
اور یہ بہی ممکن تھا کہ وہ ناشتہ کی جوتیوں کو اوتارکر دوسری جوتیاں جو اوسکے بقچہ میں تہیں
پہنے کو کنارہ پر بیٹھی ہو اور اوسکے اوتارنے میں نقاہت کے سبب خندق میں گر پڑی ہو

۴

کہ خندق کے کنارے سے عورت کی ٹوپی اور جوتی اور ایک ... ادھر ادھر پڑے تھے
چالیس گز کے فاصلہ پر گھاس میں انسان کی شکل کا نشان پایا گیا گھاس پر جو دبا ہوا اوس نشان کی وضع
سے ظاہر ہوتا تھا اور بہت سا خون اوس نشان کے بائیں طرف پڑا ہوا پایا اور اوس نشان سے
خندق تک راستہ میں اور راستہ سے ڈیڑھ گز کے فاصلہ پر خون کے قطرے پڑے
ہوئے تھے لیکن جہاں لاش پائی گئی وہاں کوئی نشان اوٹھا یا نہیں گیا گھاس پر نہیں پایا گیا
اور گھاس جسم اور خون سے آلودہ تھی اس سے قیاس کیا گیا کہ گھاس پر
خون کے قطرے بڑے ہیں اور اسوقت گرے ہونگے جب لاش اوٹھا کر خندق کیطرف کو
لیگا ہوگا۔ اس واقعہ کے ایک دن پہلے شام کو ملزم اور عورت مذکور تاج گنج کی ... ملاقی
ہوئے تھے اور وہاں سے دونوں باہم قریب ... کے ساتھ باہر نکلے اور تین گواہوں نے
ان دونوں کو اوس مقام کے قریب ایک چبوترے پر بات چیت کرتے ہوئے دیکھا
چار بجے عورت مذکور رشیدم ٹیلر کے مکان واقع ارڈونکٹن میں گئی تھی جہاں ایک دن پہلے
وہ کپڑے سلنے کو رکھ آئی تھی عورت مذکور بحالت صحت جسم و صحت عقل کے بقیہ کپڑوں
میں سے بعض کپڑے پہن کر اور جو پہنے ہوئی تھی انکو اوتار کر بقیدر ہ مسٹ کے غروب
میں مکان مذکور سے نکلی۔ اوسکا راستہ چند کھیتوں پر سے تھا جنمیں سے ایک کھیت
متصل وہ خندق تھی اوس کھیت پر تھوڑے دن پہلے ٹیلا پھیرا گیا تھا جس سے زمین ایک
اور برابر ہوگئی تھی۔ لاش کے ملنے کے بعد اوس کھیت میں ایک شخص اور عورت مذکور
کے پاؤں کے نشانات پائے گئے اور ان نشانوں کے طول و عمق سے یہ معلوم ہوتا
تھا کہ دوڑا دوڑی اور تعاقب کے بعد عورت پکڑ لیگئی تھی کھیت مذکور کے اوس مقام سے
جہاں عورت کا پکڑ لیا معلوم ہوتا تھا دونوں کے پاؤں کے نشانات کھیت مذکور کے
کنارہ تک خندق کیطرف کو خندق سے چالیس گز کے فاصلہ تک پائی گئی لیکن بعد اوسکے
زمین کے سخت ہونے کیوجہ سے نشانوں کا پتہ نہیں ملا۔

جو پاؤں کے نشانات دوڑنے والے شخص کے کھیت میں پائے گئے وہ تحقیق
میں ملزم کے پاؤں کے نشانات ثابت نہیں ہوسکے۔ اور ثابت ہوا کہ وہ نشانات
کھیت کے سمت کو واپس چلے گئے ہیں۔

اسپر یہ بحث کیگئی کہ وہ شخص ملزم نہ تھا جو بعد قتل کے اوس سمت کیطرف کو بھاگا تھا

# لکچر نمبر (۶)

## بابت ۱۲۸۰ و ضلع

رسالہ گذشتہ دیکھیے

## قرائن قبضہ مال مسروقہ

اس زمانہ مین مال مسروقہ کے کسی شخص کے خاص قبضہ یا اوسکی اختیار مین یا اوسکے مکانمین پائے جانے سے اوسکے سارق ہونیکا عموماً قیاس یا کم سے کم یہہ قیاس کہ اوس نے سارق سے باوجود علم سرقہ کے یہہ مال حاصل کیا ہے بہین کیا جاسکتا ہے۔ قدیم زمانہ کے قوانین دنیا مین صرف مال مسروقہ کے پائے جانے پر قرائن طرح طرح کے قیاسات مجرمیت جنکو فی زمانہ قیاسات کہنا زیادہ زیبا ہے سزا دینے کیواسطے کافی تھے یعنی قبضہ مال ہے دلیل ارتکاب سرقہ کی تھی قانون اسلام ہی کو یہہ فخر حاصل ہے کہ جہان اوس نے ہزاروں باریکیوں کو اپنی فیض رسانی و دوستی سے نابود کیا وہان خاص اس مسئلہ خاص پر بہی توجہ کی۔ یعنے تمام دنیا کے قوانین مین قانون اسلام ہی ایسا قانون ہے جسمین سب سے اول اس مسئلہ کے نسبت معقول قاعدہ تہا دستاویز

کیونکہ وہ بہت تھکی ہوی تہی دن بہر بازار مین پہرتی رہی اور رات کو ناچتی رہی اور نیز کہتی ہیں ہو گی
پڑی پہری - ایک جوتی کا باہر ملنا اور ایک کا پاؤن مین اس قیاس کو پیدا کرتا ہے -

ملزم کے اس بیان سے کہ اوس نے عورت سے جماع کیا تہا یہہ قیاس کرنا کہ جماع بلا
مرضی ہوا ہوگا اور اوسکے چہپانے کے لئے ملزم نے اوسکو مار ڈالا ہوگا ایک ظن محض ہے
ان باتون سے کہ تمام رات وہ عورت ملزم کے ساتہہ رہی تہی اور وہ اوسکے پہلے
سے آشنا تہی اور اوسکے اون کپڑوں کے دیکہنے سے جو اوس نے میڈم ڈیلا کے
مکان مین اوتارے سے ہی معلوم ہوتا تہا کہ جماع اوس سے پہلے واقع ہو چکا ہے اور
کپڑوں کے بدلنے کے وقت اوس نے کوئی شکایت نہیں کی بلکہ وہ خوش و مسرور تہی ان امور کے
قیاسات و قرائن سے ظن مذکور ہی بالکل مردود ہو جاتا ہے - علاوہ اسکے یہ بہی ثابت
ہوا کہ گہاس پر خون کے قطرے ملے وہ شبنم پر اس طرح پڑے ہوئے تہے کہ اون سے
پہلے شبنم پڑ چکی تہی اور شبنم و خون باہم نہیں ہوئی تہی جس سے یہ قطعی معلوم ہوتا تہا کہ وہ
نشانات خون بے اصل ہین کیونکہ اسکی کوئی دلیل نہین تہی کہ بعد گرنے خون کے شبنم
پڑی ہو اسوجہ سے کہ وقت کے حساب سے یہ ثابت ہوتا تہا کہ بعد گرنے خون کے
شبنم گرنے کا وقت نہیں رہا تہا - یہ بہی واضح ہوا کہ پاؤن کے نشانات گہاس کے
دوسری طرف نہین پائے گئے جہان بلاشبہہ فریقین رات کے وقت تہے -

پس اگر یہ قرائن نہ بہی ملزم موجود نہوتے تو اوسکی مجرمیت اور سزا اسکے موت
پانے مین کوئی شک باقی نہ رہتا -

ایک [illegible] اسیر [illegible] ڈاکہ زنی [illegible] اور [illegible] کی [illegible] اوسکو
چور [illegible] کہ قبضہ جدید مال مسروقہ سے
[illegible] ہو گیا کہ وہ [illegible]
[illegible] مذکور [illegible] سے اوٹھا کر لیجاکر [illegible] کسی
[illegible] ایسا [illegible] کی [illegible] ہوتا ہے
[illegible] وہ [illegible] کو دیتے ہیں لہذا [illegible] کو [illegible]
[illegible] مسئلہ قبضہ جدید مال مسروقہ کی بابت کی تشریح ہوتی ہے
[illegible] کیا جائیگا کہ قابض مال مذکور نے خود اوسکو
مسروقہ کیا ہے۔ اگر [illegible] حال [illegible] اوسکی [illegible] کا قیاس [illegible]
نہ تو محض بسبب [illegible] مال کی بنا پر قابض کو جرم سرقہ کی سزا دینی لازم ہوتی ہے۔
[illegible] یہاں [illegible] قیاس جو قانون انگلستان نے محض قبضہ جدید مال
مسروقہ کی [illegible] قائم کیا ہے کسی طرح درست نہیں ہے بلکہ قیاس معہ الفاظ
[illegible] ہی [illegible] ہے۔

۲۔ ممکن ہے کہ جہان شہادت [illegible] حال یا شہادت صریح کی شخص قابض مال
مسروقہ کی نسبت [illegible] کہ اوس شخص نے [illegible] سرقہ کا ارتکاب کیا ہے
تو البتہ [illegible] کا قبضہ جدید مال مذکور ہی ایک قوی قرینہ اوسکے چور ہونیکا
ہو سکتا ہے نہ عموماً ہر حالت میں [illegible] کی برکت سے ہندوستان کا
قانون [illegible] ہے کہ اگر مال مسروقہ کسی کے قبضہ میں پایا جاوے تو اوسکو
اوسکے لینے ہی کی [illegible] اوس حالت میں دیکھا ہے جب اوس مال کو اوس کے
اوسکے مسروقہ ہونیکے علم کے ساتھ لیا گیا ہو۔ محض قبضہ مال کی بنا پر قابض کو
جرم سرقہ کا مرتکب و فاعل قرار نہیں دیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ قبضہ کی طبعی یا معمولی
کچھ حالت [illegible] نہیں ہو سکتی ہے کہ جو شخص کسی مال کو قبضہ میں لے وہ اس سے
واقف ہو جاوے کہ وہ مال کہاں سے اور کسطرح حاصل کیا گیا ہے۔ یہ صحیح ہے کہ
بعض اشیاء اس قسم کی ہوتی ہیں کہ اونکی وضع یا دیگر نشانات ایسے ہوتے ہیں کہ وہ
ایک محل یا شخص خاص سے متعلق ہوتی ہیں اور اونکے اوس محل یا اوس شخص کے سوا

کیا گیا ہے جو کتاب السرقہ کے [illegible] اہل شرعی کو بغور دیکھنا ہے [illegible] احکام سے
مسئلہ [illegible] متعلق [illegible] کی [illegible] کا قائل ہو جانا ہے [illegible] مال [illegible]
و احتیاط معقول ہے کہ [illegible] ارتکاب سرقہ اور مال مسروقہ کے [illegible] میں رکھے پائے
[illegible] میں فرق [illegible] کا [illegible] قیاس کی [illegible] اور یہ شکر ہے
کہ ہمارے زمانہ میں دنیا [illegible] ملک کے قانون میں [illegible] فرق [illegible]
[illegible] اسلام [illegible] ملک [illegible]
قانون [illegible] اہتمام [illegible] رکھا گیا ہے

انگلستان کے [illegible] عدالت کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں [illegible]
مال مسروقہ کے نام سے ایک اصول [illegible] ہے کہ مال مسروقہ کا [illegible]
قابض [illegible] ہے [illegible] ہم [illegible] ان کا [illegible] خاص
اس بحث کی [illegible] ہم پھر اس مقام پر [illegible] ہیں کہ اور [illegible] مسروقہ
وغیرہ [illegible] قیاس [illegible] مال مسروقہ کے قبضہ جدید سے پیدا ہوتا ہے [illegible]
قرائن حال سے جن سے قیاس مخالف پیدا ہو وہ [illegible] ہو سکتا ہے [illegible]
میں مال مسروقہ کسی شخص کے قبضہ میں پایا جاوے اور قرائن حال سے معلوم ہوتا ہو کہ
سارق دوسرا شخص ہے پس اگر کوئی قیاس مخالف پیدا ہو [illegible] مال مذکور [illegible]
سارق قرار دیا جاوے گا۔ چنانچہ ایک عورت اور [illegible]
سرقہ کے [illegible] میں ماخوذ ہوا [illegible] یہ ثابت ہوئی کہ [illegible]
مذکور کے گھر میں وہ [illegible] ملی تھی [illegible] مال مذکور کی بنا پر عورت سے
[illegible] کی بحث کی گئی عدالت نے تجویز کیا کہ وہ قیاس جو [illegible]
مال مسروقہ سے پیدا ہوتا ہے وہ اس عورت کی نسبت بنظر اس قرینہ حال کے
کہ جہاں سے وہ [illegible] چرائی گئی وہاں مرد کے قدم کے نشان ہیں نہ عورت کے اسلئے
قیاس مذکور مرد [illegible] ہوتا ہے۔

ایک اور مقدمہ میں ایک اور عورت [illegible] چوری میں ماخوذ ہوئی واقعات یہ تھے
کہ ایک رات کو پانچ بڑے بڑے بھاری [illegible] ایک [illegible] کی دوکان سے چوری ہو
گئے تھے اور [illegible] دوسرے دن اس عورت نے ان [illegible] میں سے [illegible]

... سکے اور سکے کسی دشمن نے مال مسروقہ رکھدیا ہے یا کسی اور شخص نے رکھوا دیا ہوگا کیونکہ مکان مذکور میں ہوا سکے ملزم کے اور دوسروں کی بھی آمد و رفت ہے۔

ملزموں کے چال چلن یا سزایابی سابق کے بنا پر اکثر یہ قیاس کر لیا جاتا ہے کہ وہ جرم حال کے بھی مرتکب ہوئے ہیں اس خاص امر میں اکثر غلطیاں ہوئی ہیں اور [illegible] اگر جو فرد قرار داد جرم ملزم پر قائم کیا جاتا ہے اوسکی حد سے [illegible] [illegible] معقول [illegible] قاعدہ یہ ہے کہ جب تک جرم زیر تحقیقات کی نسبت اسباب کی شہادت پیش ہو کہ ملزم [illegible] کیا ہے اوسوقت تک ملزم کے چال چلن کی بنا پر کوئی قیاس ہی قائم کیا جاتا ہے کیونکہ ملزم کا چال چلن ایک [illegible] فریعہ واسطے اندازہ صداقت اوس شہادت کے ہے جو مقدمہ زیر تجویز میں اوسکے خلاف پیش ہوئی ہے جب تک وہ شہادت پیش نہو چال چلن پر توجہ کیجا سکتی ہے نہ اوسکے کوئی وقعت ہوتی ہے

ملزم کی نیک چلنی پر بھی اوسیوقت توجہ ہوتی ہے جبکہ ارتکاب فعل کی شہادت میں شبہہ ہو۔ پس بغیر پیش ہونے شہادت کے نہ ملزم کی بدچلنی پر کوئی قیاس کرنا جائز ہے اور نہ جب تک شہادت پیش شدہ میں شبہہ ہو ملزم کی نیک چلنی پر کوئی قیاس ہوسکتا ہے۔

یہ قدیم معقول قاعدہ یاد رکھنا چاہئے کہ شبہہ ہمیشہ فوجداری مقدمات میں ملزم کے مفید ہوتا ہے۔ شبہہ مذکور سے مراد معقول اور واقعی شبہہ مراد ہے نہ وہمیات۔ کم سے کم شبہہ کی قوت ایک گواہ کی شہادت کی قوت سے یا اون قرائن میں سے جنکی بنا پر اثبات جرم جائز ہے ایک قسم یہ کی قوت سے کم نہ ہونا چاہئے۔ یہ ہی ایک ایسا معقول موازنہ ہے جس سے بہتر آج تک نہیں پایا گیا۔

یاد رکھنے کے قابل ایک یہ قاعدہ ہے کہ جہاں جس واقعہ کی وجہ ثبوت صریح عمداً رکھ لیجاے اور پیش نکیجاے اور وجہ ثبوت بعتبر قرائن حال ہی پیش کیجاے تو وجہ ثبوت بعتبر قرائن حال نہ قبول کیجاے گی نہ اوسپر اعتماد کیا جاے گا۔

۵۳

اور جگہہ یا اور شخص کے پاس پایا جانا ارتکاب جرم کا گمان پیدا کرتا ہے لیکن یہہ شی ایسی نہین ہے جسکی نسبت قبضہ مین لیتے وقت اوسکی نسبت کسی جرم کے ارتکاب کئے ہونے کا خیال کیا جاوے پس محض قبضہ مال ہی کی بنا پر نہ قابض کے نسبت یہہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ وہ سرقہ کا مرتکب ہوا ہے نہ یہہ ہوگا یہہ قیاس کیا جاسکتا ہے کہ وہ اوسکا مسروقہ ہونا جانتا ہے۔

وہ قبضہ جسکی بنا پر مال مسروقہ کی نسبت قیاس مذکور پیدا ہوتا ہے قبضہ حقیقی اور خاص ہونا چاہیئے یعنے ایسا ہو کہ گویا وہ مال خاص اوسی کے ہاتھہ مین یا جیب مین یا اوسکے ایسے صندوق خاص یا مقام خاص مین ہے جسمین بسر اوسکے اور کسی شخص کا دخل بغیر اوسکے علم و رضامندی کے ناممکن ہو۔ اگر ایسا خاص قبضہ نہ پایا جاوے تو قبضہ مال پر کوئی قیاس مجرمیت کا قایم نہیں کیا جاسکتا ہے۔

چند مقدمات ریلوے کے مخصوص مال و اسباب کی نسبت الہ آباد ہائیکورٹ مین تجویز ہوچکے ہین جنمین مال مسروقہ کے لینے یا رکھنے کی بابت ہوئی ہے اور قبضہ خاص کی تنقیح ہوئی ہے۔ اونمین تجویز ہوا ہے کہ گو مال کی ساخت خاص کی خصوصیت بادی النظر مین ہر شخص یہی باور کریگا کہ یہہ خاص مال (مثلاً ریلوے کے لوہے کی پٹریاں یا انجن کے آلات یا دیگر آلات یا مخصوص لالٹین یعنے قندیل یا تاربرقی کے ٹکڑے وغیرہ) جو خاص ریلوے لائن ہی کے واسطے بنایا گیا ہے اور بازار مین فروخت نہین ہوتا ہے نہ عوام کے لئے بنایا جاتا ہے نہ کوئی خاص شخص اپنے لئے بناتا یا ہوتا ہے بجز ارتکاب جرم سرقہ اور کسی طرح حاصل نہیں ہو سکتا ہے اسلئے جو شخص ایسے مال کا قبضہ حاصل کرے اوسکی نسبت اول یہی قیاس کیا جائیگا کہ وہ اوسکے بطور ناجائز حاصل کرلینے سے واقف ہے لیکن مال مسروقہ کے رکھنے یا لینے کی سزا کے لئے یہ قیاس ہی کافی نہین ہے بلکہ یہہ ثابت ہونا لازم ہے کہ وہ مال حقیقی اور خاص قبضہ غیر مشترکہ حاضر ملزم مین رہے۔ ایسے مکانون جہان سوائے ملزم کے اور کسی شخص کا بھی گذر ہوتا ہو مال کا ایک خاص مخصوص مقام پر پانا قابض مکان کو مجرم بنانے کے لئے کافی نہین ہے کیونکہ جس طرح قابض کی نسبت یہہ قیاس کیا جاتا ہے کہ وہ مال اوس نے لیکر رکھا ہے اوسی طرح بدرجہ مساوی یہہ بھی قیاس ہوتا ہے کہ قابض مکان کو ماخوذ کرانے

# لکچر نمبر (۷)

## بابت سنہ ۱۳۰۳ فصلی

سلسلہ کے لئے اس سے پہلے رسالہ کو دیکھو

## اصول موازنہ شہادت

## قیاسات طبعی یعنے عقلی

قیاسات قانونی قطعی و قابل تردید کا بیان پہلے لکچرون مین کیا گیا ہے اب قیاسات غیر قانونی جسکی تعریف قیاسات طبعی کیگئی ہے کیا جاتا ہے ۔ قیاسات قانون نے اختراع نہین کئے اور نہ قانون مقتضی اسبات کا ہے کہ انکو استنباط کرے بلکہ انکو عقل سلیم استنباط کرتی ہے اور قانون کی روسے اون پر عمل کرنا جایز ہے وجہ ثبوت سے مجوز کے دلپذیر موثر ہونے سے اوسکی عقل جو اس قسم کے قیاسات کے استنباط کی مقتضی ہوتی ہے ۔ گو مجوز پر کسی خاص حالت مین ایسے قیاس کا استنباط کرنا واجب و لازم نہین ہے لیکن بلا شک و شبہ اوس صورت مین قیاس مذکور کا استنباط کرنا بموجب ہدایت فراست و عقل سلیم اور ذہن مستقیم کے مجوز کو نہ صرف جایز ہوتا

۵۱

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اجرای کے رستے ربط پیدا کرتے ہیں بعض وقت سخت قباحت و خلل
حالات کی پیدا ہو جاتی ہے۔ جن صورتوں میں لزوماً یا معمولاً حالات تحولی مربوط
ہوں او نہیں ان قیاسوں کی ضرورت نہیں ہے۔ خود انسان کی عقل سلیم اور تجربہ
واجبی نتائج کے استنباط کا مقتضی ہوتا ہے کہ ان قیاسات طبعی کو اہمیت [illegible]
دی جاوے جسکو تجربہ جائز رکھتا ہو۔ یعنی خواہ انکو از روے جملہ قرائن حالات
متعلقہ مقدمہ کے منظور مستحکم کیا جاوے یا مسترد کیا جاوے۔

اور اسبات کا بھی لحاظ رکھنا ضرور ہے کہ وہ قیاسات جو تحقیقات واقعی
ایسے امور کے مقتضی ہوں جو اکثر عدالتوں میں تنازعہ فیہ ہوا کرتے ہیں ایک عام
قسم کے ہیں اور شاذ و نادر ہے قطعی ہوا کرتے ہیں۔ پس جملہ قیاسات خصوصاً قیاسات
قوی ہمیشہ علم بشر پر مبنی ہوتے ہیں کیونکہ کسی شخص کی نیت اوسکے افعال سے اور ارادے
نیت سے دریافت کئے جاتے ہیں۔ ذی شعور انسان کو اپنے افعال کا نتیجہ مقصود
ہوتا ہے۔ اور جو انسان عقلمند ہے وہ اپنی بھلائی چاہتا ہے۔ اور اگر اوسنے
کسی دین کو ادا کیا یا واجب الادا ہونے کا اقرار کیا تو قیاس کیا جائیگا کہ فی الواقع وہ
دین دار ہے۔ اگر وہ خود کسی جرم کا مرتکب مجرم ہونا قبول کرے تو سمجھا جائیگا
کہ اقبال جرم راست و درست ہے کیونکہ وہ بغیر کسی غرض کے کسی جرم یا ایسے
کام کا جو اوسکے مضرت کے طرف منجر ہو مرتکب نہوگی۔ اور اوس قسم کے قیاسات
وجہ ثبوت بقراین حال کے قریب قریب جملہ صورتوں میں مفید ایسی ایک دلیل
کے ہوتے ہیں جو واسطے انکشاف صدق کے از بس ضروری تصور کیجاتی ہے
لیکن وہ اسصورت میں محض اپنی اوس ذاتی تاثیر کے بموجب جواز روی تجربہ کے
مقرر اور محقق ہے کارگر ہوتے ہیں۔ باایں ہمہ وہ اسطرح کے ناطق اور قطعی نہیں
ہوتے جو اصل ایک قاعدہ اختراعی ایسا نہیں کہ جو ہمیشہ علی سبیل الاستمرار ہوتا
رہے۔ یہہ یاد رکھنا چاہیے کہ جملہ قیاسات طبعی تجربہ پر مبنی ہیں۔ چونکہ کاروبار
انسانی اسقدر بے انتہا پیچیدہ اور مختلف ہیں کہ حالات خاص میں ہی [illegible]
درمیانی تعلق و ارتباط ضروری یا معمولی کا ایسا تجربہ حاصل ہونا غیر ممکن [illegible]
جو آسانی امور میں ہی بنیاد بادی النظری قیاس کے ہو سکے پس قیاسات طبعی کی

بلکہ اوسپر واجب اور لازم ہوتا ہے۔ فراست انسانی تجربہ سے مطابق صورتہاے
متعدد میں بہی اور قیاس کے استنباط کی مقتضی ہوتی ہے اور یہہ جائز ہوجاتا ہے کہ تجویز کرے کہ اس
صورت خاص زیر تجویز کے امور میں بہی وہی ارتباط و تعلق موجود ہے جو اس سے
پہلی صورتوں میں موجود رہنا ثابت ہو چکا ہے۔

وجوہ قیاسات طبعی کا یعنے اونکا جو حقیقت حال سے تجربہ کی رہنمائی سے عقل و
فراست استنباط کرتی ہے اسپر منحصر ہے کہ ذہن میں وثوق اذعان جو اون تعلقات
سے مستنبط ہوں جو بذریعہ تجربہ کے معلوم ہوئے ہیں پیدا کرنے میں موثر و کارگر ہو

یہہ قیاسات تعلقات و ارتباطات اختراعی قانونی سے بالکل جدا ہیں اور وہ
اون قیاسات سے جو محض باعتبار حکم قانون کے مستنبط ہوتے ہیں اسوجہ سے
علیحدہ ہیں کہ وہ قیاسات اوسی ایک خاص قاعدہ قانونی پر منحصر ہیں جو اون سے
متعلق ہے یا یہہ کہہ سکتے ہیں کہ وہ قیاسات خود قانونی قاعدہ کی قسم وضع ہیں
لیکن طبعی قیاسات کلیتاً تجربہ عام نوع بشر او مشاہدہ کاروبار عالم طبیعت اور
معمولات و عادات خلایق سے مستنبط ہوتی ہیں اسلئے یہہ قیاسات جب بعد ثابت
ہوجانے حقایق کے تعلق پذیر کئے جاتے ہیں تو قانون سے بالکل مستغنی ہوتے ہیں
یہہ قیاسات اپنی کیفیت اور تاثیر میں قائم و باقی رہتے ہیں کیونکہ حقیقت حال
واقعی پر مبنی ہیں۔ قیاسات اختراعی یعنے قانونی بلا لحاظ وجود واقعی حقیقت
حال کے اصول مصلحت اندیشی و منفعت عامہ کی بنا پر قائم ہوئے ہیں اور
اسوجہ سے وہ بہی صدق واقعی کے مخالف ہونگے اور اس سے یہہ لازم آتا ہے
کہ قیاسات اختراعی بموافقت اصول منطق کے قائم نہیں ہوسکتے ہیں۔ گو قیاسات
قانونی بہ لحاظ فائدہ کے ہیں اور قیاسات غیر قانونی سے بدرجہا بہتر ہیں تاہم اونکا
حقیقت حال کے مطابق ہونا دشوار ہے کیونکہ قیاسات قانونی اگرچہ بطور قواعد
عام قابل العمل کے معین و مقرر ہیں لیکن وہ بعض حالات میں اکثر واسطے تحقیق صدق کے
بے ثبات اور غیر متعین مسائل ہیں اسی لئے ایسے موقع پر جہان قانون کا تعلق پذیر
کرنا اصل حقیقت حال کے برخلاف قرین نا انصافی ہو تو وہ قابل عمل نہیں ہیں۔
چنانچہ مقدمات فوجداری میں اور نیز جنہیں حالات مربوط نہیں ہیں اونمیں قیاسات

کوشش کیجاتی ہے

اول ارزوی یا سوجہ ثبوت کہ جو حالات موجودہ سے مستنبط ہو اور اوسکو وجہ ثبوت واقعی یا وجہ ثبوت صورت حال کہتے ہیں یعنے اشیاء کی یا انسان کی وہ حالت جس سے دوسرا ایک واقعہ کا واقع ہونا صورت حال سے قطعا ثابت ہوتا ہے یہہ صامت یعنے گونگی و بیزبان صورت حال کی شہادت کہلاتی ہے مثلاً اگر دو مہینے کی عمر کے بچہ کی لاش کسی تیز آلہ سے ٹکڑے ٹکڑے کی ہوئی ملے تو یہہ صورت اسکی شہادت قطعی ادا کرتے ہے کہ اوس بچہ کو کسی بیرحم ظالم نے قتل کیا ہے بچہ نے خودکشی نہین کی کیونکہ اوسکی عمر اسکی شہادت دیتی ہے کہ وہ ایسا فعل کرنے کے ناقابل تھا۔

دوم ملزم کے کسی اطوار و رفتار یا فعل ارتکاب جرم سے ۔

سوم اوسکے اطوار و رفتار مابعد ارتکاب جرم سے ۔

پہلے امر کی نسبت بہت کچھہ شہادت بقرائن حال کے لکچر مین بیان ہوچکا ہے اوسی پر رجوع کرنا چاہیے یہان اس بحث کے سمجھانے کے لئے بہت مختصر بیان کرتے ہین۔

بلاشک حالات موجودہ بعض وقت گو نادر ہون مگر وجہ ثبوت قطعی ہوتے ہین مثلاً ایک عورت قتل ہوئی اور اوسکے بائین بازو پر کسی بائین خون آلودہ ہاتھہ کا نشان ہے تو یہہ نشان اسبات کا قطعی ثبوت ہے کہ قتل کے وقت یا بعد قتل کوئی اور شخص وہان موجود تھا کیونکہ کسیکے بائین بازو پر خود اپنے بائین ہاتھہ سے ایسا نشان ہونا غیر ممکن ہے ۔ پس ان حالات سے مقتول کے سوائے اور شخص کا موجود ہونا قطعی ثابت قیاس کیا جائیگا ۔ اور یہہ قیاس طبعی قطعی اور معقول ہے صریح گواہون کی شہادت سے بھی قوی ہے کیونکہ پر بے اعتباری کا مظنہ ہے اور اس نشان پر نہین ہوسکتا ۔

مثلاً ایک آدمی کی لاش ملی جو گولی کے لگنے سے مرگیا ہے اور اوسکے پاس ایک تمنچہ بھی پڑا ہو مگر جو گولی باعث ہلاکت ہوی ہے وہ اسقدر بڑی ہے کہ تمنچہ مذکور سے نہین ماری جاسکتی تھی تو حالات موجودہ اسبات کے قطعی ثبوت

بنیاد کیونکر ہوسکتا ہے۔ ان قیاسات کی تحریر سے تجربہ اسقدر ورثہ کہ تجربہ
کی رو سے عدم ناشرا ون قیاسات کی ظاہر ہوتی ہے کیونکہ قیاس کلی اور عام
اکثر نا راست اور غلط ہوتا ہے۔ مثلاً کوئی مادہ قیاس زیادہ تر کثیر الوقوع اس
مادہ سے نہیں ہے کہ سرقہ کے بعد مدعی مال مسروقہ شخص ملزم سرقہ کے قبضہ
جدید میں پایا جائے اور تجربہ قانونی میں کسی حالات کو بہ نسبت اسکے زیادہ تر
ارتباط و تعلق باہمی نہیں ہے جیسا کہ مال مسروقہ کا شخص فرد کے قبضہ جدید
مین رہنے کا اس امر سے ساتھ ہے کہ اوس نے مال کو چورایا ہے۔ باایں ہمہ
گو تعلق و ارتباط مذکور اکثر اور بیشتر ہوا کرتا ہے لیکن وہ کسی طرح ضرور و لازمی
نہیں ہے جیسا کہ تجربہ سے ثابت ہوا ہے۔ اسلئے کوئی قیاس اختراعی اوپر
ایسے تعلق و ارتباط کے مبنی نہین ہوسکتا ہے۔ یہہ سچ ہے کہ تعلق مذکور
کو قانون نے ظاہر رکھا ہے اور حاکم مجوز اکثر اوسکی کیفیت اور قوت پر تجویز کرتے
ہین۔ مگر کوئی قوت و اعتبار اختراعی یعنی اعتبار قانون کا اوسکے ساتھ
منضم نہین ہے۔ اسی لئے قاعدہ یہہ ہے کہ جب تک مجوز کو شخص ملزم کے
نسبت واقعی ارتکاب جرم کا اطمینان و یقین کامل نہو اوسوقت تک اوسکو مجرم
سرقہ قرار نہین دیا جاتا ہے۔ اسیوجہ سے قیاسات اختراعی مقدمات فوجداری
مین بحیثیت وسائل ثبوت بےخطر کے قائم نہین کیئے جا سکتے ہین۔ کسی بیگناہ شخص کو
مجرم ٹھرانا نہایت ظلم و بیدادی ہے اسی بنا بر مقدمات فوجداری کی تجویزات کے
لئے یہہ ایک مشہور اور عام اصل قایم کر دی گئی ہے کہ "دس مجرمون کے چھوڑ
دینے سے بھی ایک بیگناہ کو سزا دینا بدتر امر ہے۔"

شہادت بہ قراین حال کے بحث مین یہہ بیان ہو چکا ہے کہ قراین حال اور
نیز قیاسات طبعی یا شہادت صریح پیشتر کی صداقت کی آزمایش کے لئے عمل ہوتا ہے
یا جب کوئی صریح شہادت پیش نہو وہان اون پر عمل کیا جاتا ہے۔

فوجداری مقدمات مین جہان مجرم کا اقرار ارتکاب جرم یا شہادت صریح شہود
کی موجود نہین ہوتی ہے اونمین اسطرح کے قیاسات پر اکثر رجوع کیا جاتا ہے اور
مندرجہ ذیل صورتوں مین سے ایک مادہ یا تینوں کی رو سے مجرم ٹھرانے کے

ہیں وہ قطعی اور مستحکم ہو سکتے ہیں لیکن جو نتیجہ اون سے اخذ کیا جاتا ہے وہ قطعی و ناطق نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اشیا بے زبان وغیرہ ذی روح ہیں وہ اپنی حالت و صورت موجودہ کی بابت صیح نہیں کہہ سکتے ہیں کہ یہہ کیونکر پیدا ہوئی (اسیواسطے اونہیں تنہا کو جو گواہ اداکرتے ہیں سب قسم کی شہادتوں پر اخذ نتائج کے نسبت ترجیح ہے نہ صرف موجودہ حالت و صورت اشیا سے بلکہ موجودہ صورت حالات سے بہی جو قیاسات مستنبط ہوتے ہین مستحکم ہوتے ہین لیکن جو نتائج نکالے جاتے ہین وہ صحیح نہین ہوتے اسلئے ایسے نتائج پر عمل کرنا خطرہ سے خالی نہیں ہو سکتا ہے اور اسی لئے اونکو ناطق و قطعی نہین کہا جا سکتا ہے۔ مثلاً۔ ایک مقدمہ مین ایک خادمہ بی بی کے قتل کرنے کا الزام لگایا گیا اور کوئی گواہ معائنہ واقعہ کا موجود نہ تھا صرف حالات یہہ تہی کہ "مکان کے اندر سوائے مقتولہ اور اوس خادمہ کے اور کوئی نہ تہا اور دروازہ اور دریچے سب بالکل بند تہے اور مکان معمولی قاعدہ سے بالکل بند اور محفوظ تہا"۔ ان حالات موجودہ پر عدالت نے یہہ قیاس قائم کیا کہ حالات موجودہ مین کسی اور شخص کا مکان مین گہس آنا غیر ممکن ہے اور اس قیاس سے نتیجہ یہہ نکالا کہ خادمہ ہی قاتل ہے اور اوسکو قاتل قرار دیکر سزاے موت دیگئی مگر بعد ازان اوس بی بی کے اصل قاتلوں مین سے ایک کے بیان سے یہہ معلوم ہوا کہ جس مکان مین اوسکو قتل کیا تہا اوسکے پاس ایک اور مکان تہا دونوں مکانوں کے دریچوں مین ایک لنبا تختہ رکہکر قاتل داخل ہوئے اور بعد ارتکاب قتل اسی راستہ سے چلے گئے اور تختہ کو بہی اوٹہا لائے اور کوئی نشانی یا علامت نہین چہوڑی۔

دیکہنا چاہئیے کہ جب ایسی صورت مین ہی نتیجہ قطعی نہین ہو سکتا ہے تو اس سے کم مربوط صورتو مین کیونکر ہو سکتا ہے۔ آخری نتیجہ کے قطعی اور ناطق نہونیکی یہ وجہ ہوا کرتی ہے کہ وہ امر مخفی جو اوس نتیجہ کا باعث ہوتا ہے معلوم نہین ہوتا اور اوسپر غور نہین ہوتا کہ آیا جو نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے وہ محض اون ہی حالات کا ہے جنپر قیاس مبنی ہے یا کسی اور سبب سے حالت ایسی ہو گئی ہے کہ جسکا نتیجہ بہی وہ نہین ہو بلحاظ ارتباط حالات مقتضی قیاس کے معمولاً نکلتا ہے کبہی نتائج کے نکالنے مین اور چہوٹی چہوٹی

۱۱۴

ہیں کہ وہ آدمی اوس تمنچہ سے نہین مارا گیا بلکہ کسی اور تمنچہ یا بندوق سے ۔ اور
جس سے مارا گیا ہے وہ تمنچہ یا بندوق لاش کے پاس موجود نہین ہے اور وہ
چیزین ذی روح نہین ہو جو خود حرکت کرین اسلئے قیاس قطعی ہوگا کہ کسی اور شخص نے
مارا ہے یا کوئی اوس ہتیار کو لیگیا ہے ۔

مثلاً جس وقت ایک مقام پر ایک جرم کا ارتکاب ہوا اوسوقت وہ شخص جسپر
اوس جرم کا الزام لگایا گیا ہے فی الواقع ایک ایسے مقام پر موجود تہا کہ ایک وقت
دونون مقاموں مین موجود ہونا غیر ممکن تہا تو صرف اس حالت موجودگی مقام دیگر سے
یہہ قطعی ثابت ہوگا کہ ملزم نے ارتکاب اوس جرم کا نہین کیا کیونکہ دو مقامات مذکورہ
مین ایک وقت مین انسان کا موجود ہونا محال ہے کس حالت موجودگی کی رو سے
وہ بے گناہ قیاس کیا جاوے گا ۔ اور یہہ قیاس قطعی ہوگا ۔

گو یہہ بالکل صحیح ہے اور تجربہ سے ظاہر ہے کہ اشیا کی حالت اور صورت سے
قیاسات کا استنباط ہو سکتے ہین لیکن نتیجے لازمی وقطعی ہر مقام مین یکسان نہین نکال
سکتے ہین ۔ مثلاً ایک دستاویز ایک مقدمہ مین ایسے کاغذ پر لکھی گئی تہی جسکا واٹرمارک
(وہ نشان ہے جو بوقت بننے کے آلی صورت کاغذ کیا جاتا ہے) اوسکی تحریر کے
تاریخ سے بعد کا تہا اس سے اطمینان کے ساتہہ یہہ قیاس استنباط ہوتا ہے کہ
جب کاغذ ہی کا وجود اوس سنہ مین نہ تہا جسمین وہ تحریر ہوئی تو وہ ضرور بعد اوس
سنہ کے لکہی گئی ہے جسمین کاغذ بنا ہے قبل بننے کاغذ کے اوس کاغذ پر لکہنا محال
تہا اسلئے وہ ضرور مصنوعی وجعلی ہے ۔ یہہ قیاس کہ وہ جعلی ہے اسصورت مین
بہت ہی مستحکم ہے لیکن ناطق وقطعی نہین ہے کیونکہ ایسی کئی صورتین پیش آئے ہین جسمین قیاس
جعلی ہونے کا غلط ہوگیا ہے چنانچہ لندن مین ایک حاکم عدالت انساونٹ نے
دیکہا کہ جس کاغذ پر وہ سنہ ۱۸۳۶ء مین لکہہ رہا تہا اوسپر واٹرمارک سنہ ۱۸۳۷ء کا تہا اسکی وجہ
یہہ تہی کہ کاغذ ساز کمپنی کے پاس جب سنہ ۱۸۳۶ء کا بنا ہوا کاغذ سنہ مذکور ہی مین خرچ
ہوگیا تو اوسنے وہ کاغذ سنہ آیندہ یعنی سنہ ۱۸۳۷ء کے لئے بنایا تہا اور اوسپر سنہ ۱۸۳۷ء
کا نشان تہا سرکاری محکمون جنمین وہ کاغذ پہونچانیکی ذمہ داری تہی بہیجدیا تہا ۔ (مارلی
صاحب کی ڈائجسٹ فصل ۳ ۱۲ شہادت) حالت اشیاء سے جو قیاسات مستنبط ہوے

# لکچر نمبر (۸)

## باب ۱۳ فصل ۳

نظائر کی کتابونمین چند مقدمات ایسے درج ہین جنمین قیاسات مستحکم اور نتائج مغائر حقیقت اور محض بیجا تہے۔

مثلاً ایک نقب زن نے ایک مکان کے دریچہ کو چہری سے کہولکر اندر داخل ہوا اور مال چرا کر نکل گیا تہا جسوقت اوس نے چہری سے دریچہ کہولا تہا تو اوس چہری کی نوک ٹوٹ کر دریچہ مین رہگئی تہی وہ صبح کو ملی اور تلاش و تحقیق کے بعد ایک شخص کے پاس ایک ایسی چہری ملی جسکی نوک تازہ ٹوٹی ہوئی تہی اور جو نوک ملی تہی اوسکو ملانے سے معلوم ہوا کہ یہی ٹکڑا اسی چہری سے ٹوٹ پڑا ہے اور سمجہا گیا کہ یہہ ناممکن ہے کہ دو چہریان علیحدہ علیحدہ ٹوٹیں اور دونون ایک ہی جگہہ سے ٹوٹیں اور دونون کے ٹکڑے اور سب نشانات ایسے یکسان ہون کہ ایک کا ٹکڑا دوسرے سے ملجاے اور وصل مین کچہہ فرق ہو اسلیے قیاس یہہ کیا گیا کہ وہ ٹکڑا اوسی چہری کا ہے جو شخص مذکور کے پاس ہے لہذا نتیجہ یہہ ہے کہ وہی شخص نقب زن اور چور ہے۔

قوی اور معتبر صریح ثبوت سے ثابت ہوا کہ وہ نہ نقب زن ہے نہ چور ہے وہ چہری اوس نے واقعہ نقب زنی کی شب کی صبحکو ایک راستہ پر پڑی ہوی پائی تہی اسصورت مین بہی حالات موجودہ کے ارتباط کے لحاظ سے قیاس مستحکم تہا مگر نتیجہ محض نادرست تہا لیکن اگر ملزم چہری کا پانا ثابت نکرتا تو نہ قیاس کی تردید ہوتی نہ نتیجہ نادرست ہوتا۔

ایک مقدمہ مین ایک شخص بعلت جرم سرقہ اس قیاس پر گرفتار کیا گیا کہ اوسکے

اثر پیدا کر دیا ساتھ ہی ارتباط ایسا پیدا کر دیتی ہیں کہ ہوشیار سے ہوشیار انسان بھی اور ذہین غلطی سے نہیں بچ سکتا ہے اور حالات موجودہ کی تاثیر ذہن عام اور طبیعت نارسا پر بہانہ [illegible] طور موثر ہو جاتی ہے۔

اور بھی اسطرح کے بہت مقدمات ہین۔ بطور قاعدہ کلیہ کہا جا سکتا ہے کہ جسصورت مین کسی شخص کا ایسا مال جو اوسکے علم و رضا کے بغیر لیا گیا ہے کسی شخص کے پاس پایا جاوے تو شخص قابض پر لازم ہے کہ اسباب کو ثابت کرے کہ اوس کے وہ مال کیونکر پایا ورنہ قیاس یہہ ہوگا کہ وہ خود چور ہے مگر یہہ قیاس بھی مثل دیگر قیاسون کے بلحاظ حالات و کیفیت اشیاء مسروقہ کے اسقدر بے حد و پایان ہین کہ بیان نہین ہو سکتی - اور ضعیف و متغیر ہو سکتے ہین - مگر ہم اہم حالتونکا بیان کرنا کافی سمجہتے ہین چنانچہ درازی و مدت اوس زمانہ کی جو مال کے چوری جانے اور پہر ملنے کے درمیان مین گذری ہو کہ آیا بسبب انقضاء مدت مذکور کے مال مذکور کی شناخت مین بہت یا تہوڑا شبہہ پیدا ہوتا ہے یا یہہ کہ درمیان اوس مدت کے وہ مال بلحاظ اپنی نوعیت کے بارہا دست بدست منتقل ہوا ہوگا (مثلاً نقد وغیرہ کہ اوسکی شناخت نہین ہو سکتی اور وہ دمین چند بار ادہر اودہر آتا جاتا ہے) یا یہہ کہ بسبب درازی مدت کے قابض مال کو یہہ ثابت بیان کرنا کہ کہان سے اور کیونکر یہہ مال پایا نہایت دشوار ہو گیا ہے - ان کل امور کے ساتہہ مال مذکور کی نوعیت بھی ملحوظ رکہنی چاہیئے اور یہہ بھی دیکہنا لازم ہوگا کہ جسجگہہ سے اور جسوقت اوسکا چورایا جانا خیال کیا جاتا ہے اوس جگہہ کے قریب اور اوسوقت قابض کا موجود رہنا محتمل ہے یا نہین - اور شخص مذکور کے طریق و اطوار و کردار و افعال کا دیکہنا بہی تحقیقات کا جزو اصلی ہے یعنے یہہ کہ سرقہ سے پہلے اوسکے کیا اطوار تہے اور سرقہ کے بعد اوس مدت مذکور کے اندر کیسے ہین - جب تک مدعی دار مال علامات اور حالات ایسے نہ بیان کرے جس عدالت کا کامل اطمینان بنسبت شناخت و تعیین شی مذکور کے ہو اور ایسے حالات نہون جن سے اوسکے خلاف قیاس سرقہ کا پیدا ہو کسی چیز کے بنسبت قابض شی مذکور سے کوی سوال نہین کیا جا سکتا ہے نہ اوسکی نسبت گمان سرقہ کیا جا سکتا ہے نہ اوسکو مال مسروقہ لینے والا سمجہا جا سکتا ہے۔

مگر باوجود اسکے بہی جسصورت مین واقعہ اسقدر جدید ہو کہ یہہ موجب ہو سکے کہ اوسقدر زمانہ مین ویسی چیز چورا لینے کے سوا اور کسیطرح قابض حال کے قبضہ مین نہین آ سکتی تہی تو اوسصورت مین اگر شخص قابض اوس قیاس کے برعکس ثابت نکر سکے تو عدالت نتیجہ اخذ کر سکتی ہے کہ وہ شی مسروقہ ہے - مثلاً ایک خاص ساخت کا مال جو خاص ایک شخص سے

٦٧

چہرہ پر اوسی کنجی کا نشان ہے جو صاحب خانہ عورت نے ارتکاب سرقہ کے وقت چور کے موںہہ پر ماری تھی - فی الواقع کنجی کے دندانوں کے وہی نشان تھے بالکل مطابق تہے اور اونکی مطابقت سے یہہ ناممکن سمجہا گیا کہ وہ نشان کسی اور شے سے ہوئے ہین اسپر قیاس کیا گیا کہ وہ شخص جسکے موںہہ پر ارتکاب سرقہ کے وقت کنجی ماری تھی ملزم ہی ہے اسی قیاس پر اوسکو سزا دیگئی -

ایک مقدمہ مین شخص ماخوذ کی پتلون کا پیوند اور اوسکے بوٹ کا کانٹا اور اوسکے پاؤن یا دیگر عضو اون نشانون اور داغون کے مماثل اور مطابق تہے جو زمین پر تہے اور اس مطابقت پر قیاس کیا گیا کہ اوس زمین پر جس جرم کا ارتکاب ہوا ہے اوسکا مرتکب وہی شخص ہے - مگر اس قسم کے قیاسون کو نہ زیادہ وقعت دینی چاہیئے نہ وہ اوس شخص کو مجرم ٹہرانے کی شہادت کافی ہو سکتی ہین کیونکہ ایک دفعہ نہین بلکہ چند مقدمات مین یہہ ظاہر ہوچکا ہے کہ اہل تجربہ مجرمون نے بالقصد اور بیگناہ شخصون کے ماخوذ کرلے اور اپنے بچانے کے لئے اونکی جوتیان اور کپڑے پہنکر یا اونکے ہتہیار لیکر جرایم کا ارتکاب کرکے پہر اونہی کو دیدئے تھے یا جہان سے لائے تہے اوسی جگہہ رکہ دئے تھے -

سب سے قوی اور بہت ہی مربوط مقدمات سرقہ مین مال مسروقہ کے تازہ قبضہ قابض کے سارق ہونے کا قیاس کیا جاتا ہے - لیکن یہہ قیاس بہی قطعی نہین ہے بہت سے مقدمات مین یہہ قیاس محض بیجا اور نادرست ثابت ہوا ہے - چنانچہ ایک شخص ذی عزت کے پاس ایک ناچ گھر مین لوگون نے وہ طلائی گہڑی دیکہی جو چند ساعت پہلے اوسکے محلہ کے ایک آدمی کے چوری گئی تھی اسپر قابض گہڑی پر سرقہ گہڑی کا قیاس کیا گیا لیکن تحقیق سے معلوم ہوا کہ وہ گہڑی جس شخص نے فی الحقیقت چرائی تھی چرانے کے بعد ہی خوف گرفتاری کے سبب پہینک دی تھی اور شخص قابض نے راستہ مین پائی -

ایک اور مقدمہ مین ایک بیگناہ مزدور بعلت سرقہ اس بنا پر گرفتار ہوا کہ سرقہ سے چند دقیقہ کے بعد مسروقہ تہیلی اوسکے ٹوکرے مین تہی جسکو وہ اپنی سر پر رکہے ہوئے چلا جاتا تہا - تحقیق سے معلوم ہوا کہ جسوقت وہ تہیلی دکان سے چرائی گئی تہی اور فوراً ہی پکڑو پکڑو کا شور وغل ہوا اصل چور نے خوف سے اوس مزدور کے ٹوکرے مین وہ تہیلی ڈال دی -

قایم کرنے کے لئے ہے ۔ ملکہ معظمہ بنام موتی جولاہا ویکلی رپورٹر جلد ۵ صفحہ ۶۶ ۔
سب سے پہلی اور حال کی نظیرین سب نظایر ہندوستان اور انگلستان پر غور
کرنے کے بعد دانشمندی کے ساتھ کلکتہ ہایکورٹ نے حسب ذیل تجویز کیا ہے ۔

حالات مقدمہ یہہ ہیں کہ مدعی کے مکان مین ۱۰ اکتوبر ۱۸۶۳ع کو نقب زنی ہوی
او مکان سے ایک پیتل کا گلاس چورایا گیا ۔ تجویز کیوقت کوئی ایسا امر ثابت نہین ہوا
کہ جسکی وجہ سے ملزم کے نسبت جرم نقب زنی منسوب کیا جاسکے ۔ لیکن مدعی اور
ایک اور شخص مسمی گرودیسٹرن نے جسنے بہ حیثیت عہدہ دار پولیس تفتیش کی تھی یہہ شہادت دی
کہ ملزم نے بوقت تحقیقات پولیس مقدمہ جو ماہ ستمبر ۱۸۶۲ع مین ہوی تھی گلاس ایک جنگل
سے جو اوسکے گہر کے قریب تہا نکال کر دیا ۔ گلاس مذکور کی ساخت کہگئی اور
وہ مدعی کا معلوم ہوا ۔ ملزم نے کوی شہادت سواے شہادت نیک چلنی کے طلب
نہین کرائی صرف ایک بیان جسمین نامبردہ نے کہا کہ گلاس مذکور خود اوسی کا مال ہے
اور اوس نے بیان کیا کہ پولیس نے اوسکے چہوٹے لڑکے سے جو گلاس سے جنگل
مین کہیل رہا تہا گلاس کو لیکر یہہ الزام لگایا ہے ۔

اسیسرون نے یہہ تصور کیا کہ ملزم کی نسبت تجویز ثبوت جرم حسب دفعہ ۴۱۱
تعزیرات ہند ہونی چاہیئے اور یہہ راے ظاہر کی کہ چونکہ ملزم کوی ثبوت اپنے اس
بیان کا نہین دے سکا کہ وہ گلاس اوسی کا مال ہے لہذا وہ مجرم ہے ۔

عدالت سشن ضلع نے اپنی تجویز بعبارت ذیل صادر کی ۔

یہہ ایک مقدمہ منجملہ اون تین مقدمات کے ہے جنمین ملزم کی نسبت تجویز اثبات
جرم تشتن حال مین ہوی ہے اسلیئے وہ ارتکاب جرم کا عادی معلوم ہوتا ہے
تجویز اثبات جرم حسب دفعہ ۴۱۱ تعزیرات ہند کیجاتی ہے کہ یہہ دفعہ بہ نسبت
دفعہ ۴۵۷ کے زیادہ متعلق ہے کیونکہ کوی ایسا امر موجود نہین ہے کہ جسکی وجہ
سے ملزم سے خاص جرم نقب زنی منسوب کیا جاسکے اور وقت سرقہ اور
برآمدگی مال کے درمیان مین تخمیناً ایک سال کا عرصہ گذر گیا ہے ۔ عدالت باتفاق
راے اسیسران یہہ تجویز کرتی ہے کہ اناشیخ ملزم کو حسب دفعہ ۴۱۱ تعزیرات
ہند کے جرم بددیانتی سے مال مسروقہ کو مسروقہ جان بوجھکر یا ادرکرکے کیوجہ

مخصوص ہے یا ایک ہی کام یا ایک ہی جگہہ سے متعلق ہے دوسرے کے پاس پایا جاوے تو یہہ کافی ثبوت اسکے چور اسے جاننے کا ہے۔ گو ایسی صورتوں مین قیاسی وجہ ثبوت پر قابض کو اسباب کا مجرم قرار دیا جاتا ہے کہ وہ چور ہے یا مال مسروقہ لینے والا ہے مگر محض قیاسی وجہ ثبوت پر عمل کرنا فوجداری مقدمات مین خطرہ سے خالی نہین ایک مقدمہ مین زید کا گھوڑا چوری گیا اور بعد سرقہ اوسی دن عمر کو اوسپر سوار دیکھا گیا اسلئے یہہ قیاس قوی ہوا کہ عمر ہی نے چورایا ہے اور عمر کو سزا دیگئی اسکے بعد اصل چور ایک اور مقدمہ مین ماخوذ ہو کر حاضر عدالت ہوا اور اوسنے بیان کیا اور ثابت کر دیا کہ وہ گھوڑا اوسکی چوری کے الزام مین عمر سزایاب ہوا مین نے چورایا تہا وہ شخص بیگناہ تہا جسصورت مین گھوڑا چورا کر چلا تو لوگون نے میرا تعقب کیا مجھے گرفتار ہو جانے کا اندیشہ ہوا راستہ مین عمر ملا مین نے اوس سے کہا کہ تم میرے گھوڑی پر بیٹھکر ذرا پہیرو عمر نے میرے کہنے کو قبول کر لیا مین علحدہ ہو گیا اور تہوڑے عرصہ کے بعد گرفتار کیا گیا۔

پس یہہ نہین چاہئے کہ کسی شخص کو سرقہ کرنیکی علت مین صرف اسوجہ سے ماخوذ کیا جاوے کہ وہ معقول طور پر قابل اطمینان یہہ بیان نہین کر سکتا ہے کہ شئی مسروقہ کیونکر پائی ہے تاوقتیکہ قابل اطمینان ثبوت سے سرقہ ثابت نہو اور ایسی شہادت ہو جسپر اوسکی نسبت قیاس مذکورۂ بالا قائم کیا جاسکے سزا نہین دینی چاہئے۔

اس بحث مین سب سے زیادہ اہم وہ مدت ہے جو سرقہ اور مال کے پکڑے جانے کے درمیان مین گذرے اس مدت کا نہ قانون کی رو سے تعین ہو سکتا ہے نہ تعین کی گئی ہے ہر معاملے اور نوعیت مال کے لحاظ سے اسباب کو معین کیا جاتا ہے کہ کس مدت کو دراز اور کس مدت کو کم قرار دینا چاہئے۔ ۱۸۲۶ع مین یہہ تجویز ہوئی تہی کہ اگر مال مسروقہ سرقہ سے چار برس کے بعد کسی کے قبضہ مین پایا جاوے تو اوسکے قبضہ سے کوئی قیاس قابض کے نسبت وزدی کا نہین کیا جا سکتا ہے۔

دیکھو نظیر صدر عدالت فوجداری مورخہ ۲ ستمبر ۱۸۲۶ع

اسکے بعد ایک مقدمہ مین یہہ تجویز ہوئی کہ اگر مال مسروقہ کا کوئی قبضہ دار بغیر جرم مذکور سے آٹھ دن کے اندر کسی کے قبضہ مین پایا جاوے تو اوسپر جرم سرقہ قائم کرنے کے لئے اوسطرح وجہ معقول ہے جسطرح بعلم مجرمانہ مال مسروقہ لینے کے جرم کو

ہوئی ہے کہ قابض مال مال مذکور کا حال قابل اطمینان نہ بتلاسکے کہ کسطرح سے اوس نے قبضہ حاصل کیا یا وہ جھوٹا حال بیان کرے یا ایسے حالات بیان کرے جو باہم دیگر مخالف ہوں یا یہہ کہ مال چھپایا گیا ہو۔ لیکن قبضۂ مال مسروقہ سے کو اوسکے ساتھ یہہ بات بھی نہ بتلائی جاوے کہ کس طرح پر قبضہ حاصل کیا گیا ہے یا غلط حال بتایا جاسکے یا باہم دگر مختلف حالات بیان کئے جائیں یا حال کو چھپایا جاوے سخت یا قوی قیاس پیدا نہیں ہوتا ہے بلکہ صرف ایک قیاس غالب پیدا ہوتا ہے۔

لیکن اسمقدمہ میں قبضۂ زمانہ حال یا تھوڑے عرصہ کا نہیں ہے بلکہ قبضہ سرقہ کے بعد گیارہ ماہ کا ہے اور صرف ایسے قبضہ سے محض ایک خفیف قیاس ملزم کے مقابلہ میں پیدا ہوتا ہے اور وہ ایسا خفیف ہوتا ہے کہ صرف اوسی کی بنیاد پر اوس سے یہہ نہیں دریافت کیا جاسکتا ہے کہ کس طرح پر قبضہ حاصل کیا ہے۔ بمقدمہ پادشاہ (۱) ہیلی صاحب جسٹس نے فرمایا کہ "قاعدہ قانون یہہ ہے کہ اگر مال چوری جانے سے قابل عرصہ کے بعد کسی شخص کے قبضہ میں پایا جاوے تو شخص مذکور کو ضرور ہے کہ یہہ تبلائے کہ کسطریق سے وہ اوسکے قبضہ میں آیا ورنہ یہہ قیاس پیدا ہوتا ہے کہ وہ چور ہے لیکن میرے نزدیک سولہ ماہ کے گذرنے کے بعد یہہ قرین انصاف نہو گا کہ قیدی سے یہہ کہا جاوے کہ وہ یہ تبلائے کہ کس طریقہ سے وہ مال جو مسروقہ تصور کیا جاتا ہے اوسکے قبضہ میں آیا۔"

بمقدمہ پادشاہ بنام آدمس (۲) پارک صاحب جسٹس نے یہہ تجویز کیا کہ "قبضۂ مال مسروقہ اوسکے چوری جانے سے تین مہینے بعد کا ایسا قبضۂ زمانہ حال نہیں ہے کہ قیدی سے اس امر کا ثبوت طلب کیا جاوے کہ وہ کس طرح اوسکے قبضہ میں آیا"

بمقدمہ ملکہ معظمہ بنام کوپر (۳) مینلی صاحب جسٹس نے تجویز کیا کہ "جس حال میں کہ مال کسی شخص کے قبضہ میں اوسکے کہوئے جانے سے چھہ سات مہینے کے بعد ملے

---

(۱) رپورٹ کار نگٹن و پین جلد ۲ صفحہ ۴۵۹
(۲) " " " " ۳ " ۶
(۳) " کرنگشن و کرواں " ۳ " ۳۱۸

۴۹ رکھ کر لینے کا مجرم قرار دیتی ہے اور حکم دیتی ہے کہ وہ ۹ برس تک قید سخت رہے۔

قیدی نے ہائیکورٹ میں اسکا اپیل کیا ہائیکورٹ نے حسب ذیل تجویز کی۔
اس مقدمہ میں قیدی کی نسبت تجویز اثبات جرم حسب دفعہ ۴۱۱ تعزیرات ہند دیا ہی سے ایک پیتل کے گلاس کے لینے کی بابت ہوئی ہے۔ شہادت منقولہ مثل سے صریحاً ثابت ہے کہ مدعی کے مکان میں بماہ اکتوبر سنہ ۱۸۸۳ء نقب زنی ہوئی اور وہ گلاس جسکی شناخت ہوئی کہ وہ مال مدعی کا ہے وہاں سے چوری گیا۔ مگر کوئی شہادت ایسی نہیں ہے کہ جسکی بنا پر قیدی سے خاص جرم نقب زنی منسوب کیا جاسکے۔ جس امر پر ہمکو غور کرنا ہے صرف یہہ ہے کہ آیا شہادت کافی ایسی ہے کہ تجویز اثبات جرم حسب دفعہ ۴۱۱ تعزیرات ہند جائز ہو۔

گلاس اکتوبر ۱۸۸۳ء میں چورایا گیا اور ۴ ستمبر ۱۸۸۴ء تک برآمد نہیں ہوا تھا کہ اوس تاریخ کو حسب بیان مدعی وہ گلاس قیدی نے جنگل میں نارنگی کے درخت کے نیچے سے نکال کر پولیس کو دیا۔ مگر قیدی نے وقت تجویز اس امر سے انکار کیا کہ گلاس مذکور جنگل میں چھپایا گیا تھا اوس نے یہہ بیان کیا کہ اسکا چھوٹا لڑکا گلاس مذکور سے جنگل میں کھیل رہا تھا پولیس نے اوسکو اوٹھا لیا اور یہہ جھوٹ بیان کیا کہ اسکو چھپایا گیا تھا گلاس مذکور خود میرا مال ہے۔

دونوں اسیسروں کی رائے یہہ ہے کہ چونکہ ملزم اسبات کا کوئی ثبوت نہیں دے سکا کہ مال مذکور اوسیکا مال ہے لہذا اوسکی نسبت تجویز اثبات جرم حسب دفعہ ۴۱۱ تعزیرات ہند ہونی چاہئے۔

ہماری رائے یہہ ہے کہ قطع نظر اوس شہادت کے جو نسبت چھپانے گلاس کے جسکا ذکر ہم ابھی کرینگے ایسا کوئی امر مقابلہ قیدی کے ثابت نہیں کیا گیا ہے کہ جسپر اوس سے یہہ سوال کیا جاسکے کہ وہ گلاس اوسکی پاس کہاں سے اور کیونکر آیا۔ اسمیں شک نہیں کہ مال کے عین چوری جانے کے بعد ہی اوسپر قابض ہونے سے قیاس قوی اس امر کا پیدا ہوتا ہے کہ وہ قابض مال یا تو اصل چور ہے یا بہ نیت مجرمانہ اوسکا لینے والا ہے اور ایسی صورت میں بلاشک تائید

تیر کا اسکے اور کسی شخص کے پاس نہو۔ مثلاً مال مسروقہ زید کے جیب یا ہاتھہ مین یا
اوس کے بدن پر یا اوسکے بکس یا کوٹھری مین ہو جسکو وہ لئے ہوئے ہو کہ بکس کی کنجی سوا
اوسکے اور کسی کے پاس نہو یا اوس کے اپنے مکان یا کسی مقام مین ہو جہان بجز اوس
کے اور کوئی نہ جا سکتا ہو۔ تعزیرات ہند کے دفعہ ۲۷ کا قاعدہ اسصورت سے
بھی متعلق رہیگا۔

جب کوئی شخص مال مسروقہ معمولی قیمت سے بہت کم قیمت کو خریدتا ہے
یا کسی مشہور چور یا مسروقہ مال کے کاروبار کرنیوالے سے لیتا ہے یا مال ملحاظ اپنی
نوعیت کے ایسا خاص ہوتا ہے کہ بادی النظر مین بجز ناجائز طریقون کے اور کسی
طریق سے حاصل ہونا باور نہین کیا جا سکتا ہے یا حالات ایسے مشتبہ ہون کہ مال
کے نسبت مسروقہ ہونے کا خیال ذی عقل اور محتاط انسان کر سکتا ہے تو ایسی
صورت مین مال کے لینے والے کے نسبت یہہ قیاس پیدا ہوتا ہے کہ وہ مال کا مسروقہ
ہونا باور کرتا تھا یا باور کرنیکی وجہہ رکھتا تھا لیکن یہ قیاس ایسا قوی نہین ہے کہ محض
اسیکی بنیاد پر اثبات جرم کی تجویز کیجائے کو بعض حالات مین جنمین وہ مال ایسا
خاص ہوتا ہے کہ ہر شخص یہ باور کر سکے کہ بجز چوری کے اور کسیطرح حاصل نہیں ہو سکتا
قیاس مذکور پر تجویز ہو سکتی ہے۔

اکثر مال مسروقہ کے قابض کا غیر معمولی مقامون مین چھپا دینے سے یہ قیاس پیدا ہوتا
ہے کہ وہ اوسکا مسروقہ ہونا باور کرتا ہے۔ لیکن یہ قیاس بھی قطعی نہین ہے
چونکہ حالات اور عادات و طبایع انسان مختلف ہین اسلیئے اونکے لحاظ سے قیاس
مذکور بھی کبھی قوی کبھی ضعیف ہوتا ہے۔ ایک وحشی دہقانی یا صحرا نشین کا جنگل مین یا
اپنے کھیت مین مال دفن کرنا ملحاظ اوسکی حالت کے غیر معمولی نہین ہے لیکن ایک
شائستہ شہری کا قیمتی مال کو جو معمولاً اوسکے خاص مکانمین رہنا چاہئے تھا جنگل
مین یا کسی ویران غیر آباد مکانمین دفن کرنا بہت ہی غیر معمولی اور عجیب بات ہے
اور دونون کیحالت کے لحاظ سے جدا جدا قیاس پیدا ہوتے ہین۔

جو کچھہ اس بحث مین اوپر بیان کیا گیا ہے بہت ہی مختصر ہے اس قسم کے
قیاسات جتنے ہیں کیونکہ جن صور تونمین قیاسات بمعمول واقعات کے پیدا ہوا

اور کوی شہادت اوسکے مقابلہ مین سوا سے قبضہ کے نہو تو شخص قبضہ کی بنیاد پر اوس سے یہ نہین کہا جانا چاہیئے کہ وہ بیان کرے کہ کہان سے یہہ گہوڑا اوس کے پاس آیا"

بمقدمہ پادشاہ بنام ہیٹرج (۱) پیٹرس صاحب جسٹس نے کہا کہ "اس امر کہ کس قبضہ کو قبضۂ زمانہ حال مال مسروقہ کا کہتے ہین کہ جس سے قابض مال کو اسباب کا بیان کرنا ضرور ہو جاے کہ وہ مال کیونکر اوس کے قبضہ مین آیا بلحاظ نوعیت مال مسروقہ کے لحاظ ہونا چاہیئے۔ اور اگر مال مذکور ایسا مال کہ فوراً دست بدست جا سکے تو دو مہینے کا عرصہ بہی دراز ہوگا"

اسمقدمہ مین شئی مسروقہ عجیب یا غیر معمولی قسم کی نہین ہے بلکہ ایسی ہے کہ جو ہر ایک ہندوستانی آدمی کے گہر مین ہوا کرتی ہے اور بآسانی ایک کے ہاتہہ سے دوسرے کے ہاتہہ مین جا سکتی ہے۔ اسلیئے ہماری راے یہہ ہے کہ یہ امر کہ قیدی گلاس کو بر گیارہ مہینے تک اوس کے چوری جانے کے بعد قابض تہا ایسا قبضۂ زمانہ حال کا نہین ہے کہ اوس سے اسباب کا ثبوت طلب کیا جاے کہ قبضہ کسطرح حاصل کیا گیا لیکن اسمین شک نہین کہ اور شہادت پر بہی قبضہ کے علاوہ غور کرنا چاہیئے اور اگر ہمکو یہ معلوم ہوتا کہ ہم گلاس کے چہپانے کی شہادت پر اعتبار کر سکتے ہین تو ہمکو اس تجویز اثبات جرم مین دست اندازی کرنے مین تامل ہوتا لیکن ہم اوس شہادت کو قبول کرنے پر آمادہ نہین ہین لہذا قیدی کو رہا اور تجویز کو منسوخ کرتے ہین (۲)۔

یہ واضح رہے کہ جس قبضۂ مال مسروقہ کی بنیاد پر شخص قابض مال کی نسبت چور ہونے کا یا مال کو مال مسروقہ جانکر یا باور کرنے کیوجہ رکہہ لینے کا قیاس کیا جاتا ہے اور اوس قیاس پر اوسکو یہہ بیان کرنا لازم ہوتا ہے کہ کسطرح وہ مال اوسکے قبضہ مین آیا ایک خاص قسم کا قبضہ ہے۔ وہ ایسا ہونا چاہیئے کہ خاص اوسی کے قبضہ خاص و ذاتی مین ہو۔ جہان مال مذکور رہے وہان بجز قابض مذکور یا اوس کے

(۱) رپورٹ کار رنگٹن جلد ۳ صفحہ ۱۵۵

(۲) استیج بنام ملکۂ قیصر ہند انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱۱ صفحہ ۱۲

سنہ ۱۳۰۳ ف

# لکچر نمبر ۹

سلسلے کے لئے اس سے پہلا رسالہ دیکھئے

## اصول موازنہ شہادت

## قیاسات

### قیاسات جو اطوار و رفتار ماقبل ارتکاب جرم سے پیدا ہوتی ہین

اون تینوں امور مین (دا) جو بیان ہوئے پہلے امر یعنے
صورت و حالت شئے سے جسکو شہادت واقعی بہی کہتے ہین جو قیاسات پیدا ہوتے ہین اونکا بیان
پہلے ہوچکا اب ہم ان قیاسات کو بیان کرتے ہین جو دوسرے امر یعنے اطوار و رفتار ماقبل ارتکاب
جرم سے ناشی ہوتی ہین - اسمین پہلی بات ارتکاب جرم ہے - اسمین بلحاظ غرض ارتکاب اوس فعل جرم
کے اور بلحاظ اوسکی ارتکاب کے وسائل اور قابو ارتکاب کے ناشی ہوتا ہے - ایک مقدمہ مین ہلاکت
کا ہونا زہر کے ذریعہ سے ثابت ہوا لیکن بحث یہہ پیش ہوئی کہ جس قسم کے زہر سے ہلاکت واقع ہوئی
وہ ملزم کے قبضہ یا اختیار مین تہا یا نہین اور ملزم کو شخص ہلاک کو زہر دینے کا قابو حاصل تھا یا نہین
غور کرنا چاہئے کہ حالات ماقبل ارتکاب جرم پر اور حالات مقدمہ پر اور اوسکی قراین پر غور کر کے دیکہی
کہ جو نتیجہ قیاس سے نکلتا ہے اوسکی تقویت و تائید حالات مذکورہ سے ہوتی ہے یا نہین - اگر حالات سے
پایا جاتا ہے کہ ملزم کو قابو زہر دینے کا حاصل نہ تھا - یعنے اوسکی رسائی شخص ہلاک شدہ تک ممکن نہ تھی جو وہ اوسکو

۴۳ کرتے ہیں وہ صورتیں اور وہ واقعات لامتناہی ہیں ممکن نہیں کہ اون گوناگوں صورتوں کو محدود کرکے بیان کیا جاے جسقدر اوپر بیان کیا گیا ہے وہ ایک ہوشیار طالب علم قانون کے اون قیاسات کی کیفیت سمجھانے کو کافی ہے جو اشیا کی موجودہ حالت یعنی وجہ ثبوت واقعی سے مستنبط ہوتے ہین۔

تعلق وارتباط باہمی اشیاء اور حالات کا ٹھیک طور پر معلوم کرنا اور نتائج صحیح کا اخذ کرنا اور نتیجہ کو اوسکی حد سے متجاوز نہ کرنا اوس شخص کی فراست اور عقلمندی و زیرکی پر منحصر ہے جو قیاسات پر عمل کرتا ہے۔

ہوا اور ہو گیا تھا اوسکو کہیں چہپا لیا۔ اسکی لوبڑا ایک سفید زہر کا سفوف بقدر نصف چمچہ چاے کے ایک ایسی
ایسی بغیر مقفل الماری کے دراز میں ملا جسکو اوس خاندان کا ہر ایک شخص کہول سکتا تہا وہ زہر چوہوں
کے مارنیکے لیے ایک کاغذ میں جسپر اوس زہر کا نام لکہا ہوا تھا رکہا تہا مگر ان سموسوں کی کچھ تحقیقات
نہیں ہوئی اور نہ کوئی وجہ ثبوت ایسکی تہی کہ اون میں زہر تہا۔ جو زہر برتن کی تہہ میں سے نکلا اوسکی
نسبت یہہ احتمال تہا کہ غالبًا اوپر سے چہڑکا گیا ہے۔ کوئی وجہ ثبوت ایسی نہ تہی جو اس امر کے
مقتضی ہو سکے کہ عورت مذکورہ نے خود زہر آمیز سموسوں کو اوسلیے کہایا ہے کہ اوسپر زہر خوانی کا
شبہہ نہ ہو کیونکہ اوس نے بقیہ مذکورہ کے ہٹانیکی کچھ بہی تدبیر نہیں کی تہی۔ اوس برتن کو
دہو یا تھا اور سموسوں کا بقیہ بہی جیسا کہانے کی میز سے اوٹہایا گیا تھا ویسا ہی موجود رکہا گیا۔ نہ
ایسی کوئی غرض پائی گئی جو ارتکاب ایسے سنگین و عظیم جرم کی مقتضی ہو وہ شکر رنجی جسکا اوپر ذکر ہوا نہ ایسی تہی کہ اوسکی
سبب سے ایسا جرم کیا جاے اور نہ وہ باقی رہی تہی وہ پہلی ہی رفع ہو گئی تہی اور ایسی خفیف رنجش کا ایک ایسے
سنگین جرم کیطرف مائل کرنا دشوار اور محال ہے اور ایسا اہم اور قابل لحاظ یہہ امر ہے کہ عورت مذکور نے خود بہی زہر آمیز
سموسوں کے کہانے میں شرکت کی تہی اور مثل اوروں کے وہ بہی سخت بیمار ہوئی اسلئے بلحاظ ان حالات اور صحیح وجہ ثبوت
کے نہونے سے یہی قیاس کیا گیا کہ زہر ملانیکا فعل کسی اور کا ہے نہ عورت مذکورہ کا۔ جان انسان اور مکانات کی بیمہ کے معاملات
میں افعال ماقبل اوس واقعہ کی جسپر زر بیمہ ادا کرنا لازم ہوتا ہے بہت ہی قابل لحاظ ہوتے ہیں۔ اگر معاملہ خانہ سوزی میں اسقدر
ثبوت کو پہونچے کہ شخص مذکور نے قریب ہی ایک سنگین بیمہ اموال و مکانات کا کرایا ہے تو اوس وجہ سے ثبوت پر ایک قوی قیاس
اوسکے خلاف پیدا ہوگا۔ مشہور مقدمہ پالمر میں اس امر کی وجہ سے ایک شک عظیم پیدا ہوا تھا
کہ اوس نے اوپر حیات اشخاص متوفی کے بیمہ کر دیا تھا اور یہہ قصد کیا تھا کہ اپنے سائیس کے
حیات کا بیمہ کرائے جسکی نسبت اوس نے براہ فریب یہہ ظاہر کیا کہ یہہ اچہا شخص ہے اور بہت سی [illegible]
کا مالک ہے۔

لیکن ایسے قیاسات کی وقعت و اعتبار کا اندازہ کرنے میں بہت ہی احتیاط اور ہوشیاری کام میں
لائی چاہئیے۔ مثلاً ایک گہر کے اندر ایک تازہ مقتول عورت اور ایک تندرست عورت پائی جاے اور
کوئی علامت ایسی نہو کہ گہر کے اندر کسی اور شخص کا آنا معلوم ہو سکے تو قیاس یہہ ہوگا کہ قاتل وہی عورت ہے
جو تندرست ہے کیونکہ اوسی کو ارتکاب جرم کا قابو حاصل ہے نہ کسی اور شخص کو لیکن اگر وہ عورت ایک
شیر خوار بچہ ہو یا ایسی بیمار ہو کہ فعل قتل کا کرنا بوجہ کمزوری و ضعف کے محال ہو تو چونکہ اوسکو قابو حاصل
نہیں ہے اس لیے قیاس برعکس ہوگا یا وہ عورت جسپر الزام قتل صرف اوس وجہ سے لگایا جاتا ہے

کہانے میں زہر ملایا تو قیاس یہی ہوتا ہے کہ ملزم کا قوی ہوگا۔ اگر یہ دکہا یا جاوے کہ اوسکو کیا فائدہ حاصل تہا مثلاً وہ مقتول کا قرضدار تہا یا وارث یا اوسکے گہر پر آتا جاتا تہا یا وہ شے جسمیں زہر ملایا گیا اوسکے پاس سے مقتول کے ہاں بہیجی گئی یا ملزم پہلے مقتول سے کہانا کہا نیکی عادت رکہتا تہا تو قیاس ارتکاب جرم کا قوی ہوگا۔

جس جرم کے ارتکاب کا ملزم پر الزام لگایا گیا ہو اگر علاوہ اوس شخص متعلق کے دیگر ایسی صورت ہو کہ ارتکاب جرم سے ملزم ہی کا نقصان ہوتا ہو تو اوسکی بیگناہی کا قیاس قوی پیدا ہوگا مثلاً زید پر یہ بیہودگی ہوا کہ اوسنے اپنے گہر کو خود اپنے ہاتہ سے آگ لگا دی ہے کہ بیمہ کی کمپنی سے روپیہ حاصل کرے۔ اگر مکان اور اسباب موجودہ مکان کی قیمت زر بیمہ سے کم ہو تو قیاس پیدا ہوتا ہے کہ زید نے ایسا کیا ہوگا اور اگر قیمت مذکورہ زر بیمہ سے زائد ہو تو قیاس قوی یہہ پیدا ہوگا کہ زید نے ایسا نہیں کیا یا مثلاً زید پر عمر کے قتل کا الزام لگایا جاوے اور حالت یہہ ہو کہ عمر کے زندہ رہنے میں زید کا فائدہ تہا اور مرنے میں نقصان تو قیاس یہہ پیدا ہوگا کہ زید نے قتل نہیں کیا اسلئے کہ کوئی عقلمند آدمی عمداً اپنا نقصان خود نہیں کرتا ہے۔

یہہ قیاس ایسی صورت میں بہی مستعمل ہو سکتا ہے جسمیں نتیجہ فعل میں جس سے جرم پیدا ہوا خود ملزم یا اوسکے جان کو بہی نقصان پہونچے مثلاً ایسے کہانے میں زہر ملایا گیا جسکو خود ملزم نے بہی کہایا تو قیاس یہہ ہوگا کہ اوسنے زہر نہیں ملایا۔

ایک مقدمہ میں ایک نوجوان عورت اس جرم میں ماخوذ ہوئی کہ اوسنے اپنے آقا کے خاندان کو زہر دیا ہے حالات مقدمہ یہہ تہے کہ وہ عورت باورچن تہی واقعہ سے دو ہفتہ پہلے اوس عورت کو اوسکی بی بی نے اسوجہہ سے دہمکایا کہ وہ اوس کے شوہر کے نوکر سے فعل شنیع کی مرتکب ہوئی تہی لیکن اسوجہہ سوا اسکے اور کسی امر کی وجہہ سے عورت مذکور اور اوسکی بی بی کے درمیان میں کوئی اور رنجش کی بات نہ تہی اور یہہ بات بہی رفع دفع ہوگئی تہی پہر کبہی اسکا ذکر نہیں ہوا وہ بدستور اپنی خدمت پر مامور رہی اور برابر کام کرتی تہی۔ بی بی نے اوسکے افعال بد سے چشم پوشی کی اور اوس دن کے سوائے پہر کچہ نہیں کہا ایک دن عورت مذکور نے گوشت بہرے ہوئے سموسے اور دوسرے قسم کے سموسے خمیری ایک ہی برتن کے آٹے سے بنائے اونکو کہانیکے تہوڑی ہی دیر کے بعد بی بی اور اسکا شوہر اور اوسکے شوہر کا باپ اور جوان شخص بیمار ہوگیا اور خود عورت مذکور بہی بیمار ہوگئی۔ وہ لوگ جنہوں نے دوسری قسم کے خمیری سموسے کہائی تہی بیمار نہیں ہوئے۔

بیمار ہو جانیکے دوسرے دن صبح کو اوسکے آقا کے باپ نے اوس برتن کو دیکہا اور جو کچہ اوسمین لگا

کہ باور کرنا چاہیئے کہ کبھی دہمکی بطور مزاح و تمسخر یا بغیر قصد فعل کے صرف ڈرانے کے لئے بھی دیجاتی
ہے جیسا کہ عوام الناس مین شائع ہے مگر غلط فہمی سے بعض وقت اوسکو واقعی اور حقیقی باور
کرلیتے ہین اور یہہ بھی ممکن ہے کہ سوا اسکے دہمکی دینے والے کے کوئی اور شخص اوسی طرح کا ضرر
اوس شخص کو پہونچا دے جسکو دہمکی دیگئی ہو - مسٹر بیسٹ نے اپنی کتاب کی دفعہ ۱۶۱م مین اسکی
ایک عمدہ مثال درج کی اور یہہ ہے - ایک بڑے پرانے فرانس کے حاکم نے ایک عجیب نظیر
ایک مقدمہ کی یہہ بیان کی کہ ایک فاحشہ عورت نے ایک مرد کو جس سے وہ ناخوش ہوگئی تہی شرکا
یہ علانیہ اپنے الفاظ دہمکایا کہ "تیرا تیر کا - اون کو تہوڑے ہی عرصہ مین کاٹ ڈالونگی" اس کے بعد
چند روز کے بعد لوگون نے اوس مرد کو ایسی حالت مین دیکھا کہ اوسکی رانین کٹی ہوئی ہین اور زخم
کے نشان بہی اوس کے جسم پر ہین اور وہ مردہ ہے - اوس دہمکی کے مطابق رانون کے کٹے
ہوئے دیکھنے سے اوس عورت پر شبہہ ہوا اور گرفتار ہوئی اور اوس زمانہ کے ظالمانہ دستور کے
موافق عورت مذکور کو اقرار جرم کے لئے ایسی سخت اذیت اور تکلیف دیگئی کہ جس سے بچنے کی
غرض سے اوس نے اپنا مرنا قبول کر کے جھوٹا اقبال جرم کر لیا اور اسکو پھانسی دیگئی -

اس کے چند ہی روز بعد ایک شخص کسی اور جرم کی علت مین ماخوذ ہوا اوسنے حوالات مین
یہ بیان کیا کہ وہ عورت بیگناہ تہی جرم کا ارتکاب ایک اور شخص نے کیا ہے جسکا مین بہی
رفیق تہا اس بیان پر وہ شخص گرفتار کیا گیا اور اوس نے اپنے فعل سے نادم ہو کر راست اور
درست ماجرے کی کیفیت یہہ بیان کی کہ جسوقت وہ عورت اوس مرد کو سرکشا پر دہمکی دے رہی تہی
ہم دونون اتفاقاً وہان سے گذر رہے تہے اور چونکہ مجہے اوس شخص کا قتل کرنا منظور تہا اس لئے مین نے
اس موقع کو اپنے ارادہ کے لئے غنیمت جانا اور اوسی طرح قتل کیا جسطرح دہمکی مین بیان کیا گیا
تہا - مجہے یقین ہوا کہ عورت پر اوس دہمکی کی بنیاد پر اور اوسکی بد اطواری کی وجہ سے عدالت
شبہہ کر کے گرفتار کر یگی - اور مین بچ جاؤنگا

لیکن وہ دفعہ جو غدر سے متعلق ہے بین اہل غدر اور باغیون کے افعال قبل ارتکاب جرم پر لحاظ کرنا
اسلئے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اوس سے واقعہ کی نوعیت اور انکی نیت کا کما حقہ انکشاف ہو جاتا ہے
مثلاً چند آدمیون نے باہم اتفاق و سازش کر کے جیلخانہ کو توڑ دیا اور قیدیون کو بھگا دیا اور
سرکاری عہدہ داران کو ضرر پہونچایا یا دہمکایا اس صورت مین گو یہہ احتمال خود انکی طرف
سے ہین کہ وہ گروہ اطاعت سرکار سے باہر ہوگیا ہے جس سے یہہ اقبال ہوسکتے ہین لیکن چونکہ

کہ کمرے کے اندر وہ ہی موجود ہے اور اس کے سوائے کوئی اور نہیں آسکتا تھا۔ اگر اسکا حال یہ ہو کہ مقتول کے زندہ رہنے میں بہت فائدہ اور مرنے میں از بس نقصان اور تباہی متصور ہو تو بعض صورتوں میں قیاس بدل جائیگا غرض یہہ ہے کہ مجوز کو قیاسات کو ایسی ہوشیاری اور عقلمندی سے کام میں لانا چاہیے جس طرح جراح نشتر آلہ کو کام میں لاتا ہے اور جوہری جواہر و پرکھتا ہے

جرم کے ارتکاب کی تیاری و آمادگی یا پہلے سے اوسکی تدبیر کرنے سے بھی قیاس پیدا ہوتے ہیں مثلاً آلہ ہلاک کا خریدنا۔ یا مقام روپوشی کی یا گرفتاری یا الزام سے بچنے کے وسائل کی تیاری پہلے سے کرنا۔

ایک مقدمہ کے حالات یہہ تھے کہ شخص ملزم اور شخص مقتول ایک ہی مکان میں رہا کرتے تھے ایک شب کو مقتول اپنے دالان میں بیٹھا ہوا تھا کہ دفعتہً ایک تمنچہ کی گولی اوسکی لگی اور مارنے والا نظر نہیں آیا بہت سے قرائن کی وجہہ پر ملزم کو قاتل قرار دیا گیا اور قرائن مذکور کو اس وقت کے حاکم کی رائے میں اس امر سے تقویت پہونچی کہ یہہ بات ثابت ہوئے کہ واقعہ سے چند شب پہلے تمنچہ یا بندوق اس مکان سے چھوٹی تھی اور شخص ملزم نے بیان کیا تھا کہ وہ میرے اوپر چلائی گئی ہے لیکن ہر ایک وجہہ اسبات کے یقین کرنیکی موجود تھی کہ وہ خود اوسی نے اس واسطے چھوڑی تھی تاکہ مقتول کے نوکروں اور ہمسایوں کو یہہ باور کرائے کہ چور یا قاتل لوگ اس مکان کے آس پاس رات کو پھرا کرتے ہیں۔

علیٰ ہذا القیاس جب کسی شخص کو زہر یا مخفی تدبیر سے قتل کرنا مدنظر ہوتا ہے تو مجرم اوسکی بیماری کی شہرت جھوٹی اور افواہ پہلے سے پھیلا دیتے ہیں لیکن لحاظ رکھنا چاہیئے کہ قیاس آمادگی و تیاری قتل اوسوقت پیدا ہوتا ہے کہ جب قاتل کا قصد اوس سے ظاہر ہوتا ہو اور باوجود اس کے بھی قصد کے دریافت کرنے میں خطا ہو سکتی ہے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ اس تیاری و آمادگی کے بعد اپنا قصد بدل ڈالے۔

علامات تیاری و آمادگی وغیرہ بمقدر ضعیف قرینہ ہیں کہ جس سے قیاسات بہت ہی ضعیف ہوتے ہیں۔

کبھی کوئی شخص دوسرے کو دھمکی دیتا ہے کہ میں تجھکو اسطرح کا ضرر پہونچاؤنگا اور جب اوسی طرح کا ضرر شخص مذکور کو پہونچتا ہے تو اس دھمکی قبل الوقوع ضرر سے ملزم کے خلاف قیاسات پیدا ہوتے ہیں۔

اور خالد سے سخت عداوت بھی زید نے ایک بندوق خریدی اور رات کو خالد کے آنے جانے کا
پتہ دریافت کیا اگر سببات کی کوئی شہادت نہو کہ زید نے خالد کو بندوق سے قتل کیا ہے
تو محض عداوت سے جو قتل کی تحریک سمجھی جا سکتی ہے اور محض بندوق خریدنے اور راستہ
کے دریافت کرنے سے جو ایک قسم کی تیاری ہے جو قیاسات پیدا ہوتے ہیں وہ کسی طرح سے
زید کو قتل عمد کا مجرم قرار دینے کے لئے کافی نہیں ہیں کیونکہ اونکا طبعی نتیجہ قتل کرنا نہیں ہے
ممکن ہے کہ کسی اور نے خالد کو قتل کیا ہو - یا اوس نے خودکشی کی ہو - ہاں اگر وہ گولی جو خالد کے
سینہ میں نکلی زید کے بندوق مذکور کی ہو اور موقع قتل کے نزدیک زید کو اوسوقت جب
قتل ہوا دیکھا گیا ہو اور فوراً اوس کی بندوق کو دیکھا جائے کہ اوس کی نال سے معلوم
ہوتا ہے کہ وہ ابھی چھوٹی ہے اور زید نے وہ بندوق غیر معمولی طور پر چھپائے ہو اور اپنے
فرار اور چھپانے کی کوشش کی ہو تو ان حالات کے قرائن سے اقبال قابل کے قیاسات
ملکر ایک قوی وجہ ثبوت بن جائینگے گو ہر ایک وجہ ثبوت کے مرتبہ اور اس شایستہ زمانہ میں
زید کو سزائے موت تک پہونچانے کو نہیں پہونچ سکتے ہیں کیونکہ باوجود انکے بھی اسباب
میں بہت کچھ شک باقی رہتا ہے کہ زید نے قتل کیا ہے یا نہیں - کیونکہ ممکن ہے کہ زید کی بندوق
لیکر کسی اور نے ایسا کیا ہو اور وہ بندوق زید کو دیدی ہو اور زید کو قتل کا حال معلوم ہوا اور
اس نے ڈر کر اپنے آپ کو الزام سے بچانے کے لئے بندوق کو چھپایا ہو اور خود کو بھی
لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رکھنا مناسب سمجھا ہو - یہہ بھی ممکن ہے کہ وہ بندوق جس سے
خالد قتل ہوا اور زید کی بندوق ایک ہی نمبر اور ایک ہی کاریگر کی بنائی ہوئی ہو شہادت
بقرائن حالات کی بحث میں پہلے بیان ہو چکا ہے کہ جب تک ہر طرح کا شک رفع نہو جائے
قیاسات محض پر حکم سزا صادر نہیں ہو سکتا ہے -

جو کچھہ اسباب میں بیان ہوا وہ گو مختصر ہے لیکن اس واسطے کافی ہے کہ ان قیاسات
کی قوت اور ضعف کی کیفیت معلوم ہو جائے جو اطوار ما قبل اصل واقعہ سے ناشی ہوتے ہیں -

یہہ واضح رہے کہ اطوار و افعال ما قبل اصل واقعہ سے جو قیاسات پیدا ہوتے ہیں
مقدمات فوجداری ہی پر محدود اور منحصر نہیں ہیں بلکہ مقدمات دیوانی میں بھی کار آمد
ہوتے ہیں خصوصاً مقدمات ٹارٹ اور مقدمات معاہدہ میں عبارت یا ہدایات کی صحیح تعبیر
اور مراد فریقین کے دریافت کرنے میں از بس مفید ہوتے ہیں ہم نے فوجداری کی مثالیں

ممکن ہے کہ وہ اطاعت سرکار سے باہر ہوا ہو اوسکی نیت صرف قیدیون کا بہگا دینا اور اُن عہدہ دارون کو جنسے وہ نفرت اور دشمنی رکہتا ہے ضرر پہونچانا مدنظر تھا - اس لئے اوس گروہ کے واقعہ مذکور سے پہلے افعال متفقہ اور افعال و اعمال منفرد کا دیکہنا اس وجہ سے بہت ضرور اور مفید ہوگا کہ اُس گروہ کی نیت کیا تھی -

مشہور مقدمہ امیر علی مین مجرمون پر ملکہ معظمہ کو برٹش انڈیا سے بیدخل کرنیکا الزام لگایا تھا اور کئی برس پہلے کے افعال کی تحقیق اس غرض سے ضروری قرار دیگئی تہی کہ اون سے مجرمون کی نیت منکشف ہوگی - اس خاص بحث کے لیے اوس مقدمہ کو پڑہنا بہت مفید ہے اوسمین نہ اس بحث کو دانائی سے بیان و طے کیا ہے بلکہ اور بہت سے بہا حثہ جو قانون شہادت سے متعلق ہین طے ہوئے ہین -

عورتون کو اور بچون کو بہگانے کے مقدمات مین اور زرِ ملتبس سکہ کے چلانیکے مقدمات مین اور دیگر جملہ اُن مقدمات مین جنمین نیت جرم کا ایک جزو قرار دیگئی ہے - ملزمون کی نیت اور علم دریافت کرنیکے لیے اونکے اقبال و حرکات ماقبل کا دیکہنا ضرور ہوتا ہے -

قانون شہادت ایکٹ اول ۱۸۷۲ء مین افعال و حالات ماقبل ارتکاب فعل تحقیق طلب واقعہ متعلقہ اسی لیے قرار دیے گئے ہین کہ اون کے ذریعہ سے جو قیاسات پیدا ہون اونکی امداد سے امر تنقیحی اچہی طرح متحقق ہو جائے - یہہ یاد رکہنا چاہیئے کہ اطوار ماقبل جرم سے جو قیاسات پیدا ہوتے ہین گو کیسے ہی قوی ہون مگر مجرم قرار دینے کے لیے کافی نہین ہین تاوقتیکہ کوئی ثبوت ارتکاب جرم کا موجود نہ ہو محض ان قرائن و قیاسات سے جو اطوار و افعال ماقبل ارتکاب جرم سے پیدا ہوسکتے ہین کوئی شخص مجرم یا کسی قانونی ذمہ داری کا ذمہ دار قرار نہین دیا جا سکتا ہے کیونکہ وہ کہہ سکتا ہے کہ مین نے وہ سب افعال کئے ہین لیکن جرم کا ارتکاب نہین کیا اور یہہ اسکا جواب لاجواب ہی کیونکہ اُن اقبال و اطوار مذکور سے یہہ لازم نہین آتا ہے کہ اس نے جرم کا ارتکاب بہی کیا ہے اس لئے اصل جرم کے ارتکاب کی شہادت طلب ہوتی ہے اقبال و اطوار مذکور کی شہادت سے جو قیاسات ناشی ہوتے ہین وہ صرف بطور مواد و سامان انکشافات کے ہین - اوس فعل خاص کی ارتکاب کی شہادت نہین ہے جسکا نتیجہ جرم ہے - مثلاً زید نے ایک بندوق خریدی اور لوگون سے دریافت کیا کہ خالد رات کو اپنے گہر سے نکل کر کہان اور کسطرف سے جایا کرتا ہے - اس سے چند روز کے بعد خالد کو گولی سے مرا ہوا اُسطرف پایا گیا اور شہادت سے صرف یہہ ثابت ہوا کہ زید نے

# لکچر نمبر ۱۱ سنہ ۱۳۱۲ف

## سلسلہ کیلیے پہلے رسالے دیکھو

## اصول موازنہ شہادت

### قیاسات

### قیاسات جو اطوار و اوضاع مابعد ارتکاب جرم سی پیدا ہوتے ہین

اب ہم اون قیاسات کا ذکر کرتے ہین جو ارتکاب فعل کے بعد کے اطوار اور اوضاع فاعل سے مستنبط ہوتے ہین - اِن قیاسات سے نہ صرف جرایم و دیگر افعال کو اور اُنکی نوعیت کو تحقیق کیا جاتا ہی بلکہ صور تہائے مشتبہ فیہ مین فریقین معاہدہ کی مراد حقیقی کے متحقق کرنیکے لیے بہی وجہ ثبوت کافی ہوتے ہین - سرکاری کامون مین بہی اونکی حقیقت دریافت کرنیکے لیے سرکار کی طرف سے اصل امر کے بعد اوس کے متعلق جو طرز و طور اختیار کیا جاتا ہے اوس سے جو قیاسات پیدا ہوتے ہین وہی اصل امر مذکور کی نوعیت اور حقیقت کو منکشف کرتے ہین - ضبطی جائداد اور عطیہ اور واگذاشت جائداد کے معاملات مین اکثر یہہ بحث پیش آتی ہے کہ ضبطی جو عمل مین آئی وہ فعل سرکاری تھا یا سرکار نے اوسکو منظور کیا تھا یا نہین اکثر اوسکی واگذاشت اور بعد کے احکام یا کارروائی سے جو سرکار کیجانب سے عمل مین آتی ہے یہہ تحقیق کیا جاتا ہے کہ وہ ضبطی کسطرح اور کس بنا پر ہوئی تہی اور وہ فعل سرکار تھا یا صرف کسی عہدہ دار سرکاری کا فعل بیضابطہ تھا - اور عطیہ جو عمل مین

اس غرض سے بیان کی ہیں کہ ان لئے فوجداری مقدمات میں جنہیں جان او ر آزادی اور عزت سومن خطرمیں ہوتی ہے زیادہ بصیرت حاصل ہو۔

---

وسرگذشت اسباب کی کہ وہ جرایم متعددہ کا مجرم ہے اور اوسکی اوسوقت کی اوضاع و اطوار کی تشریح و تفصیل جب وہ اپنے گہر مین تنہا پایا سب اوسکا اظہار لیا جاتا تھا کیا کرتے ہین اور اوس کے بیان کی الفاظ کی نسبت ایک نفرت یا حیرت ظاہر کرتے ہین کہ مجرم نے بڑی گستاخی اور دلیری سے اقرار جرم سے باز رہا ۔

حالات ہر روز اور ہر ساعت خلایق کی زبان پر رہتے ہین مقدمہ کے حالات جسکے مرتکب اشخاص زیر گمان کئے جاتے ہین اور تجویز سے پہلے ہی کل باشندگان دار السلطنت اور ملک کے روبرو بطور ایک ڈرامان کے نقل کئے جاتے ہین ۔ لازمی ور طبعی نتیجہ اُسکا یہہ ہوتا ہے کہ اشخاص متہم کی نسبت خاص لوگون کے دلون مین مجرم ہونا متحقق ہو جاتا ہے اور عوام مین سخت بدگمانی اور نفرت پیدا ہو جاتی ہے ایسی حالت ور زمانہ مین جب شخص متہم کو محکمہ مین حاضر کیا جاتا ہے تو وہ ایک مادہ تماشہ ہوتا ہے اور حاکم اور جوری جو اوسکی تجویز کے لیے اجلاس کرتے ہین وہ بہی خود بخود شخص ماخوذ کی مجرمیت اور بیگناہی کی تجویز کرنے مین بے طرف دار متصور نہین ہوتے ہین بلکہ یہی امید رہتی ہے کہ جو فتوی مجرمیت مجرم کے جواب لینے سے پہلے عامہ کیطرف سے صادر ہو چکا ہے اوسکی تصدیق ور جیٹری حسب ضابطہ کرنے والے ہین ۔ علامات کے سنانے ور حالات چہپانے اور جہوٹے بیان کرنے سے جو قیاسات پیدا ہوتے ہین پہلے زمانہ ین انگریزی قانون مین اونکو قطعی وجہہ ثبوت سمجہا جاتا ہے اور محض اون ہی کے بنیاد ر ملزمون کو سزائے موت دیجاتی تہی مگر اس زمانہ مین کسی مجرم کو قرار دینا اور سزائے وت دینا سخت نادانی ہے ہم اس بحث کے ذہن نشین کرنیکے لیے چند مقدمات انگلستان ا ذکر کرنا ضرور سمجہتے ہین جس سے انگریزی عدل گستری کی طرز اور قیاسات کی قوت و اثر ا اندازہ خوب ہو سکتا ہے ۔

رٹن صاحب کے قانون شہادت کی دفعہ ۲۳ حسب ذیل لکہا ہے ۔ بغرض انسداد مقدمہ لے مسمی ڈنیلن صاحب کے تجویز مسٹر باوٹن کے زہر کے ذریعہ سے قتل کرنیکی علت ن ہوئی تہی ۔ اسمقدمہ کے حالات یہہ ہین ملزم مقتول کا بہنوئی تہا مقتول دانشمند اور بیح وسالم ایک نوجوان بست سالہ تہا کسیقدر اوسکی طبعیت بدفرہ رہا کرتی تہی اس لیئے وکبہی کبہی دوا سے تلیٹس کا استعمال کیا کرتا تہا ملزم کی زوجہ یعنے مقتول کی بہن اپنی مان

پس ممکن ہے وہ شخص مذکورات وجوہ و اسباب مین سے کسی کی سبب سے فرار اور روپوشی
اختیار کرے اور ارادہ رکہے کہ جب مناسب وقت و موقع ملیگا اوسوقت عدالت مین حاضر ہوگا۔
ان امور کا معہ حالات و اوقات و مقامات مین خیال رکہنا ضرور ہے۔ علاوہ ان امور کے
اوس مقام کی حالت و کیفیت پر جہان تجویز ہونے والی ہے نظر رکہنا ضرور ہے کیونکہ اکثر مین ایسے
حاکم ہین اور ایسی طرز پڑگئی ہے کہ ادنیٰ وجہ ثبوت سے بہی شخص ماخوذ سے اقبال جرم حاصل کرنیکے
لئے اوسکو سخت ایذا دیتے ہین اور کبہی وہ ایذا اسقدر بڑی ہوتی ہے کہ بیچارہ ساری عمر کے لئے
ضعیف ہو جاتا ہے یا لنگڑا لولا ہو جاتا ہے۔ یا قطع نظر اسکی حکام عدالت اس اصول دانشمندی کی
بنیاد پر جو بڑے محققین علم اخلاق (یعنے اہل یورپ عیسوی المذہب) نے وضع کیا ہے کہ ان
اشخاص کو جنکا جرم حسب تشفی ثبوت کو نہ پہونچا ہو اسوجہ سے سخت سزا دینا جائز ہے کہ وہ لوگ
ملک کا بہبودی کے لیے فدیہ ہونے متصور ہونگے (یہہ طریقہ فدیہ محض نامعقول ظلم ہے۔) پس
جب صورت یہہ ہے تو بنظر ان امور کے بیگناہ لوگون کا ان بلاؤن اور آفات سے بچنے کے لئے
بہاگنا کچہ تعجب کی بات نہین ہے بلکہ اگر کوئی شخص باوجود ان امور کے عدالت کی تجویز کا منتظر
رہے اور نہ بہاگے تو تعجب کی بات ہے قطع نظر اس کے حکام عدالت یا انکے رویہ کے متعلق بہت
سے اور امور غور طلب ہین جو شخص متہم کے فرار کا باعث ہوتے ہین کیونکہ ممکن ہے کہ مقدمہ کی نسبت
عامہ خلائق کی توجہ معطوف ہو اور جرم مظنون کی نسبت خلائق کے ذہن مین بدگمانی پیدا ہو۔
اکثر دیکہا گیا ہے کہ بعض قسم کے مقدمات مین عامہ خلائق تجویز عدالت سے پہلے ہی ملزم کو اپنا
مجرم سمجہہ لیتی ہے کہ اگر عدالت سے اوسکی بریت ہو تو وہ سخت ناراض اور برافروختہ ہوجاتی
ہے۔ اب اس موقع پر اخبارنویسون کی حرکات ناشایستہ جو اونسے اکثر سرزد ہوا کرتی ہین۔
بیان کرنا ضرور ہے۔ جب تحقیقات واقعات شدید سے احتمال ارتکاب کسی جرم کا ثابت ہوتا
ہے تو اخبارنویس اکثر اپنی حیثیت واجب الاحترام کو جیسا کہ مذکور ہوا بہول جاتے ہین
اور ارتکاب جرائم سے اپنی نفرت ظاہر کرنیکے دعوی سے بہی زیادہ تر بنظر تحریک استعجاب بدگمانی
کے ایک ایسا طریقہ اختیار کرتے ہین جو کہ بحث شخص متہم جرم مذکور کے ساتھہ واجبی انصاف
کئے جانے کا موقع ہوتا ہے کیونکہ اس بیچارے کی اوضاع و رفتار رشتون اور جہنیون تجویز
سے پہلے ان اخبارنویسون کا مادہ مباحثہ کراہیت آمیز رہتا ہے۔ بیانات متعلق حالات طریقہ
ارتکاب جرم اور اکثر اوقات اوسکی کیفیات حقیقی بہ نسبت شخص متہم کے اور کل داستان

ٹہا لیگئی - وہ معالج جسنے دوا بہیجی تہی اوسیکو بیڈی سینٹ مقتول کی مان نے مقتول کی غشی
کے وقت بلانے کو آدمی بہیجا تہا وہان بہونچا - ملزم معالج مذکور سے کہنے لگا کہ کل شام کو ہمکو
رستے مائقہ مچہلیان پکڑنیسے گیا تہا اور وہان پانی مین اوس نے پاؤن ہنگوئے تہے - مگر ملزم نے دوا
کے پینے کا حال کچھہ بیان نہین کیا - ملزم کے گہر مین پانی صاف کرنیکا ایک پتہر تہا بعد ہلاکت
[illegible] کے وہ اوس پتہر کو ترچوپنے سے پیر کر کے ایک نوکر کے پاس صاف کرانیکے لیئے لایا اور
کرون [illegible] باوجود [illegible] کی نسبت چند متناقض باتین کہین - اور موت کے دن جو
چٹھی ملزم نے سر ولیم ہونیلر کو جو مقتول کا کفیل تہا اوسکی موت کی خبر کی لکہی اوسمین وقتاً اوسکے
مرجانیکا حال نہین لکہا - موت سے تیسرے دن لاش صندوق مین بند کیگئی - دو روز بعد سر ولیم
نے افواہاً یہہ سُنکر کہ زہر سے مرنیکا اشتباہ ہے ملزم کو لکہا کہ لاش کی تحقیقات کراؤ اور یہہ
لکہا کہ فلان فلان لوگون کے ذریعہ سے تحقیقات عمل مین آنی چاہیئے - اسپر ملزم نے اون
لوگون کو بلوایا مگر سر ولیم کی چٹھی جسمین لکہا تہا کہ موت کے زہر کے ذریعہ سے واقع ہونیکا
شک ہے اون لوگون کو نہین دکہائی نہ اون سے یہہ ظاہر کیا کہ وہ حسب استدعا سر ولیم
کے بلائے گئے ہین -

ملزم نے ظاہر کیا کہ موت حسب معمول سکتہ سے واقع ہوئی ہے اور نیز یہہ کہ لاش بہت بوسیدہ
ہوگئی تہی اس لیئے ڈاکٹرون نے اس وجہ سے تحقیقات کرنے سے انکار کیا کہ ہمکو اختلال مزاج
کا خوف ہے -

اسکے دوسرے دن ایک اور ڈاکٹر نے اُس لاش کی تحقیقات کرنی چاہی لیکن ملزم نے تحقیقات
نہین کرنے دی اور کہا کہ مجہکو آپکے بلانیکا حکم نہین ہوا ہے - اوسی دن ملزم نے سر ولیم کو
بایں مضمون چٹھی لکہی کہ ڈاکٹرون نے کامل طور پر اوس خاندان کے لوگون کو متشفی کردیا ہے
اور یہہ کہا ہے کہ موت بسبب اوس بیماری کے جو متوفی کو تہی واقع ہوئی ہے - لیکن ملزم نے
یہہ ظاہر نہین کیا کہ ڈاکٹرون نے تحقیقات ہی نہین کی - اسکے تین یا چار روز بعد جب سر ولیم
نے سُنا کہ در اصل تحقیقات ہی نہین ہوئی تو ملزم کو تاکید لکہا کہ تحقیقات کرانا ضرور ہے لیکن
ملزم نامعقول حیلون سے تحقیقات کا مانع ہوتا رہا اور آخر کار لاش بلا تحقیقات دفن ہوئی -
اس اثنا مین کورونر (یعنے وہ اہلکار سرکاری جو اسباب موت کی تحقیقات پر مامور ہے) اس واقعہ
سے واقف ہوا اور اوس نے لاش کو قبر سے نکلوایا وہ بالکل سڑ گئی ہے اسلیئے اوسکے سر اور پیٹ

پاس اوسی گہر مین جہین مقتول رہتا تھا رہا کرتی تہی - واقعہ ہلاکت سے چند روز پہلے ملزم نے کئی دفعہ جہوٹ موٹ یہہ ظاہر کیا کہ مقتول سخت بیمار ہے اور زندگی کی امید نہین ہے ۱۷- اگست کی شام کو مقتول کے معمولی معالج نے صبح کے پینے کے لیے ایک عرق جو بے ضرر اور کم زور تھا بہیجا اوس شام کو مقتول مچہلیان پکڑنے کو گیا وہان سے آیا تو اوسکی طبیعت کسیقدر زیادہ بدتر ہوگئی اسپر ملزم نے مقتول کی مان سے کہا کہ اوسنے اپنے پانون پانی مین بہگوئے تھے اور وہ میرے ساتھ مچہلی کے شکار کو گیا تھا مگر یہہ دونون باتین جہوٹی تہین - صبح کو وہ تندرست پایا گیا اوسی صبح کے سات بجے کے قریب اوسکی مان اوسکو دوا پلانے کے لئے اوسکی کمرے مین گئی اوس نے دوا کو پیکر اوس کی بدبو کی شکایت کی اوسکی مان کے بیان سے معلوم ہوا کہ کڑوے بادام کی سی بو آتی تہی دوا پینے کے دو منٹ بعد مقتول کا جی متلانے لگا اور اپنی قے کو روک کر کرب و اضطراب مین لوٹنے لگا اوسکی مان نے کہا کہ معدہ مین قراقر ہے دس منٹ کے بعد اوسکو غشی سی آنی لگی اور پانچ منٹ کے بعد اوسکی آنکہین پتہرا گئین اور جبڑے بند ہوگئے اور موہنہ سے کف جاری ہوگیا آخرکار دوا پینے سے نصف گہنٹہ کے عرصہ مین وہ مرگیا - ملزم پانچ منٹ سے بہی کم عرصہ مین مقتول کے سونے کے کمرہ مین خود بخود آیا مقتول کی مان نے سب حال اوس سے بیان کیا - ملزم نے دریافت کیا کہ اوس دوا کی بوتل کہان ہے لیڈی نے دو بوتلون کی طرف اشارہ کردیا ملزم نے فوراً اون دونون مین سے ایک کو اوٹھاکر دریافت کیا کہ کیا یہی وہ بوتل ہے لیڈی نے کہا ہان - ملزم نے یہہ سُنکر فوراً بوتل مذکور مین پانی ڈالا اور اوسکو ہلانے لگا اور اوس کے دہوون کو ایک برتن مین جسمین دہوون کا پانی ڈالا جاتا تھا ڈال دیا - لیڈی نے کہا کہ تم بوتل کو مت چہوو یہہ سُنکر ملزم نے دوسری بوتل کو بہی جبراً اوٹہا لیا اور اوسمین بہی پانی ڈال کر خوب ہلایا اور اوسکو پانی مین انگلی ڈبوکر چکہی اور مزہ دریافت کرنے لگا اوسپر لیڈی نے کہا کہ تم کیا کرتے ہو بوتل مت چہوو اسپر ملزم نے کہا کہ مین چکہکر اوسکا مزہ دریافت کرنیکے لیئے یہہ کرتا ہون حالانکہ ملزم نے پہلی بوتل کا مزہ چکہکر دریافت نہین کیا تھا - اس کے بعد ملزم نے لیڈی کی خادمہ سے کہا کہ بوتلون کو اور اوس برتن کو جسمین میلا پانی تھا یہان سے اوٹھا لیجا - اس کہنے پر خادمہ نے اون چیزون کو اوٹھایا مگر لیڈی نے اوٹھا لیجانے سے منع کیا اسپر ملزم نے خادمہ کو تاکید سے کہا اور وہ

اوسکو قاتل اور سزا سے موت کا مستوجب نہیں سمجھا جاتا ہے کوئی اور جرم کا مجرم ہو پاتا ہو
مگر قتل عمد کا مجرم کسی طرح نہیں ہو سکتا ہے - کیونکہ ہم ہر روز دیکھتے ہیں کہ لوگ اور کسی کے
الزام جرم سے بچانیکے لیئے یا اپنی اپنی غلطی سے جو تالوگ جرم نہیں سے عمداً اخلاقاً اور دیدہ دا
الیسے حالات معلوم ہوتی ہیں اوسکی چھپانے کے لیئے علامات کو مٹاتے ہیں اور جھوٹی باتیں
اوسپر بڑھا دیتے ہیں - ایسی لاشون کے متعدد مقدمات ہیں جو غیر آباد مقاموں میں پائی جاتی
ہیں یہ بات اکثر ثابت ہوئی ہے کہ جب کسی شخص کی بیت یا زنانہ ملاقات میں کوئی لاش پائی
گئی اوسکو اوس مقام سے قابض نے اپنی غرض سے دریا میں یا چاہ یا تالاب وغیرہ میں ڈالا یا
بادلوا دیا یا کسی اور مقام میں دفن کرا دیا ہے کہ کہیں اسپر قتل کا الزام نہ لگ جائے تو ایسے
ایسی صورت میں ثابت ہوئی ہیں کہ ایک شخص نے عمداً قتل کا ارتکاب کیا ہے اور کسی
اپنے دوست سے التجا کی ہے کہ اوسکو اوسکی سزا سے بچانیکی تدبیرات عمل میں لاؤ علاوہ
انکے صورتون کے مسلمان اور ہندو شریف اقوام عورتون کی لاشون کی عمل تشریح کرانے میں
سلیے بے دلی اور بے غیرتی اور مردون کی لاشون کی تشریح میں میت کی بےحرمتی سمجھتے ہیں اور
فیصدی نوے آدمی ایسے ہیں کہ اس فعل سے ہر ایک تدبیر سے مانع ہوتے ہیں - پس جب
مت سے اسباب ایسے ہیں کہ جن سے لاش یا سبب موت چھپایا یا علامات مٹائے جائیں
تو یہ کیونکر قطعی طور پر قرار دیا جاسکتا ہے کہ علامات کا مٹانے والا ہی قاتل ہے اسی وجہ سے
قانون تعزیرات میں جرائم کی شہادت کے چھپانے یا سبب موت کی مخفی کرنیکے لیئے لاش کے
مخفی کرنیکو ایک علحدہ جرم قرار دیا گیا ہے - پس اگر عقل سلیم اور پورے انصاف سے کام
لیا جاتا تو نظیر مذکورہ بالا میں ملزم کو زیادہ سے زیادہ سبب موت کے پوشیدہ کرنے یا جرم کی
شہادت مخفی کرنیکا مجرم قرار دیا جاسکتا تھا نہ قتل عمد کا -

قیاسات پر عمل کرنیکا قاعدہ صحیح یہ ہے کہ جو نتیجہ اوس سے نکالا جائے وہ قطعی طبعی اور لازمی
ہو یعنے ایسا ہو کہ جس سبب پر وہ مبنی کیا جاتا ہے سوائے اوس سبب کے اور کسی سبب سے
پیدا نہو سکتا ہو کیونکہ سلسلہ قیاسات یہ ہے کہ جو شخص کسی شئے کو چھپاتا ہے اوس شئے
کا اظہار اوسکی کسی غرض کے مضر ہے اور چونکہ ملزم الظاہر نیت موت کو چھپاتا ہے یعنی اوس کے
علامات کو مٹاتا ہے اور جھوٹا سبب موت کا بیان کرتا ہے اسلیئے صحیح انکشاف سبب موت
اوسکی غرض کے خلاف ہے - اس مسئلہ پر یہ کہنا تو درست ہے کہ اظہار و انکشاف خفیف

کی تشریح نہیں ہوسکی اور بہ نسبت سے اور امور میں تحقیقات نا تمام رہی جب کورونر کے روبرو مقتول کی ماں اپنے اظہار میں بوتل کو اوٹھانے اور دوا ڈالنے کی کیفیت بیان کرنے لگی تو ملزم نے اوسکو روکنا چاہا اور کہا اس بات کے بیان کی ضرورت نہیں ہے صرف سوال کی جواب دینے کی ضرورت ہے۔ ملزم نے ایک پہاٹی کورونر اور ایک جوری کو لکہی تہی اوس میں اوس نے اونکو یہہ باور کرانیکی کوشش کی تہی کہ شخص متوفی نے خود اپنی مطلب سے وہ سنکہیا کہا لیا ہے جسکو مچھلی مارنے کے لئے مول لیا تھا۔

تحویز کے وقت چار ڈاکٹر اور تین طبیب اور ایک دواساز کا اظہار منجانب مدعی لیا گیا اونہوں نے اپنی رائے قطعی بیان کی یہہ رائے بہ نظر علامات اور دفعتہً وقوع موت اور مشاہدہ حالات قبل موت اور دوا کی بو پر جو مقتول کی ماں نے بیان کی اور اسطرح کے آثار پر جو تجربہ حیوانات سے ظاہر ہوئے تھے مبنی تہی کہ شخص مقتول کو زہر عرق لارل دیا گیا ہے۔ اون میں سے ایک نے بیان کیا کہ لاش کی تشریح کے وقت ایک تلخ ذائقہ محسوس ہوا تہا جو مثل ذائقہ زہر لارل کے تہا۔ ایک بڑے جراح ڈاکٹر کی اور ایک ماہر فن تشریح کی ملزم کیطرف سے زبان بندی لیگئی اونکی رائے ناطق یہہ تہی کہ ان علامات سے یہہ قطعاً نتیجہ نہیں نکلتا ہے کہ شخص مہلوک زہر دیا گیا۔ اور تشریح کی کیفیت سے بجز بوسیدگی لاش کے اور کچہہ ظاہر نہیں ہوا۔ انجام کار ملزم کو عدالت نے مجرم قرار دیا اور اوسکو سزائے موت دیگئی۔

واضح ہو کہ اسمقدمہ میں علامات کو مٹانے اور سبب موت کے چہپانے اور اس غرض سے کئی جہوٹے بیانات کرنے سے عدالت نے ملزم کے خلاف قیاسات قایم کئے اور اونکی بنا پر اونکو مجرم قتل عمد کا قرار دیا۔ لیکن اس زمانہ میں حالات مذکورہ میں ملزم کے خلاف جو قیاس پیدا ہوتے گو وہ ایک درجہ تک بطور ثبوت تائیدی کے کارآمد ہوسکتی ہیں لیکن بلا کسی اور شہادت کے اثبات جرم کے لئے کسی طرح کافی نہیں ہوسکتی ہیں کیونکہ اونکا طبعی اور لازمی نتیجہ یہی نہیں ہے کہ جو شخص علامات کو مٹاتا ہے یا سبب موت کی تحقیقات کا مانع ہے یا جہوٹی باتیں بیان کرتا ہے اوسی نے زہر دیا ہے اور وہ ہی قاتل ہے۔ ممکن ہے کہ زہر کسی اور نے دیا ہو یا متوفی نے خود غلطی سے کہا لیا ہو یا ملزم نے غلطی سے بلا علم و نیت مجرمانہ کے دیدیا ہو اور خوف و دہشت سے ملزم اپنے آپکو ادنیٰ الزام خطا سے بہی بچانیکے واسطے یا اوس شخص کے بچانے کیواسطے جسنے زہر دیا ہے یہہ افعال و حرکات کی ہوں اور اسصورت میں

# لکچر نمبر ۱۱ سنہ ۱۳۳۲ ف

## سلسلہ کیلئے پہلا رسالہ

# اصول موازنہ شہادت

# قیاسات

## قیاسات جو اطوار و اوضاع مابعد ارتکاب فعل سے پیدا ہوتے ہیں۔

اسی بحث قیاسات اطوار و اوضاع کے تحت میں وہ قیاسات بھی داخل ہیں جو انسان کے چہرہ کا رنگ وضع و حرکات و سکنات سے مستنبط کیجاتی ہیں انکو علامات قیافہ کہتے ہیں۔

پہلے زمانہ میں یورپ میں یہ علامات بھی وجہ ثبوت جرم کے لئے کافی سمجھی جاتی تھیں لیکن ہمارے اس زمانہ میں ان کی کچھ وقعت نہیں رہی۔ قانون اہل اسلام کی رو سے اس قسم کے امور پر عمل نہیں ہو سکتا ہے وہ بالکل قانون ایسی نامعقول باتوں سے پاک ہے۔

چونکہ اس زمانہ کے ضابطوں میں گواہوں کی ان اوضاع و اطوار و سماسے حال پر جو اظہار دیتے وقت طاری یا ظاہر ہوں حاکم کو نظر رکھنے کا حکم دیا گیا ہے اس غرض سے کہ ان کی رو سے انکی شہادت کی صداقت کا موازنہ و امتحان کیا جائے۔ اسلئے یہ امر عبارت میں کم و بیش داخل ہو گیا ہے کہ مظہر

اور اسکی غرض اس سے ملا دینا ہے لیکن یہ نہیں کہا جاسکتا ہے کہ وہ ہی قاتل ہی ہے کیونکہ علامات
کا مٹانا یا چھپانا ایسا [illegible] نہیں ہے کہ جسکا نتیجہ خواہ مخواہ یہی ہو کہ وہ ہی قاتل ہے [illegible]
ہے کہ یہ اور اسباب سے بھی ممکن ہے۔

اسی کی کتاب کی دفعہ ۷۰ میں اور بھی نظایر درج ہیں جنکا ذکر کرنا مفید ہے۔ سلطنت
پادشاہ بنام گوکل میں ملزم کو ایک مہاجن کے قتل عمد کرنیکے جرم میں سزائے موت دیگئی۔ حالات
یہ تھے کہ ایک مہاجن ملزم کے گھر زر قرضہ طلب کرنیکے لیئے گیا تھا اوسکے بعد سے وہ نہیں ملا
معدوم ہوگیا [illegible] شبہ ہوا اور تحقیقات سے معلوم ہوا کہ ایک روز [illegible]
مہاجن ملزم کے گھر گیا تھا لاش کے جلنے کی بو اندر ملزم کے گھر [illegible] محسوس ہوئی اور
تلاشی کے وقت لاش کی خاکستر اور لاش کا ایک حصہ جو جلنے سے باقی رہ گیا تھا [illegible] مکان
میں ملا۔ ان حالات پر ملزم ہی کو قاتل قرار دیا گیا اور اوسکو سزائے موت دیگئی۔

مکان مذکورہ کے قبضہ کی کچھ کیفیت رپورٹ سے نہیں معلوم ہوتی [illegible] ایسا تھا
کہ ملزم کے قبضہ حقیقی میں تھا اور ملزم اوسی میں رہتا تھا اور بجز اوسکے اور کوئی وہاں نہیں
رہتا تھا تو یہ ایک ایسا قرینہ ہے کہ جب تک وہ اوس کے خلاف نہ ظاہر کرے اوسکو
قاتل سمجھا جائیگا اور اگر وہ مکان گو ملزم کی ملکیت ہو مگر اور لوگوں کا بھی قبضہ ہو تو یہ قرینہ
بدل جائیگا کیونکہ پھر کوئی خصوصیت ایسی نہ رہیگی جس پر اوس واقعہ کو ملزم ہی کی ذات سے
منسوب و مختص کیا جا سکے۔

ایک مقدمہ کے حالات یہ ہیں کہ ایک ڈاکٹر کے مطب کے کمرہ میں آدمی کی جلی ہوئی
خاکستر اور اوسکے سونے کے سوٹرے ملے اور چند ان سامانوں کی شناخت کرکے بیان کیا کہ [illegible]
[illegible] میں فلان کے سامان [illegible] ڈاکٹر صاحب کو قاتل قرار دیکر سزا دیگئی۔

ان دونوں مقدموں میں ملزموں کی مکانات مقبوضہ میں انسان کا جلانا ثابت ہوا کیونکہ
اوسکی خاکستر اور دیگر چیزیں برآمد ہوئیں اور سہ اول قتل کرنیکا قیاس اور بعد [illegible] جلا کر
لاش غائب کرنیکا قیاس پر جرائم ثابت قرار دیے گئے۔

اسمیں شک نہیں کہ اخفا کرنا ایک ایسا امر ہے کہ ایک قیاس خلاف پیدا کرتا ہے اور
[illegible] جرم کی وجہ ثبوت ہوجاتا ہے مثلا اگر کوئی شخص کسی مال مسروقہ کو غیر معمولی مقام میں چھپائے
مثلا زمین میں دفن کرے یا دیوار میں یا چھت میں گاڑ دے تو اس سے یہ قیاس پیدا ہوا
کہ وہ اوسکا مسروقہ ہونا جانتا ہے یا باور کرنیکی وجہ رکھتا ہے اور اس قیاس کی تردید اوسکے ذمہ ہوگی۔

جرم کا اقرار کرلیا۔ اور کلارک کی لاش کے دفن ہونے کا مقام بھی بیان کر دیا۔ چنانچہ اوسکے بیان کے مطابق وہ لاش پائی گئی

گو اسمقدمہ میں خشک الفاظ سے علامات ندامت کی بنا پر اصلیت کھل گئی مگر ہمیشہ ایسا نہیں ہوسکتا ہے اور نہ اوس پر عمل کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اکثر بیگناہ لوگ جھوٹے الزام میں گرفتار ہو کر حاضر کئے جاتے ہیں۔ اور وہ اپنی حالت کو خطرہ میں دیکھتے ہیں اور نہیں جانتے کہ خوف سے ایسے خوفزدہ ہو جاتے ہیں کہ اوسکے چہرہ سے علامات خوفزدگی نمایاں ہوتی ہیں۔ اور اسوجہ سے کہ وہ بیچارے اول ہی دفعہ ایسی بلا میں مبتلا ہوئے ہیں زیادہ تر وہ علامتیں قوی ہوتی ہیں۔ حالانکہ تجربہ اسکی شہادت دیتا ہے کہ اصلی اور دائمی مجرم      وہ جرائم کا ارتکاب کر چکا ہے اور سزا پا چکا ہے ایسا سخت دل ہو جاتا ہے کہ وہ خواہ سچے الزام میں گرفتار ہو یا جھوٹے میں اوسپر مطلق کچھ اثر نہیں پڑتا وہ نہایت ڈھٹائی سے جواب دیتا ہے اور جب اوسکا جرم ظاہر ہو تو بھی وہ ایک ایسے طریقہ سے پیش آتا ہے کہ اوسکے بشرہ سے کوئی خوف کی علامت ظاہر نہیں ہوتی ہے۔

پس جبکہ ندامت کی علامات کی یہ کیفیت ہے تو بقول ارش اور دیگر دانشمند مصنفین کے ندامت کی علامات پر زیادہ اعتبار کرنا نہایت حماقت اور خلاف نصفت ہے۔ اور یہ بالکل سچ ہے۔ ہر انسان ہر روز دیکھتا ہے کہ جو شخص کسی مصیبت میں جو خدا کیطرف سے نازل ہوتی ہے۔ مثلاً بیماری یا وبا یا آتشزدگی یا غرقی یا کسی اور بلائے ناگہانی میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ خوف سے پریشان حال اور بدحواس ہو کر کچھ کا کچھ بیان کرنے لگتا ہے حالانکہ وہ خود اوسکا مرتکب نہیں ہے وہ خدا کی طرف نازل ہوئی ہیں۔

مسٹر بیسٹ مشہور نامی مصنف نے اپنی کتاب شہادت میں اس بارہ میں اچھی تقریر کی ہے۔ اوسکو ہم بھی یہاں درج کرتے ہیں۔ جب کوئی شخص پر کسی جرم کا اتہام لگایا جاتا ہے یا اوسکو معلوم ہوتا ہے کہ کسی جرم کے ارتکاب کا اوسکی نسبت شبہ ہے تو اوسکے مرتکب طبعی سے جو خوف زدگی کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ وہ بعض وقت بطور قرینہ مجرمیت کے سمجھی جاتی ہیں۔ علامات طبعی جن سے خوفزدگی ظاہر ہوسکتی ہے یہ ہیں۔

چہرہ کا سرخ ہو جانا۔ یا رنگ کا فق ہو جانا۔ یا جسم میں لرزہ کا پیدا ہونا۔ یا تپش قلب و اضطراب یا عرق عرق ہو جانا۔ یا اضطراراً اسہال یا قے کا ہونا۔ گریہ کرنا۔ آہ آہ کرنا۔ آواز کا دب جانا۔ یا چہرہ کا پژمردہ ہو جانا۔ گھبراہٹ سے ہچکی لینا۔ دم کا خلاف عادت آگے پیچھے پڑنا۔ زبان کا لڑکھڑانا۔ غمگین سوچیں میں بیٹھنا۔ باتیں کرنے میں کوشش کرنا۔ یا باریک آواز کا نکلنا۔ یا نہ نکلنا وغیرہ۔

سے لیے تاہم درست ہو کیونکہ حاکم قیاس کر لیتا ہے اوسکی بیان کے سوا بنا اعتبار کے وقت اوسپر بھی لحاظ کرتا ہے
اور یہ بات ایسی قوی ہو جاتی ہے کہ مقدمہ کے اہم امور تک سرایت کرتی ہے اور جب کسی ملزم کا بیان
لیا جاتا ہے اور اوسکے بیانہ سے کچھ قیاس کر لیا جاتا ہے تو اوسکے بیان کی وقعت پر بھی اوسکی بہت
تاثیر پڑتی ہے۔ اور بالآخر یہ کار حاکم کے ہاتھ میں بجز ایک آلہ خطرناک کے خالی ہے اسلئے ہم قیاسات
بیانہ کی نسبت بہی بحث کرنا مناسب سمجھتے ہیں۔

جو شخص بیانہ سے قیاسات مستنبط کرنے اور اون پر عمل کرنے کے طرفدار ہیں وہ اصول یہ وجوہ
بیان کرتے ہیں کہ جن لوگوں کا دل رنگارنگ گناہوں سے آلودہ ہے اونکی بھی راستی اور صدق کیطرف
طبعاً ایک میلان موجود رہتا ہے الا اوس حالت میں کہ وہ دل کو ہر طرح پر رو کے ساتھ صدق و راستی
سے پھر کر احاطہ راستی کیطرف کھینچ لیجائیں یہ فطری آئین طبیعت بشری کا بعض اوقات بڑی وقعت
و اعتبار کا باعث ہوتا ہے اور بہت سے جرموں اور اصلی امور کیطرف راہنمائی کرتا ہے گو یہ شرح بیان
لفظ بظاہر ناظرین پر صحیح معلوم ہوتی ہے لیکن فی الحقیقت بالکل جھوٹ ڈالنے والی ہے جیسا کہ آئندہ کے
بیانات سے معلوم ہوگا۔

اصول مذکورہ بالا کی رو سے جن مقدمات میں ملزم کے اوضاع و اطوار سے جو بیان کے وقت پائے
گئے قیاس کیا گیا اور اوس قیاس پر اوسکو مجرم قرار دیکر سزا دیگئی اونکی سے صرف ایک مقدمہ بطور
اس بحث کے ذہن نشین کرنے کے لئے درج کرتے ہیں۔ مسمی ایوجن ارام سے وہ مسمی مجرم قتل ڈینیل کلارک
کے گرفتار ہونے کے حالات یہ ہیں کہ کلارک کے مفقود ہو جانے کے تیرہ برس کے بعد ایک پہاڑ کی چوٹی پر
ایک مزدور کو بہت کہودنے وقت ایک آدمی کی کہانی ڈ زمین میں ملی اور فوراً یہ شبہ کیا گیا کہ یہ کلارک کی
لاش ہے۔ اوسکی تحقیقات بہت سرگرمی کے ساتھ کرونر (یعنی وہ عہدہ دار جو سبب موت کی تحقیقات
کرتا ہے) نے شروع کی یہ معلوم ہوا کہ جس رات کو کلارک گم ہوا تہا مسمی ارام اور ہاوسمن اوسکے ساتھ تہے
صرف اسی وجہ پر وہ گرفتار ہوا۔ جسوقت ہاوسمن محکمہ تحقیقات میں حاضر کیا گیا اوسکے بشرہ سے علامات
خوف زدگی کی ظاہر ہوتی تہیں کورونر کے سوالات کے جواب دینے میں ہاوسمن نے اون ہڈیوں میں سے
ایک ہڈی اوٹھالی اور گہبراہٹ میں اوسکے موہنہ سے بے ساختہ یہ الفاظ نکلے کہ اگر یہ ہڈی ڈینیل کلارک
کی ہے تو میری کبھی ہو سکتی۔ اوسکے گہبرانے اور ان الفاظ کے کہنے پر حاکم نے یہ استدلال کیا کہ اگر اوسکو
یقین کے ساتھ معلوم ہے کہ وہ ہڈیاں کلارک کی نہیں ہیں تو البتہ وہ کچھ خبر اوسکی بیان کر سکیگا اسلئے
اوس سے بار بار بہت مرتبہ پوچہا گیا اوسنے اول بہت سے حیلے حوالے کئے۔ آخرکار مجبور ہو کر اسکا

مقدمہ میں کردیا جاتا ہے۔ اسی طرح اگر کوئی [illegible] کیا ہوا [illegible] اس کا [illegible] ہوا ہو اور اس وجہ سے [illegible] ہو۔ پس کسی طرح ان علامات پر [illegible] کیا جا سکتا ہے کہ [illegible] جرم کے کرنے کے خوف کے سبب [illegible] ہوں جیسے [illegible] کہا گیا ہے [illegible] جرم کے کوئی [illegible] ارتکاب جرم [illegible] اور [illegible] عمل کیا جانا چاہیے جیسا کہ عوام کے زبان پر ہے کہ [illegible] لیکن [illegible] درست نہیں ہے کہ [illegible] کوئی [illegible] خلاف جرم کے [illegible] کیونکہ [illegible] لوگ [illegible] سکوت ہی کو مرجح سمجھتے ہیں [illegible] جواب دینے [illegible] فائدہ [illegible] اسیلئے سکوت کوئی قرینہ مجرمیت کا نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ وہ اور اسباب سے بھی ممکن ہے۔

اس اہم اصل و قاعدہ [illegible] کو [illegible] کہ [illegible] بیان کریں جو اکثر پیش آ سکتے ہیں کہ [illegible] کی نسبت اور [illegible] جرم کا [illegible] حاصل کرنا چاہیئے۔ جس کی نسبت بیشتر پہلے [illegible] کیا گیا۔ ہر ایک مقدمہ میں [illegible] کی ہوشیاری اور تجربہ اور [illegible] پر منحصر ہے۔ [illegible] قرائن میں باہم متحد نہیں ہوسکتے ہیں۔ اسیلئے ہر ایک میں [illegible] اور [illegible] قوی ہوگا یا ضعیف ہوگا اور بلحاظ حالات خاص کے [illegible] ہوں۔ [illegible] ہوں بعض [illegible] وقرائن [illegible] قطعی کے درجہ کو پہنچ گئے۔ اور بعض [illegible] اور [illegible] ہوں گے۔

چونکہ ان علامتوں میں سے ہر ایک کی قدرت صرف اسی امر پر منحصر ہے کہ علامات مذکورہ بالا بسبب
خوف گرفتاری ... اوس مجرم کے جو اوسکا مرتکب ہوا کیا جاتا ہے پیدا ہوئی ہوں - اسلئے دو قسم کے
قرائن سے حالات ملتبسہ حاصل ہوسکتے ہیں - اول یہ کہ ممکن ہے کہ اوس شخص کے دل میں کوئی خوف بسبب
علامات مذکورہ کسی بیماری یا آثار دیگر حرکات طبعی کے ہوں جیسے ... اغماء و ضعف وغیرہ کے ہوئے ہوں - مثلاً
علامت ... جیسے - حیرت - حالت ... کے سبب سے پیدا ہوئی ہے -
دوم گو کہ یہ بالکل ثابت ہو کہ خوف زدگی موجود ہو جو علامتوں سے صاف ظاہر ہوتی ہے لیکن کسطرح وہ
موت ... کی ارتکاب اوس جرم کی بابت اوسکی طرف منسوب کیا جاتا ہے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ ... زندگی
کسی اور جرم ... ہوا ہے جسکو خود اوسنے یا اور لوگوں کے ساتھ ملکر کیا تھا - اور اب اوسکے حال کے
کھل جانے کا اندیشہ ہے یا وہ شخص جرم کی وجہ سے چھپا ہوا تھا اب لوگ اوسکو پہچان کر اوسکو گرفتار
کر لینگے یا گو الزام اوس پر محض جھوٹ لگایا ہے لیکن اوسکی حالت ایسی ہے کہ وہ اپنی نوکری سے جو
... ہے معزول ہو جائیگا یا اوسکے کاروبار کے اعتبار موجودہ میں فرق آجائیگا اور ایسا نقصان
پہونچیگا کہ وہ تباہ ہو جائیگا یا اوسکے دوست و احباب جو نازک مزاج اور احتیاط میں غلو کرنیوالے اوسکو
اپنی جماعت سے خارج کر دینگے اور اسوجہ سے وہ تمام عمر کے لئے نہایت بڑے بڑے فواید سے اور اعزاز سے
محروم ہو جائیگا - یہ بھی ممکن ہے کہ اوسکی طبیعت ایسی حالت میں ہو کہ وہ ایک بات کے سننے سے بھی ملزموں
کے گھیرے ہونے کی جگہ کھڑا ہو جاتا اسپر جسکو نہایت ہی ... برا سمجھتا ہو - یہ بھی ممکن ہے کہ بسبب یاد
آنے کسی امر کے جو جرم کے سبب سے ہو لیکن اوس سے نکلنا اور اوسکے ظاہر ہونے کا احتمال ہے
نہیں ہے اور ... بہت سے اسباب سے خوف زدگی کی علامتیں پیدا ہو سکتی ہیں -
علاوہ اسکے خوف سرایت ہے - ایک بے گناہ شخص جو خواہ خود کر لیا جاتا ہے اوسپر بھی خوف سا
طاری ہو جاتا ہے خصوصاً جب اوسکے دل میں اون تکالیف اور دقتوں اور اذیتوں کا خیال پیدا ہوتا ہے
جو اوسکو ... عزت حاصل کرنے میں پیش آئینگی - اور یہ ایسا قرینہ ہے کہ جسکی وقعت و اعتبار بہت بڑا
ہے کیونکہ کبھی انسان خوف سے اپنا گھر بار چھوڑ کر اپنے بچانے کے لئے بھاگ جاتا ہے - اسکا اثر حاکم عدالت
کی حیثیت اور اوسکی طرز تجویز و ضابطہ ... اوس ملک کے جہاں تجویز ہوتی ہے منحصر ہے - مثلاً ایسی
ایسی صورتیں بھی ہیں کہ ایک بے گناہ شخص غلطاً اپنے آپ کو مجرم قیاس کرتا ہے -
(یہ صورتیں پہلے لکچر میں شہادت بقرائن حال میں بیان ہو چکی ہیں -) مثلاً کوئی سرقہ کا عادی ...
چور فلانا کسی سرقہ کے گرفتار ہوا ممکن ہے کہ علامات خوف زدگی اوسپر ظاہر ہوں اور وہ اس سرقہ کو جسکے

# لکچر نمبر ۱۲ سنہ ۱۳۱۳ف

# اصول موازنۂ شہادت

## تخمین و موازنۂ شہادت کے قواعد

صریح شہادت و شہادت لقراین حال و قیاسات قانونی و عقلی کے بیان کے بعد ہم اب ان اصول و دستورالعمل کو بیان کرتے ہیں۔ جنکی رو سے شہادت پیش شدہ کی مدارج کا تخمینہ و موازنہ کیا جاتا ہے۔

چونکہ مقدمات سب انتہا مختلف صورت و حالت کے ہوتے ہیں۔ اسلئے تعین کے ساتھ یہ بیان نہیں کیا جاسکتا ہے کہ کس ثبوت کو ثبوت کافی تصور کرنا چاہئے۔ صرف اسیقدر کہا جاتا ہے کہ وہ ثبوت جسکو ثبوت کافی کہا جاتا ہے ایسا ہو کہ جس سے مجوز کی تشفی اور اطمینان ہو جاوے اور یہ امر مجوز کے دانشمندانہ صوابدید پر منحصر ہے کہ بلحاظ صورت مقدمہ کس ثبوت سے اسکی تشفی و اطمینان ہو سکتا ہے۔ اسیواسطے کوئی قانون اسباب میں کسی سرکار نے جاری نہیں کیا۔ ثبوت کے کافی او تشفی بخش ہونے یا نہونے کا موازنہ و تخمینہ مجوزین کی دانشمندانہ راے پر چھوڑ دیا گیا ہے۔

ڈائجسٹ ۳۲۲ کوڈ ۱۹۴۔ ڈائجسٹ ۵۲۲ کوڈ ۲۰۴۔ مین ایک فرمان شاہی درج ہے اوس مین سے عبارت ذیل جو اس بحث سے متعلق ہے یہاں نقل کرنا اس بحث کے سمجھانے کے لئے ضروری ہے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

لیکن مقدمات دیوانی مین بھی صرف اسقدر رجحانِ وجہ ثبوت کا جو صرف ایک جانب کے پلہ کے جھکنے کی ترغیب دے سکے ہمیشہ کافی نہین ہو سکتا ہے اور یہ غیر کافی ہونا وجہ ثبوت کا اون مقدمات مین ہوگا جسمین ایک استحقاق قانونی جو ایک دفعہ مقبول اور قایم ہو چکا ہے اوسکی تکذیب و ابطال یا کسی قیاس قانونی کی تردید غیر ممکن ہو۔ مثلاً کوئی شخص بہ مخالفت ورثائے قانونی کے موصی لہ ہونے کا دعوے کرے تو ثبوت کامل وصیت کا مع جملہ لوازمات متعلقہ کے پیش کرنا لازم ہوگا۔ اور وجہ ثبوت بقرائن حال کافی نہین ہو سکتی ہے۔ کیونکہ موجودگی وارثون کی خود ایک ایسا قرینہ ہے کہ اوس سے وصیت کا بیضرورت ہونا مطلق ہونا قیاس کیا جاتا ہے خصوصاً جب وصیت غیر وارث کے حق میں ظاہر کیجاوے اور وارثون سے مورث کا محبت رکھنا پایا جاوے تو اور بھی قیاس مذکور قوی ہو جائیگا۔ لیکن جب کوئی وارث نہو تو وصیت کا ثبوت وجہ ثبوت بقرائن حال سے بھی اگر قرائن قوی اور معقول ہون تو ہو سکتا ہے۔

جس صورت مین قانون کی رو سے کوئی قیاس کسی امر کے وقوع کا پیدا ہو تو اوس صورت مین اوسکی تردید کے لئے اوسکے عکس کا ثبوت کامل پیش کرنا لازم ہوتا ہے یا کم سے کم ایسے حالات ثابت کرنا ضرور ہے کہ جن سے ایسا قیاس پیدا ہو سکے جو اوس قیاس کے برعکس اور اوس سے قوی تر ہو۔ چنانچہ قانون ہر شخص کو بیجرم قیاس کرتا ہے لیکن اگر یہ ثابت کر دیا جاوے کہ زید نے عمر کو مارا ہے تو قیاس بیجرمی بدل جاویگا اور جب تک زید ایسی حالتون کو ثابت نکرے جن سے اوسکی بیجرمی ثابت ہو یا جن سے جرم کی تقلیل ہو۔ جب تک یہ قیاس کیا جائیگا کہ زید نے دشمنی و عداوت سے یہ فعل کیا ہے۔ مثلاً یہ ثابت ہوگا کہ زید نے عمر کو مارا ہے تو قیاس قانونی یہ ہوگا کہ زید مجرم اور مستوجب سزا ہے۔ اگر زید یہ ثابت کر دے کہ اوسنے حفاظت خود اختیاری مین مارا ہے یا وہ فتور عقل کی حالت مین مارا ہے تو زید بیجرم قیاس کیا جاویگا اور اس قیاس سے پہلے بیجرمی قیاس کیا جائیگی اور اوسکے مخالف قیاس کی تردید ہو جائیگی۔ اگر زید صرف یہ ثابت کر دے کہ عمر نے اوسکو اشتعال طبع دلایا اور اوسنے ناگہانی اشتعال طبع مین مارا ہے تو اس سے اوس قیاس کی جو عمر کی وجہ ثبوت سے زید کے خلاف پیدا ہوا تھا تردید کلی نہین ہوتی ہے لیکن اوس سے جرم کی نوعیت بدل جائیگی اور سزا کی مقدار مین کمی ہو جائے گی۔

واضح ہو کہ مقدمات فوجداری مین مجرم قرار دینے کے لئے یہ ضرور ہے کہ وجہ ثبوت ناطق اور قطعی ہو۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ کبھی وجہ ثبوت بذاتہ مکمل اور ناطق نہین بھی ہوتی ہے۔ لیکن ملزم کیطرف

یہ امر کہ ہر ایک مقدمہ میں کس قدر وجوہ کو وجہ ثبوت تصور کرنا چاہیئے صحت اور درستی کے
ساتھ متعین نہیں ہو سکتا ہے کیونکہ بعض اوقات تعداد گواہان اور بعض اوقات اون کے مدارج و
اقتدار اور کبھی قول متفقہ عام خلایق سے استحکام ثبوت امر تحقیق طلب کا ہوتا ہے ہم جسقدر تم کو
ہدایت کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ تم کو نہیں چاہیئے کہ اپنے آپ کو ایک خاص قسم کے ثبوت کا
پابند کرو بلکہ اس امر کا فیصلہ اپنے دلوں پر چھوڑنا چاہیئے کہ کونسا ثبوت علے سبیل الکمال قائم
کیا گیا ہے اور کونسا نہیں کیا" دفعہ ۱۷۷۔ قانون شہادت نارتھ۔

واضح ہو کہ جس مقام میں حقوق دیوانی زیر تجویز ہوں وہاں ادنی احتمال بھی بطور بنیاد
تجویز کے قبول ہو سکتا ہے لیکن مقدمات فوجداری میں ایسا نہیں ہو سکتا کیونکہ اون میں آزادی و
عزت و جان معرض خطر میں ہوتی ہے احتیاط اس میں لازم ہوتی ہے۔

مقدمات دیوانی میں اگر ثبوت جانبین قریب قریب مساوی کے ہو تو ایک رجحان و غلبہ
ایک طرف کی شہادت کے پلہ کو جھکا دینے کے لئے کافی ہو سکتا ہے۔ مثلاً ایک مقدمہ کے حالات
یہ ہیں کہ زید نے عمر پر کسیقدر روپیہ کے دلائے جانے کا دعوے ایک تمسک کی بنا پر دائر کیا۔ یہ
تمسک عمر نے ایک شخص کے حق میں لکہا تہا اور اوس شخص سے زید نے خرید لیا تہا۔ گو گواہان حاشیہ
تمسک مذکور فوت ہو گئے تہے لیکن تحریر تمسک اور اوسکی شناخت چار گواہوں کے ذریعہ سے
زید نے ثابت کی۔ عمر کے پانچ گواہوں نے یہ بیان کیا کہ اگرچہ تمسک اسیقدر تعداد زر کا اور اوسی
تاریخ کا عمر نے لکہدیا تہا لیکن جو تمسک کہ پیش کیا گیا ہے وہ بلحاظ اوس تمسک کے مختلف العبارت
ہے اور یہ تمسک وہ تمسک نہیں ہے کہ جسپر ہم سب نے دستخط کی ہتی۔ اور جسکو عمر کو لکہتے ہوئے دیکہا
تہا۔ صدر عدالت نے یہ تجویز کی کہ عمر کے گواہوں کے اقرار و بیان سے وجود ایک ایسی قسم کے
تمسک مساوی التعداد اور تاریخ کا ثابت ہے وہ بلالحاظ دیگر امور کے ایک واضح علت اسلئے کافی
ہے کہ زید کی شہادت کا پلہ بہاری سمجہا جائے لہذا بحق زید ڈگری ہونی چاہیئے۔ نظائر مدراس
جلد ۱۔ صفحہ ۲۵۷۔

اکثر معاملات دیوانی میں جب حق کسی شخص کا مشکوک و مشتبہ ہو اور دعوے فریقین
کی تائید مساوی وجہ ثبوت سے ہوتی ہو تو اسصورت میں صرف رجحان اور غلبہ وجہ ثبوت کا ایک فریق
کی شہادت کے پلہ کے جہکا دینے کے لئے کافی ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ صورت ایسے جملہ مقدمات
دیوانی میں واقع ہوتی ہے جن میں تماسک قانونی یا استحقاق ظاہری دونوں کسی فریق کیطرف نہو۔

لیکن تیز فہم و تجربہ کار حاکم اسیطرح پر قادر ہوتا ہے کہ جسطرح کامل جوہری سچے جواہر کو جھوٹے جواہر
سے چن لیتا ہے اسیطرح وہ حاکم سچ کو ناحق سے امتیاز کرکے جدا کرلیتا ہے اگر اسکے تمیز اور انتخاب کے
بعد بقیہ شہادت قابل وثوق باقی رہے تو اوسپر لحاظ اور کرنا لازم ہے یہ کہنا چاہیئے کہ شہادت کے کسی
جزو کے عدم صداقت سے ملوث ہوجانے کی وجہ سے کل شہادت کو رد کیا جائے [illegible] لیکن اگر کل شہادت
میں سے غیر صادق اور ملوث جزو کو خارج کرنے کے بعد اسقدر شہادت باقی [illegible] کہ وہ قانوناً کافی
متصلہ ہوسکے یعنی متصلہ صادر کرنے کے لئے کافی ہو سکے تو اوس پر عمل کرنا چاہیئے مثلاً کسی واقعہ میں
طلب کے چند گواہ سچے ہوں اور بجز اونکے بعض گواہ جھوٹے ہوں اور بعض [illegible] زائد بیانی پر کوئی
اعتراض ہوسکے اور واقعہ کا واقع ہونا یقینی ہو تو اسصورت میں جھوٹے گواہوں کی شہادت کو خارج
کرکے باقی گواہوں کی شہادت کی بنیاد پر اوس واقعہ کا وجود ثابت قرار دینا لازم ہوگا۔ مثلاً زید
قتل کیا گیا اور لوٹا گیا اور علامات زخم اوسکے جسم پر ایسے نمایاں ہیں کہ خودکشی کا احتمال نہیں ہوسکتا
ہے تو اسصورت میں یہ یقینی امر ہے کہ اوسکو کسی اور نے قتل کیا ہے کیونکہ علامات مذکور ہزار گواہوں سے
بھی زیادہ صادق وجہ ثبوت ہیں۔ اگر عمر اور بکر پر زید کے قتل کرنے کا الزام لگایا جاوے۔ اور عمر کے
قبضہ خاص اور ذاتی میں وہ چیزیں پائی جائیں جو وقت قتل کرنے زید کے پاس موجود تھیں اور بعد
اسکے کہ جبراً زید سے لی جائیں۔ اور کسیطرح وہ نہیں ملسکتی تھیں۔ اور چند گواہ گواہی دیں کہ ہم نے
عمر اور بکر کو زید کو قتل کرتے اور اوسکی چیزیں لیتے ہوئے دیکھا ہے اور منجملہ انکے اونمیں سے
بعض کی شہادت بکر کی نسبت جھوٹ ہو تو اسصورت میں بکر کی نسبت الزام قائم نہیں کیا جائے گا مگر
عمر کی نسبت اون گواہوں کی شہادت پر جنکی صداقت پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ تائید وجہ ثبوت
برآمدگی مال مسروقہ کے الزام قائم کرنا اگر شہادت کافی ہو تو بیجا نہیں ہوگا بلکہ ضروری ہوگا کہ اوسپر
جرم قائم کیا جائے۔

اس قاعدہ کا مطلب و مقصود یہ ہے کہ اگر شہادت کے جزو غیر صادق مشتبہ کا باقی اجزا
شہادت سے علیحدہ کرنا ممکن ہو اور بعد علیحدگی باقی شہادت اطمینان معقول کے ساتھ اثبات واقعہ
کے لئے قانوناً کافی ہو تو اوسپر عمل کرنا دانشمندی ہے۔ اور اگر صورت ایسی ہو کہ شہادت کے اجزا
باہم ایسے مخلوط و مربوط ہوں کہ ایک دوسرے سے جدا ہوسکتی ہوں یا جدا ہوسکتی ہوں۔ لیکن انکا
اثر جدا نہوسکتا ہو تو ایسیصورت میں جھوٹ کی آمیزش کل شہادت کو قابل نامنظور بنا دیتی ہے
اور ایسیصورت میں اجزا کو علیحدہ علیحدہ کرکے عمل کرنا خطرناک ہوتا ہے۔ خصوصاً معاملات فوجداری میں

کی وجہ ثبوت اسکے مقصد سے یا خود اوسکے عمل سے باطل اور قطعی ہو سکتی ہے مثلاً مقدمات سپردہ مال
سپردہ میں تازہ قبضہ مال سپردہ کا گو وجہ ثبوت باطل نفس ہے لیکن اوس سے قابض مال کے خلاف
ایک ایسا قیاس پیدا ہوتا ہے کہ جس سے بار ثبوت اسبات کے دکھلانے کا کہ قبضہ بطور جائز حاصل
ہوا ہے قابض کے ذمہ ہو جاتا ہے اگر وہ اوسکے دکھلانے میں قاصر رہے تو وہ وجہ ثبوت جو مقصد سے
پیدا ہوئی ہے باطل ہو جائیگی یا کم سے کم بہت قوی ہو جائے گی۔

ایک مقدمہ میں جعلسازی کا الزام لگایا گیا ملزم نے جواب میں بیان کیا کہ یہ دستاویز مسمی سوامی
نے مجھے دی تھی مگر ملزم نے مسمی سوامی کو پیش کرایا نہ کسی اور وجہ ثبوت سے اوسکا دینا ثابت کیا
اسلئے اسکے قصور کی رو سے جعلسازی کی وجہ ثبوت باطل ہو گئی ہے۔ نظائر مدراس۔

مقدمہ زہر خورانی مسمی بامر کے ملزم کی نسبت وجہ ثبوت سے یہ قیاس کیا گیا کہ اوسنے زہر
دلوایا ہے مگر اس قیاس کی تردید اس امر سے ہوتی کہ ملزم نے وہ زہر سائیس کو کتوں کے مارنے
کے لئے جو مکان کو خراب کیا کرتے تھے دیا تھا اور سائیس نے کتے بھی اوس سے مارے لیکن چونکہ
ملزم نے سائیس کو طلب [illegible] پیش نہیں کرایا۔ اسلئے اوسکے اس قصور سے وہ قیاس بہت قوی
ہو گیا۔ جو فریق کسی اثبات امر پر اصرار کرے کہ اسکے ثابت ہونے پر وہ قیاس رد ہو جائے جو فریق ثانی
کی شہادت سے اوسکے خلاف پیدا ہوا ہے تو اگر وہ شہادت اوس امر کی پیش کرے یا نہ پیش
کر سکنے کی وجہ معقول نہ بیان کرے تو یہ ایک طبعی بات ہے کہ بادی النظر میں اوسکے خلاف کے قیاس
کو تقویت دیجاتی ہے لیکن فوجداری مقدمات میں اسطرح تقویت پہونچانا خطرناک امر ہے۔

اب ہم اون اصولوں کو بیان کرتے ہیں جو شہادت زبانی صریح کے تخمین وموازنہ میں رہنمائی
کرتے ہیں محقق کو ضرور ہے کہ ہمیشہ مطابق سوال وجواب اور ثبوت کے فیصلہ کیا کرے۔

یہ عام خیال ہے کہ اختلافات جو اکثر بذاتہ ادنی ہیں لیکن جب اون کو مقدمہ کی بڑی وجوہ ثبوت
سے مقابلہ کیا جاوے تو اکثر شہادت کے عدم وثوق کی وجہ ہو جاتے ہیں۔ بلاشک یہ ممکن ہے
کہ وہ اختلافات شہادت کے ایسے اجزائے ضروری میں واقع ہوتے جو ازبس معتدبہ ہوں اور ایسے
ہوں کہ مقدمہ کے بقیہ امور کی صداقت یا کسی خاص گواہ کے بیان سے بالکل ناقابل توفیق ہوں کہ جس سے
مخالف فیصلہ صادر کرنے کی یا اوس خاص گواہ کی شہادت نامنظور کرنے کی ایک وجہ موجہ حاصل ہو
لیکن یہ صورت بہت ہی کم شاذ ونادر طور پر واقع ہوا کرتی ہے۔

مبالغہ سے اونکی سب اور شہادت کو نامعتبر ٹھہرانے کی سخت کوشش کیجاتی ہے۔
مگر یہ سب کوشش اور اس قسم کے سوالات ہرایک واقعہ کے لئے ضروری نہیں ہیں۔ گو یہ بحث
بہت بڑی ہے لیکن ہم مختصر کرکے صرف اوسکے چند اصول کو بیان کرتے ہیں کہ اختلافات کا شہادت
کی معتبری و نامعتبری پر کہاں تک اثر پڑتا ہے۔
دانشمندوں کا اتفاق ہے کہ اس سے زیادہ حماقت اور نادانی نہیں ہے کہ بیان کی اصل کو اوسکے
فروعی امور میں اختلاف پیدا ہو جانے سے ہمیشہ نامنظور کیا جائے کیونکہ شہادت انسانی کی معمولی
خاصیت ہے کہ امور فروعی میں اختلاف کے ساتھ اصلی امر کو بیان کیا جاتا ہے یہ خاصیت صرف
دنیا کی تاریخی واقعات سے ثابت ہے بلکہ محکمات عدالت کے روزانہ تجربہ سے بھی معلوم ہوتی ہے
جب کسی معاملہ کی چند متعدد گواہوں کی زبانی بیان ہوتی ہے تو اوسکے بیانات میں اختلاف و تناقض
ظاہری یا واقعی ضرور ہوتا ہے۔ اس اختلاف کا سبب کبھی عدم توجہی یا اختلاف توجہ ہوتا ہے یا جھوٹ
ہوتا ہے۔ اختلافات یا اصل امر میں پیدا ہوتے ہیں یا امور فروعی میں۔ اگر اصل امر میں ہوں تو شہادت
بالکل نامعتبر قرار دیجائیگی۔ کیونکہ کوئی امر راست متحقق نہیں ہوسکتا۔ اگر اختلاف اصل میں نہو۔ مگر
امور فروعی میں ہو تو یہان یہ دیکھنا چاہیئے کہ اون فروعی امور کا درجہ کیا ہے وہ کسقدر اصل امر پر مؤثر
ہیں۔ وہ شہادت جو اصل امر کی تائید میں ہو کسقدر قوی ہے اور اختلافات کے اثر سے اوسکی قوت
کی کیا کیفیت ہو جاتی ہے۔ جہان اصل امر بخوبی ثابت ہو جائے تو فروعی اختلافات بیانی سے کوئی
ضرر نہیں پہونچ سکتا ہے۔ مثلاً تاریخ میں ایک واقعہ کا وقوع ہونا صحیح ہے لیکن اوسکے وقت وقوع میں اختلاف
ہے تو اوس وقت کے فروعی اختلاف سے اوس واقعہ کے وقوع سے انکار نہیں ہوسکتا ہے۔ لیکن بعض
فروعی امور ایسے بھی ہوتے ہیں۔ کہ جنکے اختلاف سے اصل امر پر اثر پڑتا ہے اور بلاشک اون
اختلافات کو شہادت کی صحت و راستی پر بہت کچھ دخل ہوتا ہے۔ خصوصاً تازہ معاملات میں مثلاً
اوس قسم کی مثال میں جو روپیہ کے مقدمہ کی بہنسبت پہلے قرائن حال کے ماتحت بیان کی ہے۔
اس امر کی نسبت حاکم کے حزم و احتیاط پر کا دہند ہونا چاہیئے۔ اگر محض فروعی امور کے اختلافات
ہی پر اصل امر کے بیان کو جسمیں اختلافات نہیں ہیں نامنظور کیا جائیگا تو ظاہر ہے کہ صرف عدالتیں
تاریک نگاہ ہو جائیں گی۔ بلکہ انسانی شہادت کی خاصیت فطریکو بھی نظرانداز کرنا پڑیگا جسکا
نظرانداز کرنا عقلاً نادرست ہے۔ اور لوگ ہنسینگے۔
انسانی فطرت یہ ہے کہ وہ کبھی کسی ادنیٰ امر پر اسقدر توجہ کرتا ہے کہ اسکے اثر کبھی نہیں کرتا اور کبھی

اس بنا پر یہ کہنا کہ بحث کچھ حاکم کی ذہانت اور دانشمندی پر منحصر ہے۔ کیونکہ معاملات کی
تعداد بے شمار ہے اور شہادت کی صورتیں بھی بے انتہا ہیں اسلئے حصر کرکے اس قاعدہ
کی تشریح و فروعات کا بیان خاص صورتوں میں نہیں ہو سکتا ہے اور نہ ممکن ہے۔ اسیواسطے کتب
اصول شہادت میں عام قاعدہ کے سوا اور کچھ بیان نہیں کیا گیا ہے۔

یہ خیال مشتبہ ہوتا ہے کہ حکام ابتدائی کے حاکموں کا کام بہ نسبت حاکمان عدالتہائے اپیل
کے شہادت کے موازنہ کرنے میں زیادہ مشکل ہے۔ لیکن اگر غور کیا جائے تو برعکس صورت نظر
آتی ہے کیونکہ حاکمان عدالتہائے ابتدائی کے روبرو بیانات گواہوں کے علاوہ گواہوں کے طرز
ادائے شہادت اور اون کی سچائی کی علامت بھی موجود ہوتی ہے جسکی تائید سے وہ بہ نسبت حاکمان
عدالتہائے اپیل کے کہ اون کے روبرو صرف بیانات کی خشک ہڈیوں کے اور کچھ نہیں ہوتا زیادہ
آسانی سے موازنہ کا موقع ملتا ہے۔

غرض یہ خیالات مذکور صحیح ہوں یا نہوں۔ مگر اسمیں شک نہیں کہ موازنہ شہادت کا کام سب سے
زیادہ مشکل ہے اور جسقدر یہ کام مشکل ہے اوسیقدر اچھے تعلیم یافتہ حاکم کی ضرورت ہے جس جگہ غیر
تعلیم یافتہ حاکم کا کام رہتا ہے۔ وہاں تعلیم یافتہ کا صاف ہوتا ہے۔

جب انسانوں کے حقوق معرض خطر میں ہوتے ہیں تو اوسکے بیانات اسقدر بے حد صورتوں میں
کئے جاتے ہیں کہ گو کوئی بیان کتنا ہی غیر معمولی ہو مگر حاکم ذی ہوش کو اکثر علامات صحیح رہنمائی کے لئے
مل سکتے ہیں۔ ایسے قرائن حال جیسے ہم پہونچ سکتے ہیں جنکے ذریعہ سے موازنہ شہادت میں بخوبی
کامیابی حاصل ہو سکتی ہے بشرطیکہ کمال غور کرکے کارروائی عمل میں لائی جائے۔

وہ اختلافات جو شہادتوں میں پائے جاتے ہیں اور جنکی بنا پر اکثر فریق روبرو سے شہادت
کے نامعتبر قرار دئے جانے کی بحث کیجاتی ہے یہ عموماً خیال جم گیا ہے کہ اختلاف شہادت
کے جھوٹے و نامعتبر ہونے کی وجہ ہے۔ اس خیال نے یہاں تک ترقی کی ہے کہ دس دس اور
بیس بیس برس کے واقعات کی شہادت کے موازنہ کیلئے سوالات جرح میں گواہوں سے
دریافت کیا جاتا ہے کہ وقت کیا تھا۔ کون کون موجود تھا۔ کرسی پر یا پلنگ پر یا فرش پر یا کس چیز
پر بیٹھے تھے۔ زید کا منہ کسطرف تھا اور عمر کا منہ کسطرف تھا۔ کون کیسے کپڑے پہنے ہوئے تھا۔
مکان کی کڑیاں کسقدر تھیں۔ اول حقہ پلایا گیا تھا یا پان کھایا گیا تھا۔ وعلیٰ ہذا القیاس۔
ان سوالات میں بڑی کوشش کیجاتی اور اگر انمیں اختلافات پیدا ہو جاتے ہیں تو نرے

# مقنن دکن

## جلد نہم

حصہ دوم

خلاصۂ نظائر سلسلہ ہائیکورٹ کلکتہ از انڈین لا رپورٹ جلد ۱۹ بابتہ سنہ ۱۸۹۲ء

## سنہ ۱۳۰۳ فصلی

ایسکے خلاف کرتا ہے ایک گواہ کی جماعت سے۔ امید کرنا کہ اونہوں نے برابر بلا کسی فرق کے سب فروعی امور پر یکساں توجہ کی ہے انسانی فطرت کے خلاف ہے۔ پس ایسے فروعی امور میں جو غیر اہم ہوں اختلافات توجہ یا عدم توجہ گواہ پر محمول ہونا چاہیئے۔

یہ بالکل صحیح اور تجربہ کے مطابق ہے کہ اگر اصل امر یا اہم فروعی امور میں اختلافات ہوں تو قیاس پیدا ہوتا ہے کہ بیانات نامعتبر اور جھوٹے ہیں اور اگر ادنی ادنی فروعی امور میں کل گواہ متفق اللسان ہوں تو یہ ظن پیدا ہوتا ہے کہ اونہوں نے باہم سازش کی ہے۔ اور سب ہم داستان ہوگئے ہیں کیونکہ ممکن نہیں کہ کل جماعت ادنی ادنی امور پر بھی یکساں غور و لحاظ کرے اور یہ اسوجہ سے کہ یہ انسانی فطرت سے بعید ہے۔ جیسا کہ اونکے فروعی امور پر یکساں توجہ کرنا بعید از قیاس ہے ویسا ہی اصل امر پر توجہ کرنا بعید از قیاس ہے اور اسی عادت انسانی کی بنا پر یہ چاہا جاتا ہے کہ اصل امر میں گواہوں کے بیانات میں اتفاق ہونا چاہیئے اگر اصل امر کی شہادت کے بیانات میں اختلاف ہو تو اوسکا اثر شہادت کے لئے ویسا ہی ہے جیسا کہ ایک بڑے مکان کی بنیاد کے پتھر کو نکال لینے سے اوس مکان پر ہوتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ موازنہ شہادت کیوقت اختلافات شہادت کے مواد میں امور ذیل پر لحاظ رکھنا از بس مفید ہے

(۱) اصل امر مطلوب الشہادت کو اور اوسکے فروعی امور پر علیحدہ علیحدہ کرنا چاہیئے

(۲) دیکھنا چاہیئے کہ اختلاف اصل امر میں ہے یا فروعی امور میں۔

(۳) وہ اختلاف کس درجہ تک قوی ہے۔ آیا کسی معقول وجہ سے رفع ہو سکتا ہے۔ یا نہیں۔

(۴) جن فروعی امور میں اختلافات ہیں وہ کسقدر اصل امر پر چسپاں یا متعلق یا موثر ہیں۔

(۵) وہ اختلافات طبعی خاصیت بیانات انسانی کی حد سے باہر ہیں یا کیا۔

(۶) اصل امر میں جو اختلاف ہے اوسکا اثر اصل امر کے وقوع کے خلاف ہے۔ یا اثبات میں ہے۔ اور دوسری شہادت موجودہ کے مقابلہ میں اوسکی قوت کسقدر ہے۔

(۷) قرائن حال کا کیا اثر ہے۔

غرض یہ کام حاکم کی دانائی اور ذہانت و تجربہ کاری پر بہت کچھ موقوف ہے۔

# ... کلکتہ سیریز انڈین لا رپورٹ جلد ۱۹ حصہ ۱
## مطبوعہ جنوری ۱۸۹۲ء

| فہرست مقدمات | نمبر | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- |
| **اجلاس کامل** | | بیع ... سلطان ... بسلطان ملکہ ... | ۴ |
| | | وزارت | |
| [illegible] ... سید محمد علی | ۱ | مالگزاری ... علاقہ ... | ۲ |
| **صیغہ اپیل دیوانی** | | حد سماعت | ۱ |
| ... بنام ... سورج کمار گوسوامی | ۴ | دستاویز بیع الوفا | ۳ |
| ... بنام راس بہاری سنگھ | ۳ | رہن کی بابت نالش | ۱ |
| ... بنام کیدار ناتھ ... | ۲ | رجسٹری | ۳ |
| گنگا پرشاد بنام جواہر سنگھ وغیرہ | ۱ | سود ... واسطے ادائی زر ... | ″ |
| | | کے مقرر کی گئی۔ | |
| گوپی موہن ... بنام ... | ۲ | ... سرکاری | |
| ... بنام ... کمار سنگھ | ۳ | | ۴ |
| **فہرست مضامین ...** | | مجموعہ ضابطہ دیوانی دفعہ ۲۹۴ | ۱ |
| ... کہ ... | ۱ | ... کا جو ... | ″ |
| ایکٹ ... بنگال ... دفعہ ... | ″ | معاوضہ ... | ۲ |
| ... حصہ ۱ و ۲ (ب) ۔ | | ... | ″ |
| ایکٹ حد سماعت ۱۵ ... ضمیمہ ... | ″ | مجموعہ ضابطہ دیوانی دفعہ ۱۶ | |
| اختیار سماعت | ۲ | ″ ″ ″ دفعات ۱۱ و ۲ و ۳ ... | |
| ″ ″ | ″ | معاوضہ بابت خلاف ورزی معاہدہ کے | ۳ |
| اجرائی ڈگری | ″ | ... | ۴ |
| انفصال حجت | ۲ | ... کیا گیا ہے | ″ |
| اطلاع | ″ | ... رجسٹری شدہ ... ادائی ... سود کا | ۱ |
| ایکٹ ... بنگال ... دفعہ ۱۲ | ″ | ... کا حساب ... | ۳ |
| ایکٹ حد سماعت ۱۵ ... ضمیمہ ... ۱۱۶ | ″ | ... جا سکتا ہے ... جسکو وہ فروخت ... | ۱ |

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ جلد ۱۹

## حصہ ۲ مطبوعہ فروری سنہ ۱۸۹۲ء

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۹ حصہ ۳ مطبوعہ مارچ سنہ ۱۸۹۳ء

### فہرست مقدمات



### فہرست مضامین دلفظ وار

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ [illegible] انڈین لاء رپورٹس

## جلد ۱۹ حصہ ۴ مطبوعہ اپریل ۱۸۹۲ء

[illegible] ۵

سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مشمولہ انڈین لا رپورٹ جلد ۱۹ — بابت ماہ [illegible] ۱۸۹۲ء

فہرست [illegible]

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۹ حصہ ۶ مطبوعہ جون ۱۸۹۳ عیسوی

فہرست مقدمات

۶

| | |
|---|---|
| توضیح ڈگری — | |
| مجموعہ تعزیرات ہند دفعہ ۲۱۱ | ۱۸ |
| مجموعہ ضابطہ دیوانی دفعہ ۳۱۷ | ״ |
| محدود ہونا ذمہ داری مالک کا طرف اون قرضہ جات پر جسکی نسبت یہ ثابت کیا جائے کہ وہ واجبی تھی — | ۱۶ |
| مجموعہ ضابطہ دیوانی دفعہ ۸۰ | ۱۶ |
| نالش واسطے قبضہ اوس اراضی کے جو بعد ڈگری متحقق کیگئی | ۱۵ |
| نالش بمقابلہ خریدار بینامی دار | ۱۸ |
| وقف | ۱۹ |
| ہدایات خاص نسبت اون رقوم کے جو کارندہ نے لسازش دائن کے قرض لیں | ۱۶ |

۹

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ جلد ۹ حصہ ۲ مطبوعہ جون ۱۸۹۲ء

فہرست مقدمات



فہرست مضامین ردیف وار

۱۴

# فہرست سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۸ مطبوعہ اگست ۱۸۹۲ع

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ جلد ۹ حصہ

مطبوعہ بابتہ ستمبر ۱۸۹۲ء

## فہرست مقدمات



## فہرست مضامین ردیف وار

| نمبر | مضمون | صفحہ | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | شرح سود زاید سود کی تاریخ نالش سے تا تاریخ وصول ۔ | ۳۹ | | |
| | شرح محمدی . . . . . . | ۴۱ | | |
| | ضابطہ . . . . . . | ۳۷ | | |
| | فریق . . . . . . | ایضاً | | |
| | قانون منافع شرا . . . . . . | ۴۰ | | |
| | مطالبہ اٹرنی کا . . . . . . | ۳۷ | | |
| | مجموعۂ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ دفعہ ۳۴ | رر | | |
| | معاہدہ . . . . . . | رر | | |
| | مجموعۂ تعزیرات ہند ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ء دفعات ۲۴ و ۲۵ و ۱۵۴ و ۱۷۴ ۔ | ۳۷ | | |
| | مجموعۂ ضابطہ فوجداری ایکٹ ۱۰ دفعہ ۳۲۴ | ۳۷ | | |
| | منظوری شریک کی . . . . . . | ۴۰ | | |
| | مذہبی . . . . . . | ۴۱ | | |
| | نہ ادا کرنا تاریخ معینہ پر . . . . . . | ۳۹ | | |
| | وقف . . . . . . | ۴۱ | | |
| | وقف دوامی بحق اولاد و قرابت خاندان واہب بحفظ جزو یا کل آمدنی جائداد وقف بحق قرابت سے کہ وہ اوسکو تاحیات اپنے خود استعمال کرے جائز | رر | | |
| | ہبہ بحق خاندان واہب بحفظ عین حیاتی واسطے واہب کے جزو یا کل آمدنی میں ۔ | رر | | |

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۱۰ مطبوعہ اکتوبر ۱۸۹۲ع

## فہرست مقدمات



## فہرست مضامین ردیف وار

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| تعمیر وصیت نامہ بنسبت اس امر کے کہ آیا کوئی شے موہوبہ کسی خاص سرمایہ سے دیجائیگی یا عام جائداد سے | ۱۵۱ |
| بنسبت ابن طفل متبنی کے دیئے جاسکتے اور قبول کیے جانیکی از روئے ـــ تعبیر وصیت نامہ کے بنسبت ماخوذ کیے جانے کے | // |
| طفل کے جسکی تبنیت ساقط ہوئی بطور موہوب ایسکے | // |
| حکم متعلق استقرار حقوق بعض اشخاص بسبب تقسیم بقدر حصص مخصوص قبل واقعی تقسیم ہونیکے قابل اپیل ہے | ۱۴۴ |
| ترک کرکے چلا جانا | ۱۴۵ |
| حکم بموجب ایکٹ اسامیان بنگال ۱۸۸۵ع دفعہ ۱۰۴ کے صادر ہوا ہو قابل اپیل نہیں ہے | ۱۴۶ |
| حصول اراضی بجانب زمیندار | // |
| حقیت ہاے پٹی | ۱۴۹ |
| دہرم شاستر تبنیت | ۱۳۴ |
| درخواست اجرا بجانب قایم مقام قانون ملاسان بنگال | ۱۴۴ |
| دستاویز ہبہ | ۱۴۸ |
| دیجاتہیا ٹاں کی سند | ۱۴۵ |
| شہادت متعلق مضامین دستاویزات کی | ۱۴۲ |
| ضرورت ظاہر کرنے وجہ نہ پیش کرنے اصل دستاویز کے | // |
| ضابطہ | ۱۴۵ |
| طلاق | // |
| مجموعہ ضابطہ دیوانی دفعات ۳ و ۲۶ ۲ | ۱۳۴ |
| // // // ۲ ۹ ۸ ۸ ۵ | ۱۴۶ |
| نالش تقسیم | ۱۴۴ |
| نالش لگان | ۱۴۸ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| وصیت نامہ کا منسوخ کیا جانا | ۱۵۴ |
| ہبہ ۱۱۱ اقرار لئیے ہبہ شرکا نامہ صحیح نہیں ہے | ۱۳۴ |

# سلسلۂ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۱۱ مطبوعہ نومبر ۱۸۹۲ء

## فہرست مقدمات

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ - جلد ۱۹

## حصہ ۱۲ مطبوعہ دسمبر ۱۸۹۲ع

## فہرست مقدمات

### پریوی کونسل



### صیغہ اپیل دیوانی



## فہرست مضامین ولیت وار

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| ڈسمسی نالش کے جو کارندہ نے اپنے مالک کے نام سے کی۔ | ۶۶ |
| ذمہ داری ورثائے ایک حیثیت دخیل کار متوفی کی نسبت ادائے لگان کے | ۸۱ |
| رسوم عدالت | ۸۱ |
| رسوم عدالت کے ضرور ہیکہ ادا کر دیکی تاثیر | ۶۹ |
| زمیندار و کاشتکار | ۷۵ |
| زمیندار و آسامی | ۷۸ |
| شرح مڈھی | ۶۷ |
| شامل ہو جانا حق پٹی کا اور شریک زمیندار کے حقیقی بیٹے اور اسکو خرید کیا ہو۔ | ۶۴ |
| شامل ہو جانا حق پٹی کا حق زمیندار میں | ״ |
| شفیعت جو عہدہ پر نامزد کیا گیا اور اسکے بدل کرنے کی نالش کی بابت میعاد۔ | ۷۸ |
| عرصہ دعوے پر ناکافی اسٹامپ ہونا | ۷۹ |
| علاوہ آمد | ״ |
| فریقین نالش | ۶۷ |
| فریب کا بیان | ״ |
| فریقین نالشیں میں مدعا علیہم کو مدعی بنانیکا اثر | ۷۴ |
| قبضہ سابق اراضی ایک کا منجملہ دو مدعیان کے۔ | ۶۵ |
| قیاس نسبت قائم رکھنے قبضہ تا ایک ابتدائی کے جبکہ عذر عدم سماعت فریق قابض نے کیا ہو۔ | ۶۵ |
| قانون ۱۸۰ و حد متعلق کمی تعداد مہر | ۶۷ |
| قانون صوبہ مذکور کا موثر نہیں ہونا | ״ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| قرضہ واسطے | ۸۰ |
| قبضہ مخالفانہ | ״ |
| کارندہ احتیاط نالش کا اپنے مالک کے طرف سے | ۶۱ |
| کافی عذر | ۶۹ |
| کسی اسٹامپ ... اپیل کا ... سکے پورا کیا جانا۔ | ۲۳ |
| ملکیت اراضی کی نزاع ... مابین مالکان محالات متصلہ | ۶۵ |
| مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ ۱۸۸۲ دفعہ ۲۲۸۔ | ۶۶ |
| مہر | ۳۰ |
| مشتہر کرنیکا اشتہار کا کلکٹر کی کچہری میں | ۶۶ |
| [illegible] دیوالیہ کی | ״ |
| [illegible] اور دستاویزات کی جو اسناد یا انتقالات از جانب گورنمنٹ بابت اراضی یا کسی حق مرتفع اراضی کے ہوں یا انکی شہادت ہوں۔ | ۶۲ |
| میعاد سماعت ایکٹ ۱۵ ۱۸۷۷ء ضمن ۲ عدد ۱۷۹ فقرہ ۲ | ۶۷ |
| مالکان مشترک۔ | ۷۵ |
| معاہدہ امتناع تجارت۔ | ۷۸ |
| معاہدہ نسبت انتقال حقیت کے | ״ |
| نالش منسوخی نیلام اراضی بعلت اجرائے ڈگری | ۶۲ |
| نیلام حقیت پٹی بعلت بقایائے لگان | ۶۸ |
| نالش منسوخی نیلام۔ | ״ |

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|
| مدعا علیہ کو رسپانڈنٹ بنا کر | | پیش کیا جانا ایسے عرضی دعوے کا جسپر اسٹامپ | ۷۹ |
| اجرا ایسی ڈگری غیر اپیل شدہ کا۔ | ۷۴ | نا کافی ہو۔ | |
| ایکٹ اسامیان بنگال ۸ ۱۸۸۵ء دفعات | ۷۵ | ترمیم | ۶۶ |
| ۲ ۵ و ۱۸۸ | | تجویز کرنے تعداد مہر موجل میں جو ورثا سے ایسے | ۶۷ |
| ایکٹ رجسٹری اراضی ایکٹ بنگال ۷ ۱۸۷۶ء | ۷۶ | شوہر متوفی سے واجب الوصول ہو۔ | |
| دفعہ ۸۲۔ | | تعلقہ پٹنی | ۶۸ |
| ایکٹ معاہدہ ۹ ۱۸۷۲ء دفعہ ۲۷۔ | ۷۸ | تاریخ ارجاع نالش | ۶۹ |
| امتناع تجارت۔ | ؍؍ | تاریخ مابعد پیشی عرضی دعوے نسبت میعاد سماعت کے | ؍؍ |
| انفصال حقیت۔ | ؍؍ | تاثیر مشتہر کرنے اشتہار کے حسب طریقہ | ۶۹ |
| ایکٹ اسامیان بنگال ۸ ۱۸۸۵ء دفعہ ۱۲ | ؍؍ | معینہ نسبت جوار نیلام حقیت پٹنی کے۔ | |
| ایکٹ میعاد سماعت ۱۵ ۱۸۷۷ء ضمیمہ ۲ مدات ۱۱ | ؍؍ | جسکی شادی اودھ میں ہوئی ہو لیکن وہ وہاں | ۷۷ |
| و ۱۴۴۔ | | کا باشندہ نہو قانون صوبہ مذکور کا موثر نہیں ہے | |
| ایکٹ ایصال مطالبات سرکاری | ۸۰ | جائداد اراضی ایسے شخص کے جو بطور مالک | ۸۰ |
| ایکٹ بنگال ۷ ۱۸۸۰ء | ؍؍ | درج رجسٹر نہ ہو۔ | |
| ایکٹ ابواب | ؍؍ | حد سماعت | ۶۵ |
| ایکٹ بنگال ۹ ۱۸۸۰ء ابواب۔ | ؍؍ | حدود کی نزاع | ؍؍ |
| ایکٹ اسامیان بنگال ۸ ۱۸۸۵ء دفعات ۵ و | ۸۱ | حصہ داران | ۷۵ |
| ۶ و ۷۸۔ | | حصہ داران شریک | ۷۹ |
| اثر قبضہ مخالفانہ ماقبل تاریخ نیلام کا نہیں پہنچتا | ۸۰ | حد سماعت | ؍؍ |
| بار ثبوت۔ | ۶۵ | ؍؍ ؍؍ ؍؍ | ۷۹ |
| بار ثبوت مشتہر کرنے اطلاعنامہ کا قبل نیلام تعلقہ | ۶۸ | ؍؍ ؍؍ ؍؍ | ۸۰ |
| پٹنی بعلت بقایا لگان۔ | | خریدار نیلام پٹنی پر جو حسب آئین ۸ ۱۸۱۹ء ہوا ہو | ؍؍ |
| بعلت بقایائے لگان | ؍؍ | دیوالیہ ہونا۔ | ۶۶ |
| بلا رعیت۔ | ۸۱ | دست برداری کاشت سے | ۸۱ |
| پٹنی تعلقہ۔ | ۶۸ | دخیل کار رعیت | ؍؍ |

# [illegible] ہائیکورٹ کلکتہ ترجمہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۱ بابت ماہ جنوری ۱۸۹۲ء

## اجلاس کامل

۲۴ مارچ ۱۸۹۱ء — صفحہ کتاب انگریزی ۱ — اردو

سکانتری [illegible] (مدعا علیہا) بنام حاجی سید محمد علی خان (مدعی)

ایکٹ مالگزاری بنگال (۸ سنہ ۱۸۹۵ء) دفعہ ۱۸ ضمیمہ ۱ حصہ ۱ و ۲ (ب) - مالیات [illegible] رجسٹری شدہ - [illegible] - ایکٹ [illegible] (۱۵ سنہ ۱۸۷۷ء) ضمیمہ ۲ دفعہ ۱۱۶

نالشات لگان سے جو [illegible] رجسٹری شدہ [illegible] تابع احکام ایکٹ مالگزاری بنگال [illegible] معاوضہ [illegible] ایکٹ مذکور [illegible] ہے -

## صیغہ اپیل دیوانی

۱ جولائی ۱۸۹۱ء — صفحہ کتاب انگریزی ۲

گنگا پرشاد (مدعا علیہ) بنام جواہر سنگھ وغیرہ (مدعیان و دیگر مدعا علیہم)

[illegible] اجازت [illegible] بولی بولنے کی جو [illegible] مجموعہ ضابطہ دیوانی ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء دفعہ ۲۹۴ وصول ہو [illegible] حساب ملحوظ [illegible] مرہونہ کے نہیں کیا جاتا ہے [illegible]

[illegible] جائداد مرہونہ [illegible] نیلام میں بولی [illegible]

ڈگری دار [illegible] بعد حاصل کرنے اجازت بولی بولنے کے نیلام [illegible] جائداد مرہونہ

[illegible]

تا [illegible] ۱۹۶۷ء

نالش بابت ادائے الحصہ دار واسطے علیحدہ لگان حصہ کے جبکہ قبل البدل واسطے کل لگان کے جو واجب ہو، اگر حصہ سے زیادہ واجب الادا ثابت ہو۔

نالش از جانب ایک حصہ دار کے جو مستحق تحصیل لگان جداگانہ کا ہو واسطے لگان مزید کے بابت اس اراضی کے جو زمین کا [illegible] لائی گئی ہو۔ اور جو حسب شرائط پٹہ کے واجب الادا ہو۔

نالش بابت تحصیل لگان جداگانہ

نالش لگان۔

نالش برطرف کرنے شبہت کے عہدہ سے جس پر اس کا تقرر بذریعہ نامزد کرنے کے عمل میں آیا۔

نالش قبضہ۔

وصول الواجب۔

یادداشت اپیل ہونا کافی اسٹامپ ہونا

[illegible]

سید رگہوبیر باصحب بنام [illegible] ـ اور روسے دفعہ ۲۲۳ ضمن (ج) مجموعہ ضابطہ دیوانی
اور عدالت [illegible] اختیار تصفیہ رہا ہے کہ ڈگری واسطے اجرا کے اوس عدالت میں [illegible]
[illegible] مقدمہ [illegible] بنام [illegible] (۱) پر صحیح کیگئی

۱۰ ـ جولائی ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی ۱۷
اردو ۔

چنتامنی وت دیبی (مدعیہ) بنام راش بہاری منڈل (مدعا علیہ)
انتقال حقیت رجسٹری ـ اطلاع ـ ایکٹ مزارعان بنگال (۸ سنہ ۱۸۸۵ء) دفعہ ۱۲ ـ
[illegible] کاشتکار مندرجہ دفعہ مذکور اپنی حقیت کسی دوسرے شخص کے حق میں منتقل کرے تو
انتقال مذکور حسب احکام ایکٹ مزارعان بنگال باضابطہ رجسٹری ہوا ہونا ضرور ہے اگرچہ زمیندار کو
حقیت مذکور کا نہایت ہی حال سے گو زمیندار کو فی الواقع اطلاع انتقال مذکور کی نہ پہونچی ہو ـ
مقدمہ گرسٹو چندر گہوس بنام کرسٹو لال سنگہ (۲) پر استدلال کیا گیا ـ

۱۲ ـ جولائی ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی ۱۹
اردو ۔

گوری کنور (مدعیہ) بنام بہو بشیری کمار سنگہ وغیرہ (مدعا علیہم)
دستاویز بیع بالوفا ـ سود بعد اوس تاریخ کے جو واسطے ادا ہونے زر اصل و سود کے مقرر کیگئی ـ بہ ناقرار
ادا ہونے ایسے سود کا ـ معاوضہ بابت خلاف ورزی معاہدہ کے ـ ایکٹ میعاد سماعت (۱۵ سنہ ۱۸۷۷ء) ضمیمہ ۲ دفعہ ۱۱۶
جس صورت مین کہ دستاویز بیع الوفا میں کوئی شرط واسطے ادا ہونے سود کے بعد اوس تاریخ کے
نہوجو واسطے ادا ہونے زر اصل و سود کے مقرر کیجائے تو دعوی سود بعد تاریخ مقررہ واسطے ادا ہونے
روپیہ کے ایک دعوی معاوضہ بابت خلاف ورزی معاہدہ کے ہے اور نالش واسطے دلاپانے معاوضہ
مذکور کے چھ برس کے اندر تاریخ خلاف ورزی سے دائر کرنی چاہیئے ـ
مقدمہ جگموہن گہوس بنام مانک چند (۳) کا حوالہ دیا گیا اور مقدمات منصب علی بنام گلاب چند
(۴) و بھگونت سنگہ بنام درباو سنگہ (۵) رد کیا گئے اور مقدمات بھگوان لال بنام ہیب نراین سنگہ
(۶) و غلام عباس بنام محمد جعفر (۷) کی تقلید کیگئی ـ

(۲) انڈین لا رپورٹ سلسلہ کلکتہ جلد ۱۶ صفحہ ۲۲۲ (۳) ایپیلیٹ ہندو لا مورہ صاحب جلد ۷ صفحہ ۲۷۹
(۴) انڈین لا رپورٹ سلسلہ الہ آباد جلد ۱ صفحہ ۸۵ (۵) انڈین لا رپورٹ سلسلہ الہ آباد جلد ۱۱ صفحہ ۴۱۶

(۶) اپیل دوم نمبر ۲۹۲ سنہ ۱۸۸۸ء منفصلہ ۲ ـ مئی سنہ ۱۸۹۰ء

۲

خرید کیا اوسی حالت میں ہوتا ہے جسمیں کوئی خریدار لاعلق ڈگری اور وہ جائداد کو صرف اوسقدر دیکر خرید لینے کا پابند ہے جسکی بولی و سکے فی الواقع بولی ہو۔

مقدمہ وہابیر پرشاد سنگہ بنام میکناٹن (۱) کی تقلید کی گئی۔

---

۱۱ مارچ ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی
۶۸۲ ،،

**میر بندیرہ پرشاد بہٹا چارجی (اصل المدعا علیہم) بنام کیدار ناتھ بہٹا چارجی (مدعی)**

اختیار سماعت — معاوضہ سائر — مالکانہ — مجموعہ ضابطہ دیوانی (ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء) دفعہ ۱۶ —

عمرو نے بمقام کلکتہ زید کے پاس اپنا معاوضہ سائر جسکا روپیہ جنرل تزانہ مقام کلکتہ سے سالانہ ادا کیا جاتا ہے واقع حصہ ضلع ڈائمنڈ ہاربر جسکے واجب الوصول تہا رہن کیا نالش اعادہ رہن نامہ عدالت منصف ڈائمنڈ ہاربر میں کیگئی تجویز ہوئی کہ معاوضہ سائر از قسم مالکانہ نہیں ہے اور وہ حسب مراد دفعہ ۱۶ مجموعہ ضابطہ دیوانی جائداد غیر منقولہ یا کوئی حق واقع جائداد غیر منقولہ نہیں ہے اور بدینوجہ منصف کو اختیار سماعت نالش مذکور نہ تہا۔

مقدمہ نیکشو دہر بسواس بنام مادہو تحلہ دار (۱) سے فرق کیا گیا۔

---

۱۸ جولائی ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی
۱۴۳
۱۸ ،،

**گوپی موہن راے وغیرہ (مدیونان ڈگری) بنام دیوکی نندن سین وغیرہ (ڈگریداران)**

اختیار سماعت — اجرائی ڈگری — جائداد بیرون علاقہ عدالت — مجموعہ ضابطہ دیوانی (ایکٹ ۱۴ سنہ ۱۸۸۲ء) دفعات ۱۹ — و ۲۲۳ ضمن (ج)

جس عدالت کو یہہ اختیار ہو کہ ڈگری واسطے نیلام جائداد کے صادر کرے اوسکو یہہ بھی اختیار ہے کہ تعمیل اپنی ڈگری کی بذریعہ نیلام کرنے جائداد مذکور کے کرے خواہ کوئی جز و جائداد مذکور اندر

---

(۱) انڈین لاریوٹ سلسلہ کلکتہ جلد ۱۶ صفحہ ۶۸۲

(۱) ویکلی ریورٹر جلد ۲۱ صفحہ ۳۸۳

۵

# خلاصہ فیصلہ جات کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۲ مطبوعہ فروری ۱۸۹۲ء

## صیغہ ابتدائی فوجداری

۲۵ - اگست ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی ۳۵
اردو

**ملکہ معظمہ قیصرہ ہند** بنام **جوگندر چندر بوس**

مجموعہ تعزیرات ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ء) دفعات ۴ ۱۲ الف و ۵ ۱۱۷

الفاظ ۔۔۔ کی تشریح کیگئی اور دفعہ ۱۲۴ الف کا حوالہ دیا گیا اور اوسکی تشریح ضروری سمجھی گئی

## صیغہ اپیل دیوانی

۲۱ و ۲۹ جون ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی
اردو

**کاشی چندر دیب** بنام **گوپی کرشن دیب**

ایکٹ میعاد سماعت (۱۵ سنہ ۱۸۷۷ء) مد ۱۷۸ - درخواست تصدیق پروبیٹ حق عدرداران کاسمت ... پروبیٹ اور تائید وصیت نامہ کے - حق مرتہناں کا سمت قائم رکھنے پروبیٹ تائید وصیت نامہ کے -

درخواست نسبت پروبیٹ یا چٹھیات یا سارٹیفکٹ جسکے اہتمام داخل احکام مد ۱۷۸ - ایکٹ میعاد سماعت نہیں ہیں -

مرتہناں جائداد شخص متوفی کو جائداد مذکور سے اس قسم کا تعلق ہے کہ اونکو حق عدرداری اور

۲۷ جولائی ۱۸۹۱ء
ویکلی انگریزی
۲۶
دو [illegible]

یو اہو ا استدلال (اپیلاٹ) بنام سوچ گلا گو مہو امی [illegible] رسالہ [illegible]

منتظم ترکہ کہ اسپ سے سیج جو اوس لقب سے بیان کیا گیا ہو بیع سما سے منتظمان ترکہ کہیا
سلطان بلکہ تحت [illegible] کفالت رسے سرکاری

بعض اسامیاں نے جو دربار آگہے اور وقیدے سکے تہے اور جو اون نے جائداد کیش اتھا و اونکا ترکہ
ہی جو کہ ان کے پاس سرکاری پرچہ دیا حاصل کیا تہا کہ بلت پاسے سرکاری مذکور کو ایک خریدار کے
سپاسے بذریعہ ایک وصیتنامہ ... جسمیں بانگان بلقب منتظمان ترکہ بیان نہیں کئے گئے تہے فروخت کیا
تجویز ہوئی کہ ان لوگوں کہ اونہوں نے اپنے آپ کو بلقب مذکور بیان نہیں کیا ہے میں کچہہ فرق نہیں
آتا کیونکہ اونکو استحقاق فروخت خواہ بطور ورثا اور خواہ بطور منتظمان ترکہ حاصل تہا اور اگرچہ وہ
بحیثیت ورثا اپنے خاص حصص سے زیادہ کفالت پاسے مذکور کو فروخت نہیں کر سکتے تہے لیکن
چونکہ کل زمین اونکے ہاتہ میں آیا اونکو بحیثیت منتظمان ترکہ یہ لازم تہا کہ اوسکا انتظام بطور جو ورثہ
وصول شدہ ترکہ کرتے یہ بحث کہ آیا اونہوں نے ایسا کیا یا نہیں ایسی نہیں ہے کہ جسکا
اثر خریدار کے حق پر پہونچے۔

مقدمات ویسٹ آف انگلینڈ اینڈ ساوتھ ویلس ڈسٹرکٹ بنک بنام مرچ (۱) و کار سربام
کارٹ ریٹ (۲) کے اصول کی تائید کیگئی۔

---

(۱) [illegible] (الف) جلد ۳ صفحہ ۱۱
(۲) [illegible] جلد صفحہ ۳۱

ایک میعاد کے لئے قید کیا گیا جبکہ وہ جیلخانہ میں تہا بادل نے بعد بلوغ پورن سنگھ سے شادی کر لی۔
لعل سنگھ سات برس کبھی ہمبستر نہیں ہوئی جبکہ لعل جیلخانہ سے رہا ہوا اوس نے بادل اور پورن سنگھ پر بابت
بحیات زوج یا زوجہ دوسری شادی کرنے اور اعانت ایسی شادی کے استغاثہ کیا اور پورن سنگھ پر
زنا کا بھی الزام لگایا یہ واضح ہوا کہ قبل استغاثہ کرنے کے لعل نے بادل سے یہ درخواست کی کہ وہ اوسکے
پاس واپس آئے مگر مستغاثہ نے انکار کیا ازدواج مابین بادل اور لعل کے بذریعہ شہادت لعل اور
بادل کی ماں اور دو گواہان کے جنکی موجودگی بیان کیگئی تھی ثابت کرنے کی کوشش کیگئی بادل اور پورن سنگھ
دونوں مجرم قرار دئے گئے۔

بر طبق اپیل تجویز ہوئی کہ شہادت ازدواج مابین بادل اور لعل کے واسطے جواز تجویز جرم کے بصورت نہونے ثبوت اس امر کے ناکافی ہے کہ مثلاً بوقت نکاح موجود تہا یا صیغہ جسکا بوقت شادی کا پڑھا جانا ضروری ہے پڑھا گیا یا عقد عمل میں آیا۔

مزید بران تجویز ہوئی۔ کہ بفرض اسکے کہ بادل کی شادی اوسکی ماں نے لعل کے ساتھ اوس وقت کی جبکہ وہ محض ایک طفل تھی مستغاثہ کو اختیار تہا کہ وہ بوقت بلوغ ازدواج کو منظور یا اوس سے انحراف کرے بموجب شرع شیعہ کے اس قسم کے ازدواج کا تا وقتیکہ اوسکو بالغ منظوری کرے کچھ اثر نہیں ہے اور بموجب شرع سنی کے وہ اوس وقت تک موثر ہے کہ اوسکو نابالغ فسخ کرے بموجب دونوں طریق شرع کے نابالغ کو اختیار قطعی بوقت بلوغ منظور یا منسوخ کرنے ایسے ازدواج کا ہے جسکی اجازت نہ دیگئی ہو گو بموجب شرع سنی کے منظوری اوس صورت میں قیاس کیجاتی ہے کہ لڑکی بعد بلوغ کے خاموش رہے اور ہمبستری روا رکھے۔

بر بنائے واقعات مقدمہ تجویز ہوئی۔ کہ حالات سے یہہ امر کافی طور پر ظاہر ہوتا ہے بفرض اسکے بھی کہ لڑکی سے شرع سنی متعلق ہو کہ اوس نے ازدواج کو کبھی منظور نہیں کیا۔

یہ بھی تجویز ہوئی کہ حکم عدالتی واسطے منسوخی ازدواج کے ضروری نہیں ہے۔

ایسی درخواست کے خلاف بحث کرنیکا حاصل ہے تو واسطے منسوخی پروبیٹ کے ہو۔

# پریوی کونسل

پریوی کونسل
۲۳ ۲۴ ۲۴ جون سنہ ۱۸۹۱ء
۱۹ جولائی ؍؍
صفحہ کتاب انگریزی ۶۵
اردو ؍؍

**بابا سندری دیبی** بنام **تارا سندری دیبی**

پروبیٹ - ایکٹ ۵ سنہ ۱۸۸۱ء دستخطوں کی نقل - ہوبہو نقل بذریعہ تصویر عکسی -

ہائیکورٹ نے یہ تصور کرکے کہ شہادت سے یہ امر ثابت ہو گیا کہ موصی مظہرہ بوجہ علالت کے وصیت نامہ پر اوس قدر استحکام کے ساتھ دستخط نہیں کر سکتا تھا جس طرح پر اوس پر دستخط ہوئے معلوم ہوتے ہیں یہ تجویز کی کہ دستخط اصلی نہ تھے اور ڈگری عدالت مرافعہ اولی کو جس سے پروبیٹ عطا کیا تھا منسوخ کیا

بطبق اپیل دستخط کسی تحقیق نہیں کئے گئے اور نہ کسی فریق سے یہ درخواست کی کہ اصل کاغذات بھیجے جائیں یا اون کی تصویر عکسی لیجائے لیکن حکام عالی مقام سے یہ تجویز کی کہ شہادت سے یہ صحیح نتیجہ نہیں نکلتا کہ جس روز وصیت نامہ پر دستخط کا کیا جانا ظاہر کیا گیا ہے موصی جسمانی اور عقلی قابلیت دستخط کرنیکی نہیں رکھتا تھا بلکہ شہادت کافی بہ ثبوت اصلیت وصیت نامہ اور اس امر کے تھی کہ موصی اوس کے تحریر کرنے کی قابلیت رکھتا تھا اور شہادت منجانب مدعا علیہ اسلیئے کافی نہ تھی کہ اوس سے بیان سائل کی بابت ان ہر دو امور کے تردید ہو۔

# صیغہ اپیل فوجداری

۲۱ ستمبر سنہ ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی
۴۹
اردو ؍؍

**بادل عورت** بنام **ملکہ معظمہ قیصر ہند**

شوہر یا زوجہ کے حین حیات مکرر ازدواج کرنا شرع محمدی - شادی نابالغ - نابالغ کا بوقت حصول سن بلوغ از ازدواج سے انحراف کرنا - رضامندی زوجہ کی بعد بالغ ہونے کے مجموعہ تعزیرات (ایکٹ ۴۵ سنہ ۱۸۶۰ء) دفعہ ۴۹۴ -

بادل عورت ایک مسلمان لڑکی کی نسبت جسکا باپ فوت ہو گیا تھا یہ بیان کیا گیا کہ اوسکی ماں نے اوسکی شادی بجے لعل شیخ کے ساتھ چند سال قبل اوس کے بالغ ہونے کے کی اور بالغ ہونے کے سماۃ جیلال [illegible]

۸

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۳ مطبوعہ مارچ ۱۸۹۲ء

---

## صیغہ اپیل دیوانی

### تنگنی داسی بنام جوگندر چندر نائک

۲۸ - جولائی ۱۸۹۱ء

صفحہ کتاب انگریزی ۸۴ اردو ۸۴

دہرم شاستر - شوہر و زوجہ - بیرحمی - نان و نفقہ -

ہندو زوجہ کو جائز ہے کہ اپنے شوہر کی حفاظت سے نکلجاوے اور مستحق نان و نفقہ جداگانہ کی اوسکی آمدنی میں سے ہے جبکہ وہ برابر اوسکے ساتھ بیرحمی سے اور ایسی سختی سے پیش آتا ہو کہ جس سے نہایت عظیم خوف اوسکی ذاتی محفوظی کا پیدا ہو مقدمہ ستیاناتھ مکرجی بنام ہیم وتی دیبی (۱) کا حوالہ دیا گیا -

## صیغہ اپیل دیوانی

### کرپا نراین تیواری بنام سکھ منی

۲۸ - اگست ۱۸۹۲ء

صفحہ کتاب انگریزی ۹۱ اردو ۹۲

دہرم شاستر - دائی بہاگ - وراثت - قوم شودر - پسر غیر صحیح النسب - ایکٹ بنگالہ نمبر ۲ سنہ ۱۸۶۹ء دفعہ ۲۶ -

موجب دہرم شاستر مستعملہ ملک بنگال کے شودر کا لڑکا جو ایک رکھی ہوئی عورت یا زن مدخولہ دایمی سے ہو باپ کے ترکہ کا وارث نہیں ہوتا -

مقدمہ نراین دہارا بنام راکہل گاین (۱) کی تقلید کیگئی مقدمہ اندرون ولنگی دیولی تیوا بنام راماساجی پینڈیاتلاور (۲) کی توضیح کی گئی مقدمات راہی بنام گوبند ولد تیجا (۳) وساد و بنام

---

(۱) انڈین لا رپورٹ کلکتہ جلد ۱ صفحہ ۱ (۲) اپیلہائے ہند مولفہ مور صاحب جلد ۱۳ صفحہ ۱۴۱ و بنگال لا رپورٹ پریوی کونسل جلد ۳ صفحہ ۱ و ویکلی ریورٹر پریوی کونسل جلد ۱۲ صفحہ ۴۱ (۳) انڈین لا رپورٹ سلسلہ بمبئی جلد ۱ صفحہ ۹۷

(۱) با تین ملزمان مین سے دو پر جرم دفعہ ۲۳۳ مجموعہ تعزیرات کا بھی ثابت تجویز ہوا اور جبکہ ان پر یہ الزام لگایا گیا تہا کہ اہلکاران پولیس کو جو بلوہ کے دفع کرنے مین مصروف تھے ضرر پہنچایا گیا تہا اور ان دونوں کی نسبت حکم سزا سے مزید دو سال کی قید سخت کا بابت اوس جرم کے صادر ہوا۔

آٹھوین ملزم جس پر جرم دفعہ ۱۵۲ کا ثابت تجویز نہین ہوا تہا جرم دفعہ ۳۳۲ ثابت تجویز ہوا اوس مین بھی ایک اہلکار پولیس کو ضرر شدید پہونچا ہے اور اس جرم کی بابت اوسکی نسبت حکم سزا سے پانچ سال کی قید سخت کا صادر ہوا علاوہ اوسکے حکم سزا سے تین سال کے جو حسب ۱۴۸ اوسکی نسبت صادر ہوا تہا۔

اپیل مین یہ حجت کیگئی

(۱) احکام سزا جو حسب دفعہ ۱۵۲ علاوہ احکام سزا حسب دفعہ ۱۴۸ کے صادر ہوئے ناجائز ہین

(۲) احکام سزا جداگانہ حسب دفعہ ۱۵۲ اور دفعات ۳۳۲ و ۳۳۳ ناجائز ہین۔

(۳) احکام سزا مجموعی حسب دفعہ ۱۴۸ و دفعات ۳۳۲ و ۳۳۳ ناجائز ہیں کیونکہ انمین سے ہر جرم کی نسبت جو زیادہ سے زیادہ سزا مقرر ہے اوس سے وہ بڑھ جاتے ہین۔

نسبت عذر (۱) کے تجویز ہوئی کہ مقابلہ پولیس کا بلوہ کرنے کے جرم مین بطور ایک جزو اوس جرم کے داخل تہا کہ جو ملزمان پر ثابت تجویز ہوا اور حکم زیادہ سے زیادہ سزا کا جو حسب دفعہ ۱۴۸ مقرر ہے صادر ہوا اور بلحاظ احکام دفعہ ۷۱ کے احکام سزا سے مزید حسب دفعہ ۱۵۲ ناجائز ہین۔

یہ بھی تجویز ہوئی کہ دفعہ ۱۵۲ کا یہ مفہوم ہے کہ کسی خاص ملازم سرکاری پر حملہ کیا جاوے یا اوسکا مقابلہ کیا جاوے اور چونکہ فرد قرار داد جرم مین جو نسبت ملزمان کے مرتب کیگئی صرف یہ مضمون ہے کہ اونہون نے اہالی پولیس پر اونکی خدمات وغیرہ کے انجام دینے مین حملہ کیا اور مقابلہ کیا لہذا تجویز ثبوت جرم حسب دفعہ مذکور قائم نہین رہ سکتی۔

نسبت عذر (۲) کے یہ تجویز ہوئی کہ احکام سزا جداگانہ حسب دفعہ ۱۵۲ دفعات ۳۳۲ و ۳۳۳ ناجائز ہین کیونکہ ضرر جو اہلکاران پولیس کو پہونچایا گیا وہ وہی تشدد تہا جو اونکے ساتھ کیا گیا کہ جو داخل نفس جرم حسب دفعہ ۱۵۲ تہا۔

نسبت عذر (۳) کے یہ تجویز ہوئی کہ احکام سزا جداگانہ مصدرہ حسب دفعہ ۱۴۸

نرا گیبو (۴) دوتی پریبی نناد و بنام وتی بنگار و نیادو (۵)، کرشنن این بنام متو سامی (۶)، دسرتو بنام منو (۷)، وہر گوبند کوری بنام دہرم سنگھ (۸) کی توضیح کیگئی اور ان سے اقتباس کیا گیا۔

# ضمیمہ اپیل فوجداری

فہرست — بنام — ملکہ معظمہ قیصرہ ہند

۹ - نومبر سنہ ۱۸۹۱ء

صفحہ کتاب انگریزی ۱۱۵

اردو ۱۰۶

احکام سزا مجموعی - بلوہ - جرائم جداگانہ - تجویز ثبوت جرم جداگانہ ثابت بلوہ کرنے اور ضرر و ضرر شدید پہونچانے کے - مجموعہ تعزیرات (ایکٹ ۴۵ بابت سنہ ۱۸۶۰ء) دفعات ۷۱ و ۱۴۸ و ۱۵۲ و ۳۳۲ و ۳۳۳

اٹھہ اشخاص کی نسبت جنپر معہ چند دیگر اشخاص کے الزام لگایا گیا تھا بابت متعدد الزامات کے تجویز عمل میں آئی جنہیں اسلحہ مہلک سے مسلح ہوکر بلوہ کرنا (دفعہ ۱۴۸ مجموعہ تعزیرات) اور ایک ملازم سرکاری کو جبکہ وہ بلوہ کو روکتا تھا مارپیٹ کرنا یا اوس سے مزاحمت کرنا دفعہ ۱۵۲ اور ایک ملازم سرکاری کو اوسکے کار خدمتی سے روکنے کے لئے عمداً ضرر و ضرر شدید پہونچانا دفعات ۳۳۲ و ۳۳۳ شامل تھے غرض مشترک فرد قرار داد جرم میں یہ بیان کیگئی تھی کہ جبراً ایک ڈگری مورخہ ۳۰- اپریل سنہ ۱۸۹۱ء کا جو سرینش خیدر دیب نے شیخ علی پاپر عدالت جج ماتحت دوم مقام علی پور سے حاصل کی تھی روکا جاوے اور نیز بذریعہ جبر مجرمانہ کے اہل پولیس کو بوقت تعمیل ونکے اختیارات جائز بحیثیت اہلکاران پولیس کے ڈرایا جاوے" اور یہہ تجویز ہوئی کہ مقابلہ پولیس کا ایک بلوہ کے جرم میں جسکا الزام لگایا گیا تہا بطور ایک جزو اوس جرم کے داخل تہا بوقت تجویز عدالت سشن کے اٹھون اشخاص پر جرم دفعہ ۱۴۸ کا ثابت تجویز ہوا اور ہرایک کی نسبت حکم سزاے قید سخت تین سال کا کہ جو اوس دفعہ کے رو سے زیادہ سے زیادہ سزا ہے صادر ہوا۔

منجملہ اٹھہ کس کے سات پر جرم دفعہ ۱۵۲ کا ثابت تجویز ہوا اور ہرایک کی نسبت حکم سزاے مزید دو سال کی قید سخت کا بابت اوس جرم کے صادر ہوا۔

(۴) انڈین لا رپورٹ سلسلہ بمبئی جلد ۴ صفحہ ۳
(۵) رپورٹ ہائیکورٹ مدراس جلد ۴ صفحہ ۲۰۴
(۶) انڈین لا رپورٹ سلسلہ مدراس جلد ۶ صفحہ ۴۰
(۷) انڈین لا رپورٹ سلسلہ الہ آباد جلد ۲ صفحہ ۱۳۴
(۸) " " " جلد ۶ صفحہ ۳۲۹

۱۲

# سلسلہ نظائر ہائیکورٹ کلکتہ مندرجہ انڈین لا رپورٹ

## جلد ۱۹ حصہ ۳ مطبوعہ ماہ اپریل سنہ ۱۸۹۲ء

## پریوی کونسل

۱۱ - دسمبر ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی ۱۲۳
اردو

**ہنومان کمت** بنام **ہنومان مندور وغیرہ**

(بر طبق اپیل از ہائیکورٹ کلکتہ)

ایکٹ میعاد سماعت ۱۵ سنہ ۱۸۷۷ء دفعات ۶۲ و ۹۷ – الثی ہوا یعنی دلایا جانا اس روپیہ کے جو ادا کیا گیا ہو بعد اسکے کہ معاوضہ ساقط ہوگیا۔ ساقط ہونا معاوضہ کا۔

ایک بیع جسکے کرنیکی کوشش ایک مشتری نے جائداد مشترک استمراری کی تھی بوجہ عذرداری دیگر شرکاء کے منسوخ ہوئی اسکے بعد اسکے کہ زرثمن ادا ہو چکا تھا حکم ہوا کہ معاہدہ بیع شروع سے کالعدم نہوگا بلکہ صرف اوسوقت کالعدم ہوا کہ جب عذرداری کیگئی اگر وہ صرف ممکن الانفصال تھا تو معاوضہ اوسوقت ساقط نہیں ہوا کہ جب زرثمن وصول ہوا تاکہ وہ ایسا روپیہ سمجھا جائے جو مدعا علیہ نے مدعی کیطرف سے بمنشاء دفعہ ۶۲ وصول کیا۔ ایکٹ ۱۵ سنہ ۱۸۷۷ء پایا ہو لیکن بہرحال معاوضہ مذکور اوسوقت ساقط ہوگیا کہ جب مشتری کی مخالفت کیگئی اور اوسکو یہ معلوم ہوا کہ وہ قبضہ نہیں حاصل کرسکتا اسوقت اوسکو حق دلایا گیا اپنے زرثمن کا واپس پانے کا بوجہ ساقط ہو جانے معاوضہ کے حاصل ہوا اور اسوجہ سے یہ ظاہر ہوا کہ مقدمہ دفعہ ۹۷ میں داخل ہے یہ مقدمہ خلاف مذکورہ بالا دفعہ ۶۲ میں داخل ہوگا۔

## حکم اظہار وجہ فوجداری

۱۴ - نومبر ۱۸۹۱ء
صفحہ کتاب انگریزی ۱۰۰
اردو

**انند چندر چٹاپادھیا** بنام **کارسٹیفن**

۱۱ — ودفعات ۳۴۳ و ۳۳۳ ناجائز نہیں ہیں کیونکہ دفعہ ۱۸ مجموعہ [illegible] ہے کہ جس سے تعداد سزا کی جو بابت ان جرائم کے دی جا سکتی ہے [illegible]

## صیغہ ابتدائی فوجداری

**ملکہ معظمہ قیصر ہند** بنام [illegible]

۷ دسمبر ۱۸۹۱ء

صفحہ کتاب انگریزی ۱۱۳ — اردو ۱۱۴

کمیشن ۔ مجموعۂ ضابطہ فوجداری (ایکٹ ۱۸۸۲ء) دفعات ۵۰۳ و [illegible] ایکٹ شہادت (۱۸۷۲ء) دفعہ ۳۳ ۔ دستور

شہادت بذریعہ ایک کمیشن کے لیگئی ہو کہ جو عدالت [illegible] اثنائے تحقیقات روبروے حاکم موصوف میں جاری ہوا ہو تو وقت تجویز روبروے [illegible] حسب دفعہ ۵۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری شہادت میں استعمال نہیں کیا جا سکتی ۔

یہ بھی تجویز ہوئی کہ بنا ہے واقعات جو روبروے ہائیکورٹ کے موجود تھے شہادت مذکور حسب دفعہ ۳۳ ۔ ایکٹ شہادت بھی نا قابل [illegible] تھی ۔

ڈگری مذکورہ میں بلا نالش مزید کے وصول کیا جا سکتا ہے ۔

# صیغہ ابتدائی دیوانی

## اسکے بی ملر بنام نیشنل بنک آف انڈیا

۲۳ نومبر ۱۸۹۱ء — ۱۹ کلکتہ انگریزی ۱۲۶ — اردو ،، ،،

اعتبار باہمی ۔ اسٹیٹیوٹ ۱۱ و ۱۲ وکٹوریا باب ۲۱ دفعہ ۳۹ ۔ [illegible] (۲) نوشتہ کی قبل انکار دینے روپیہ ہنڈی کے ۔ انکار سنت بل آف ایکسچینج کے ۔ حکم سپردگی جائداد ۔ دیوالیہ ہونا ۔ ادعا نالش بابت ایسے دعوے کے جو بہت وسیع ہو جسکی دعوے بالکل انکار کیا جاوے ۔

نوشتہ بل آف ایکسچینج کے ذمہ کوئی قرضہ تا وقت انکار ادائے زر ہنڈی کے واجب الادا نہیں ہوتا اعتبار باہمی کا حسب مراد دفعہ ۳۹ ۔ ایکٹ دیوالیہ بلحاظ اسی نوعیت کے تصفیہ ہوتا ہے ۔

مجموعہ ضابطہ فوجداری (ایکٹ ۱۰ ۱۸۸۲ء) دفعات ۱۴۴ و ۴۳۵ و ۴۳۹ - ایکٹ فرمان شاہی دارالسلطنت ۲۴ و ۲۵ جلوس وکٹوریا باب ۱۰۴ دفعہ ۱۵ - حکم امتناع وصول کرنے لگان کا - احکام صادرہ زیر مقدمات ضروری امور باعث تکلیف خلائق - اختیارات ہائیکورٹ نسبت نظر ثانی و نگرانی؛

حکم امتناع نسبت ایک شخص کے جو دعویٰ حق نسبت بعض جائداد کے کرتا تھا تحصیل کرنے لگان کے جو اس جائداد پر تھی داخل دفعہ ۱۴۴ مجموعہ ضابطہ فوجداری کے نہیں ہے۔ ایسی قسم کا حکم بلا اختیار ہے اور ہائیکورٹ اپنے اختیارات نظر ثانی و نگرانی متعلقہ دفعہ ۴۳۹ مجموعہ ضابطہ فوجداری و دفعہ ۱۵ ایکٹ فرمان شاہی کے بموجب حکم مذکور کو منسوخ کر سکتی ہے۔

باب یازدہم مجموعہ ضابطہ فوجداری متعلق دست اندازی یا بعض قسم کے عملدرآمد کے ہے جو نسبت اراضی یا کسی اور چیز کے کیا جا سکتا ہے جو اس پر تعمیر کی گئی ہو یا پیدا ہوا ہو اور اس کا مقصد یہ ہے کہ انسداد یا ہدایت بذریعہ حکم کے فوراً نسبت کسی فعل مختص کسی شخص کے کیا جائے تاکہ نقصان یا تکلیف عام واقع ہو۔

## اجلاس کامل

---

۲۳ - نومبر ۱۸۹۱ء

مجلس انتخاب کا صدر | ۹۔ [illegible] میں مجلس [illegible] میر مجلس [illegible]
عدم موجودگی میں مجلس عالیہ کے ارکان میں سے کوئی ایسا رکن جسکو میر مجلس صدارت [illegible]

ضابطہ ترکیب کونسل مذکور میں جو از روی قانونچہ قرار دیگئی تھی جیسی کہ اب صادر ہوا کل مسئلہ وضع قوانین جسکی اصلاح اور درستی کا مدار دولت کو از حد خیال ہے اس پر غور کیا جاوے تاکہ حسب دلخواہ رعایا و برایا کے لئے قوانین مفیدہ وضع کئے جائیں اور ہر کہ و مہ بلا رو و رعایت اور بلا اختلاف اقوام و مذاہب اپنے انصاف کو پہونچے اس لئے ایک کامل ضابطہ کونسل مذکور کا مع طریقہ کارروائی جو مدار المہام حال کے مشورہ سے مرتب ہوا ہے اور اصول قانونچہ پر مبنی ہے تاریخ ہذا سے مقرر و جاری و نافذ کیا جاتا ہے۔ اور تا حکم ثانی صرف یہی ضابطہ قطعی اور جاری اور نافذ سمجھا جاویگا۔

مدار المہام انتظام کرینگے کہ جو کونسل واضع قوانین حسب منشاء ہذا قرار دیگئی ہے وہ فوراً کام شروع کردے۔

## قواعد و ضوابط مجلس واضع قوانین سرکار عالی

**مختصر نام** — ۱۔ یہ قواعد و ضوابط بنام نہاد اصول و قواعد مجلس واضع قوانین حیدرآباد موسوم ہونگے۔

**ضمن تعریفی** — ۲۔ ان قواعد میں بشرطیکہ مضمون یا سیاق عبارت سے اسکے خلاف نہ پایا جاوے۔

**کونسل** — لفظ "کونسل" سے مراد وہ مجلس واضع قوانین ہوگی جو ملک محروسہ سرکار عالی کیواسطے قوانین اور ضوابط بنانے کے لئے منعقد ہوئی ہے۔

**صدر نشین** — لفظ "صدر نشین" سے مراد مدار المہام سرکار عالی ہونگے۔

**نائب صدر نشین** — لفظ "نائب صدر نشین" سے مراد وہ معین المہام ہونگے جنکے علاقہ کا مسودہ قانونی یا ضابطہ کونسل میں زیر بحث ہو۔

## ترکیب کونسل و تقرر ارکان

**ترکیب کونسل** — ۳۔ کونسل صدر نشین و نائب و دو ارکان ملازم اور چھ ارکین غیر ملازم سے

ا ۵

کر دیئیے ہوں تو وہ رکنیت خالی سمجھی جائیگی۔

**اگر کسی رکن ممبری کی جائداد پر تقرر کا اختیار**

۱۶ - صورت کوئی رکنیت بوجہ موت یا ملازم ہو جانے یا قبول ہو جانے استعفا کے یا بسبب دفعہ قانون یا عدم موجودگی کسی رکن غیر ملازم کے خالی ہو جاوے تو مدار المہام سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی دوسرے شخص کو اس کی جگہ اور رکن غیر ملازم مقرر کریں اور ایسا رکن اپنے فرائض کو اس رکن کے احکام ... انجام دے گا جس کی فوتی یا ملازم ہو جانے یا استعفی ہو جانے یا عدم موجودگی کی وجہ سے اس کا تقرر عمل میں آیا ہو۔

**کوئی قانون باطل نہ سمجھا جائیگا کہ ارکان غیر ملازم کی تعداد ناکامل تھی۔**

۱۷ - کوئی قانون یا ضابطہ جو موجب قواعد مندرجہ ہذا کونسل سے اجرا ہوا ہو محض اس وجہ سے ناجائز نہیں سمجھا جائیگا کہ بتاریخ منظوری یا اجرائی قانون یا ضابطہ مذکور ارکان غیر ملازم کی تعداد جو قواعد ہذا میں قرار دی گئی ہے ناکامل تھی۔

## معتمد و دفتر معتمد

**معتمد کونسل**

۱۸ - مشیر قانونی سرکار عالی رکن ہونے کے علاوہ معتمد کونسل بھی ہو سکتا ہے۔

**مددگار و عملہ معتمد**

۱۹ - معتمد کو ایک لائق مددگار اور ایک مناسب عملہ اس غرض سے دیا جائیگا کہ وہ اپنے فرائض کو درست طور پر اور جلدی کے ساتھ انجام دے سکے۔ معتمد اپنے عمل کا ایک تخمینہ مرتب کر کے مدار المہام سرکار عالی کے منظوری کے واسطے پیش کرے گا۔

## کونسل کے کام

**کونسل کا کام**

۲۰ - بپابندی قواعد مندرجہ ہذا و حسب اقتضا و صوابدید وقت کونسل کا کام وقتاً فوقتاً ایسے قواعد و ضوابط کی ترتیب اور ان پر بحث اور ان کا نفاذ

۱۴۰

(حاشیہ: دوسرے ارکان جاگیرداران یا ایسے اشخاص کے جو ایک یا ایک سے زاید مواضع پر کسی قسم کے حق کے ذریعہ سے قابض ہوں)

۱۰- دوسرے ارکان منجملہ جاگیرداروں کے یا ایسے اشخاص کے جو ایک موضع یا ایک سے زاید مواضع پر کسی قسم کے حق کے ذریعہ سے قابض ہوں حسب طریقہ ذیل منتخب کئے جاوینگے ۔

(حاشیہ: طریقہ انتخاب جاگیرداران و دیگر اشخاص)

۱۱- ہر سال یا کوئی دوسرا عہدہ دار جسکو مدار المہام سرکار عالی اس کام کیلئے مقرر کرین بذریعہ اشتہار مطبوعہ جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی کم سے کم پندرہ روز پہلے مشتہر ہوگا - ایک مجلس جاگیرداروں اور دیگر اشخاص کے ایک مقام پر اور ایسے وقت جسکو مدار المہام مقرر فرماوین منعقد کرینگے اس غرض سے کہ حاضرین مجلس بلحاظ آراء دو اشخاص کو منتخب کرین جو ارکان غیر ملازم مقرر کئے جاسکین - بایں شرط کہ وہ اشخاص جو جاگیردار نہیں ہین لیکن ایسے کو رای دینے کا مستحق سمجھتے ہین قبل انعقاد جلسہ سے پیشتر ایک صداقتنامہ بدستخط تعلقدار ضلع جسمین انکا موضع یا مواضع ہوں مجلس مذکور میں داخل کرینگے جس سے تصدیق اس امر کی ہو کہ وہ کسی ایک موضع یا ایک سے زاید مواضع پر قابض ہین اور قواعد ہذا کے رو سے رای دینے کا حق رکھتے ہیں -

(حاشیہ: مجلس انتخاب کا صدرنشین)

۱۲- ایسے مجلس کا صدرنشین کوئی ایسا شخص ہوگا جسکو مدار المہام سرکار عالی اس کام کیواسطے منتخب کرین -

(حاشیہ: نتیجہ انتخاب کیونکر ظاہر اور مشتہر کیا جائیگا -)

۱۳- ایسے انتخابات جنکا ذکر قواعد ہذا کے فقرات ۸ و ۱۱ مین ہوا ہے بذریعۂ قرعہ ہونگے اور مجلس انکا نتیجہ صدرنشین اسیوقت اور مقام پر علانیہ ظاہر کرینگے اور انعقاد مجلس سے ۲۴ گھنٹے کے اندر صدرنشین نتیجہ کو سے مدار المہام سرکار عالی کو مطلع کرینگے اور جب مدار المہام سرکار عالی ایسے منتخب شدہ اشخاص کو پسند کرلیں تو انکا تقرر جریدۂ اعلامیہ مین مشتہر کیا جاویگا -

(حاشیہ: بقیہ ارکان غیر ملازم کا تقرر دوسرے فریقوں میں سے)

۱۴- بقیہ ارکان غیر ملازم کا تقرر مدار المہام سرکار عالی منجملہ دیگر فرق باشندگان ممالک محروسہ سرکار عالی کرینگے -

(حاشیہ: استعفاء ارکان غیر ملازم)

۱۵- ہر ایک رکن غیر ملازم مجاز ہوگا کہ اپنی رکنیت کا استعفاء مدار المہام سرکار عالی کے سامنے پیش کرے اور جسوقت مدار المہام سرکار عالی ایسے استعفاء کو منظور

ہر ایک رکن کو دیا کریگا ۔

**کارروائی جو وقت نصاب شامل ہو**

۲۵ اگر کسی اجلاس کے وقت جبکہ [illegible] ملتوی یا کسی وقت کام شروع ہو جانے کے بعد ارکان کا [illegible] کامل [illegible] ارکین ملازم یا پنج سے کم ہوں تو حاضرین جلسہ اس کی کارروائی [illegible] آیندہ جلسہ کو ملتوی کر دینگے ۔ ایسی صورت میں سکتر کونسل [illegible] جلسہ کو درج کتاب روداد کر لیگا ۔

**اختیار صدر نشین التوا اجلاس کے بارہ میں ۔**

۲۶ صدر نشین کونسل [illegible] کسی جلسہ یا کام کو کسی [illegible] کے لئے ملتوی کر سکتے ہیں عام اس سے کہ التوا کے وقت نصاب کامل اراکین موجود رہے یا نہ رہے ۔

**اجلاس ملتوی کے با تمام کام کو فوقیت ہوگی ۔**

۲۷ جو کوئی کام کسی جلسہ کے التوا [illegible] ناتمام رہ گیا ہو اسکو جلسہ آیندہ میں اُن تمام کاموں پر فوقیت دیجاویگی جنکی بابت اس جلسہ میں تحریک پائی ہو الا اس صورت میں کہ مدار المہام سرکار عالی اسکے خلاف طور پر حکم دیں ۔

## مباحثہ

**صدر نشین طریقہ کارروائی قرار دینگے اور امور متنازعہ فیصل کرینگے**

۲۸ کونسل کے ہر ایک جلسہ میں صدر نشین [illegible] کو منضبط کرینگے اور بلا مباحثہ کے کل امور متنازعہ کو فیصل کرینگے ۔

**ارکان بے ضابطگی کیطرف توجہ کر سکینگے ۔**

۲۹ ہر ایک رکن صدر نشین کو کسی بے ضابطگی کی [illegible] متوجہ کر سکتا ہے اور جب کوئی رکن اس غرض [illegible] مخاطب ہو تو اسوقت جو کوئی رکن پہلے سے گفتگو کر رہا ہو اسکو تا [illegible] رہنا چاہیئے ۔

**صدر نشین کا فیصلہ بے ضابطگی کی نسبت قطعی ہوگا ۔**

۳۰ صدر نشین کا فیصلہ کسی بے ضابطگی [illegible] ساتھ سنا جائیگا اور قطعی ہوگا ۔

**صدر نشین فیصلہ کرینگے کہ دو رکن اگر وقت واحد میں گفتگو کریں تو کسکی گفتگو پہلے مسموع ہوگی**

۳۱ اگر دو یا زیادہ رکن ایک ہی وقت میں گفتگو [illegible] تو اس امر کا فیصلہ کہ کسکی گفتگو پہلے سنی جاویگی صدر نشین کرینگے اور [illegible]

۵) ہوگا جو ممالک محروسہ سرکار عالی کے لیے مناسب متصور ہوں جو اوس وقت نافذ ہوں یا قواعد و ضوابط موجودہ کے ناسخ ہوں یا اونکے ناسخ ہوں اور ایسے قواعد و ضوابط کی ترمیم اور نفاذ میں کونسل حتی الامکان اون قواعد و ضوابط سے امداد ضروری اور ہدایت حاصل کریگی جو برٹش انڈیا میں نافذ ہوں۔

کونسل کے اجلاس میں کیا کام ہوگا۔

۲۱ کونسل کے کسی اجلاس میں بجز ان امور کے جو مذکورہ بالا دفعات کی رو سے کونسل کے سامنے پیش ہوں کوئی دوسرا کام نہیں کیا جائیگا اور نہ کسی رکن کے لیے جائز ہوگا کہ کوئی تحریک کرے اور نہ کونسل ایسی تحریک کو جائز رکھنے کی مجاز ہوگی الا صورتیکہ ایسی تحریک کسی ایک مسئلہ کی جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہے کونسل پر پیش کرنے کی استجازت سے متعلق ہو یا اوس قانون سے متعلق ہو جو فی الواقع کونسل میں باستجازت پیش ہو۔

وہ امور جنکو کونسل میں پیش کرنے کیلئے اجازت مدارالمہام ضروری ہے

۲۲ بلا منظوری مدارالمہام سرکار عالی کونسل کے کسی رکن کے لیے جائز نہ ہوگا کہ امور مندرجہ ذیل کونسل کے روبرو پیش کرے۔

(۱) متعلق قرضہ سرکاری یا مالگزاری یا کوئی ایسا مسئلہ جس سے مالگزاری سرکار پر کوئی خرچ عائد ہوتا ہو۔
(۲) کوئی امر متعلق مذہب یا حقوق مذہبی یا رسم و رواج کسی فرقہ رعایائے سرکار عالی کے۔
(۳) کوئی امر متعلق نگہداشت یا تعلیم و تہذیب جمعیت سرکار عالی
(۴) کوئی امر متعلق تعلقات فیمابین سرکار عالی و برٹش گورنمنٹ

## اجلاس کونسل

کونسل کا اجلاس کب اور کس مقام پر ہوگا

۲۳ مدارالمہام سرکار عالی کونسل کے اجلاس کے لئے مقام اور اوقات معین کیا کرینگے۔

اطلاع انعقاد اجلاس

۲۴ تمامی جلسوں کے انعقاد اور اسکے التوا کی اطلاع ممبران کونسل

> مسودات قانونی جنکا اثر جاگیرداروں کے مصالح پر پڑتا ہو

۳۹ اگر کوئی مسودہ قانونی کونسل میں زیر بحث ہو اور کونسل کی رائے میں اوسکا اثر خاص طور سے جاگیرداروں کے مصالح پر پڑتا ہو اور کوئی ایسا شخص جس پر اوسکا اثر پڑتا ہو بذریعہ عرضی درخواست کرے کہ اوس کا عذر بذریعہ وکالت سماعت کیا جاوے تو کسی رکن کی تحریک پر عرضی گذار کو اجازت دیجاسکیگی کہ خود یا بذریعہ وکیل ایسا عذر پیش کرے بشرطیکہ اوس معاملہ کا جس سے عرضی متعلق ہے قطعی طور پر کونسل نے تصفیہ نہ کیا ہو اور عرضی معتمد کے پاس پہونچ جاوے۔

> بجز طریقہ مندرجہ دفعہ ۳۹ شخص غیر کی سماعت نہیں ہوسکتی۔

۴۰ بجز طریقہ مندرجہ بالا کسی اور صورت میں اور کسی اور طریقہ سے کسی شخص غیر کا بیان اجلاس کونسل میں نہ ہوگا۔ بحالیکہ اگر عرضی گذار یا اوسکا وکیل وقت مقررہ پر حاضر نہو تو عرضی گذار کو عذر پیش کرنیکی جو اجازت دیگئی ہے وہ کالعدم سمجھی جائیگی۔

> کس صورت میں کوئی رکن یہ تحریک کرسکتا ہے کہ عرضی گذار یا اوسکے وکیل کی بحث موقوف کردیجاوے

۴۱ اگر کوئی عرضی گذار یا اوسکا وکیل ناجائز طور پر بمقدار مناسب طوالت دیوے یا غیر متعلق بحث کرے تو ہر ایک رکن اسبات کی تحریک کرسکیگا کہ عرضی گذار یا اوسکے وکیل کی مزید سماعت موقوف کردیجاوے۔

## مسودات قانونی

> مسودات قانونی کیونکر پیش کیے جاوینگے۔

۴۲ ہر ایک رکن کونسل کے کسی ایک جلسہ میں مسودہ قانونی پیش کرسکتا ہے بشرطیکہ اوس نے مسودہ کی ایک نقل مع مضمون کے پندرہ روز قبل اطلاع دیجا چکی ہو۔ اگر تحریک منظور ہوجاوے تو رکن مسودہ مذکور کو کامل اظہار وجوہ و مقاصد کے ساتھ اور نیز ایسے کاغذات کے جنکو وہ ضروری خیال کرتا ہو معتمد کے پاس بھیجیگا۔

> معتمد مسودہ کو معہ تشریح وجوہ و مقاصد چھپوائیگا۔

۴۳ معتمد کونسل فوراً اس مسودہ کو معہ تشریح وجوہ و مقاصد طبع کیواسطے بھیجیگا اور اوسکی ایک نقل ہر ایک رکن کو تقسیم کردیگا۔

| | |
|---|---|
| ۳۲ کوئی رکن مجاز نہ ہوگا کہ بجز اوس مسئلہ کے جو کونسل کے سامنے پیش ہو کسی اور مسئلہ پر گفتگو کرے۔ | فیصلہ ... کوئی رکن مجاز نہ ہوگا کہ بجز اوس مسئلہ کے جو کونسل میں پیش ہو کسی اور مسئلہ پر گفتگو کرے۔ |

(عرائض)

| | |
|---|---|
| ۳۳ جو عرائض کونسل میں گذرانی جاویں ضرور ہے کہ وہ اوسی مسودہ قانون کے متعلق ہوں جو فی الواقع کونسل میں زیر بحث ہو ایسی عرضی پر "دستخط کنندہ ... ارکان مجلس وضع قوانین" لکھا جاویگا اور اوسپر تاریخ اور عرضی گذاروں کے دستخط ثبت ہونگے عرضی کی عبارت مودبانہ اور شائستہ ہوگی اور اوسکا اختتام کسی صاف اور صریح استدعا پر ہوگا۔ | عرائض کو ... ہونگی |
| ۳۴ تمام عرائض مندرجہ بالا معتمد کے پاس بھیجی جاوینگی۔ | عرائض معتمد کے پاس بھیجے جاوینگے |
| ۳۵ معتمد ہر ایک عرضی کا جو اوسکے پاس وصول ہوگی خلاصہ کرائیگا۔ | معتمد عرائض کا خلاصہ کرائیگا |
| ۳۶ اگر معتمد کی رائے میں عرضی فقرہ (۳۳) کے مطابق ترتیب کیگئی ہے تو وہ خلاصہ عرضی و استدعا یا خلاصہ استدعا کو کونسل کے روبرو پیش کریگا اور پھر کونسل جسطرح مناسب سمجھے کارروائی کریگی۔ | طریقہ کارروائی جب عرضی فقرہ (۳۳) مرتب ہوئی ہو |
| ۳۷ اگر معتمد کی رائے میں عرضی فقرہ (۳۳) کے مطابق ترتیب نہیں کیگئی ہو یا اوسکے دستخط کی نسبت کوئی شبہ پیدا ہو تو وہ اوس عرضی کی نسبت امور کی تصدیق کریگا اور حقیقت حال سے کونسل کو مطلع کریگا ایسی صورت میں کونسل عرضی کو نامنظور کریگی اور نامنظوری کیوجہ سے اوس ایسی عرضی کے عرضی گذاروں کو اطلاع دیجاسکیگی۔ | طریقہ کارروائی جب عرضی دفعہ ۳۳ کے مطابق نہ مرتب ہوئی ہو |
| ۳۸ ہر ایک رکن مجاز ہوگا کہ ایسی عرضی کی نسبت جو حسب مندرجہ بالا نامنظور نہ ہوئی ہو اور جسکو معتمد نے غور کونسل کے واسطے پیش کیا ہو کوئی تحریک پیش کرے۔ درصورتیکہ ایسی عرضی پر کوئی تحریک پیش نہ ہو معتمد عرضی پر اس کیفیت کو درج کردے گا اور عرضی کونسل کے دفتر میں داخل کردیجاویگی۔ | ہر رکن مجاز ہوگا کہ عرضی کے متعلق کوئی تحریک پیش کرے |

رپورٹ [illegible] ہو سکنے سے پیشتر [illegible] دن پہلے اوراق سے [illegible] ہو سکتا — ارکان کو رپورٹ تقسیم

۵۰ (۱) کونسل کمیٹی منتخبہ کی رپورٹ پر جو کسی ایک مسودہ کے متعلق [illegible] ہو [illegible] پیش ہونے کے بعد [illegible] رائے کی [illegible] ہونے سے پندرہ دن سے پہلے غور نہ کیا جاویگا

مسودات میں ترمیمات کیونکر پیش کیے جاویں گے —

(۲) اگر کوئی رکن کسی ایسی ترمیم کی تحریک کرنا [illegible] جسکا اثر ایک یا ایسے مسودہ کے اصول یا مضمون پر پڑتا ہو جسکو کمیٹی منتخبہ منظور کر چکی ہو تو اوسکو لازم ہے ایسی ترمیم کی اطلاع معتمد کے پاس کم از کم [illegible] روز قبل اوس اجلاس کونسل سے روانہ کرے جس میں اوس مسودہ پر غور ہونا تجویز ہوا ہو — معتمد ہر ایک ایسی ترمیم کو طبع کرائیگا اور اوسکی ایک ایک نقل ہر ایک رکن کی اطلاع کے واسطے بھیجیگا —

جسوقت ترمیم کی اطلاع نہ دی گئی ہو تو صدرنشین فیصلہ کرینگے کہ اوس پر بحث ہو یا نہو —

۵۲ اگر ایسی ترمیم کی تحریک پیش ہو جسکی اطلاع پہلے سے نہیں دیگئی ہے تو صدرنشین اس امر کا فیصلہ کرینگے کہ آیا ترمیم مذکور پر اوسی اجلاس کونسل میں غور کیا جاوے جسمیں وہ پیش ہوئی ہے یا اوسکا انفصال آیندہ کسی جلسہ پر محول کیا جاوے —

ترمیمات پر ترتیب دفعات غور ہوگا

۵۳ ترمیمات پر حسب ترتیب دفعات جن سے وہ متعلق ہوں غور کیا جاویگا —

اگر ترمیمات نہ پیش ہوں تو مسودہ جاری اور [illegible] منظوری اعلیٰحضرت کیواسطے بھیجا جاویگا —

۵۴ اگر کسی ایک مسودہ مین جسکو کمیٹی منتخبہ نے طے کر دیا ہو کونسل سے کوئی ترمیم نہ کیجاوے تو وہ مسودہ فوراً جاری اور منظوری اعلیٰحضرت کے واسطے پیش کر دیا جاویگا — اگر اوس مسودہ میں کوئی ترمیم کیگئی ہو تو مسودہ اوس اجلاس کونسل میں جاری نہیں کیا جاوے گا بلکہ پھر کسی اجلاس آیندہ مین پیش کیا جاوے گا — اور اوسوقت مع ترمیم یا بلا ترمیم کے جاری کر دیا جاوے گا —

اگر مسودہ کمیٹی منتخبہ کو تفویض کیا جاوے تو اوسپر پوری کونسل میں اشاعت تین دن کے بعد بحث ہوگی

۵۵ — جس حالت مین کہ مسودہ کو کمیٹی منتخبہ کے تفویض کرنا ضروری نہ خیال کیا جاوے تو کونسل کے کامل اجلاس میں اوسپر غور ہونے کے لیے ایک تاریخ مقرر کیجاویگی لیکن اوس تاریخ

**مسودات پر مباحث اور اونکا کمیٹی منتخب کے تفویض ہونا اور چھپنا**

یا اوسپر یہ کہ اوس مسودہ کی کمیٹی مقرر ہوئی ہو یا کسی دلیل کے بعد میں اوس مسودہ کے اصول اور مباحث ملاحظہ ہو سکینگے اور اگر منظور ہو جاوے تو مسودہ کو ایک کمیٹی منتخب کو بغرض غور کے تفویض کیا جاویگا اور مسودہ مع تشریح وجوہات و مقاصد کے انگریزی اردو مرہٹی اور تلنگی زبانوں میں مع جریدہ اعلامیہ ہوگا۔

**مسودہ کی اشاعت کا التوا**

۴۵ اگر کونسل مسودہ کو کمیٹی منتخب کے تفویض کرتے وقت یہ حکم دیدے کہ تا وقتیکہ کمیٹی منتخب ... کونسل میں اپنی رپورٹ پیش کرے مسودہ کی اشاعت ... رہے تو حسب اشاعت ملتوی رکھی جاویگی۔

**التوائے کونسل کے وقت مسودات کا کمیٹی کو دیا جانا اور شایع ہونا**

۴۶ اثنائے التوائے کونسل صدر ہی مجاز ہوگا کہ مسودہ متعلقہ کے پاس بہیجا جاوے اور مدار المہام سرکار عالی حکم دیں گے کہ مسودہ مذکور مع تشریح وجوہات و مقاصد کے جریدہ اعلامیہ میں مشتہر کر دیا جاوے۔ ایسی صورت میں ضرور نہوگا کہ مسودہ کو پیش کرنے کی اجازت چاہی جاوے اور اگر مسودہ کونسل میں پیش ہو جاوے تو اوسکی دوبارہ اشاعت کی ضرورت نہوگی۔

**رپورٹ کمیٹی منتخب**

۴۷ تاریخ اشاعت مسودہ سے جب اسقدر وقت جو کونسل نے مقرر کیا ہو گذر جاوے تو کمیٹی منتخب اوسکے متعلق رپورٹ پیش کریگی۔

**کونسل کی التوا کی حالت میں بھی منتخب کمیٹیاں اجلاس اور رپورٹ کر سکتی ہیں۔**

۴۸ کونسل کسی ایک مقصد کے لئے جو کونسل کی کاروائی سے متعلق ہو منتخب کمیٹیاں مقرر کر سکتی ہے اور ایسی کمیٹیاں اجلاس کر سکتی ہیں اور اون مسودات کے متعلق جو اونکو تفویض ہوں رپورٹ کر سکتی ہیں اگرچہ اوس تاریخ خود کونسل کا اجلاس حالت التوا میں ہو۔

**کمیٹی منتخب کی رپورٹ کا چھپنا اور شایع ہونا۔**

۴۹ منشی کونسل منتخب کمیٹیوں کے کل رپورٹوں کو طبع کرائیگا اور ایسے مطبوعہ نقول ہر ایک رکن کے پاس بہیجیگا یہ رپورٹ مع مسودہ یا ایسے دفعات مسودہ کے جنمیں کوئی ترمیم ہوئی ہو اوسیوقت درج جریدہ کیجاویگی۔

اور عرائض یا مراسلات کی جو اوس کے پاس پہونچے ہوں اور نیز اطلاعات اون سودات کی جنکو ارکان کونسل میں پیش کرنا چاہتے ہیں کونسل کے روبرو پیش کریگا مگر بعد کرنے اون کاموں کے جسکے طرف مصروف ہوگی وہ جلسہ آخری میں ناتمام رہ گئی یا اوس کام کے طرف جسکو صدرنشین خاص طور پر تجویز کریں ۔

| اشخاص غیر کیونکر کونسل میں آ سکتے |
|---|

۶۲ ۔ اشخاص غیر کونسل کے اجلاس میں اثناء کارروائی میں باجازت صدرنشین داخل ہوسکتے ہیں ۔ داخل ہونے کی اجازت حاصل کرنے کے لئے معتمد کے پاس درخواست پیش ہوگی ۔

| کوئی رکن تحریک کر سکتا ہے کہ اشخاص غیر باہر چلے جائیں |
|---|

۶۳ ۔ کسی ایک رکن کی تحریک پر صدرنشین کسی وقت اثناء کارروائی جلسہ میں حکم دے سکیں گے کہ اشخاص باہر چلے جاوین ۔

# فرائض معتمد کونسل

| فرائض معتمد |
|---|

۶۴ معتمد کونسل کے فرائض حسب ذیل ہونگے ۔

(۱) کونسل کے تمامی دفتر کی نگرانی ۔

(۲) کونسل کے رجسٹروں کی تہذیب و ترتیب

(۳) ایک کتاب روداد رکھنا جسمیں وہ بروقتا و بعلی التعین کونسل کی تمام کارروائی اور حاضرین جلسہ کے نام درج رکھیگا ۔

(۴) اون تمام کاغذات کے طبع کی نگرانی کرنا جنکے طبع کا حکم دیا گیا ہے ۔

(۵) کونسل کو ایسے امور میں مدد دینا جس کے لئے کونسل حکم کرے اور کسی رکن کو ترتیب مسودہ میں جسکو وہ پیش کرنا چاہے مدد دینا ۔

(۶) اون تمامی مراسلات کو لکھنا جنکے لکھنے کا حکم کونسل نے دیا ہے ۔

(۷) مسودہ منظور ہوجانے کے بعد اوسکی نظر ثانی اور

۵۵ | تاریخ مسودہ اور اوسپر تمام کونسل کے غور کرنے کے تاریخ کے مابین زمانہ منتہا از اشاعت مسودہ کے واسطے دیا جاوے اور یہ زمانہ پندرہ روز سے کم نہوگا۔

اراے کے وقت اگر آرا دونوں جانب مساوی ہوں تو صدر نشین کی رائے دو آرا کے برابر ہوگی۔

۵۶ جس حالت میں کہ کونسل کے یا کمیٹی منتخبہ کے جلسوں میں کسی ایک مسودہ یا ترمیم کے متعلق اختلاف آرا ہوا اور فریقین کے آرا دونوں جانب مساوی ہو تو صدر نشین جلسہ کونسل یا جلسہ کمیٹی کی منتخبہ رائے کو دو رائیوں کی قوت حاصل ہوگی۔

بعد منظور ہو جانے مسودہ کے صدر اوسکی نظر ثانی و تکمیل اشارات حاشیہ کریگا۔

۵۷ مسودہ منظور ہو جانے کے بعد مقرر کونسل اوسکی نظر ثانی اور حاشیہ کے اشارات کی تکمیل کریگا۔

ہر مسودہ جو کونسل سے طے ہو گیا ہو اور دستخط صدر نشین بذریعہ مدار المہام اعلیحضرت کے روبرو پیش ہو

۵۸ ہر ایک مسودہ پر جو بطور قطعی کونسل سے طے ہو چکا ہو صدر نشین کے دستخط ہونگے اور مسودۂ مذکور بذریعہ مدار المہام سرکار عالی فوراً اعلیحضرت کی منظوری کے واسطے پیش کیا جاوے گا۔

مدار المہام اعلیحضرت کی منظوری یا نامنظوری سے کونسل کو اطلاع کریں گے

۵۹ مدار المہام سرکار عالی اعلیحضرت کی منظوری یا نامنظوری سے کونسل کو بالمشافہ یا بذریعہ تحریر مطلع کریں گے اور اوسکا داخلہ کونسل کے روزنامچہ میں درج کیا جاویگا۔

اعلیحضرت کی نامنظوری پر کوئی رکن کسی تحریک کا مجاز نہوگا

۶۰۔ اگر اعلیحضرت اپنے اقتدارات شاہی کے استعمال میں کسی ایک مسودہ کی اجازت نہ دیں یا اوسکی منظوری روک دیں تو کوئی رکن کونسل مجاز نہوگا کہ اوسکی خلاف میں کوئی تحریک کرے یا اور کسی طریقہ سے کونسل کی توجہ کو اوسپر مبذول کراوے۔

## ترتیب کارروائی کونسل

ترتیب کارروائی

۶۱۔ صدر نشین کے کرسی پر بیٹھ لینے کے بعد کیفیت

قوانین و ضوابط سابق جو منسوخ کئے گئے — سے فہرست کار روائی سے خارج کر دیا گیا

اس کے علاوہ ... اور ما قبل ... اگر ضوابط کے مطابق ہوں تو ... درج کئے گئے

منسوخ کئے ... سامنے ... درج ہوا

عالیہ ...

تاریخ ۲۲ جمادی الاولیٰ

حکم عدالت العالیہ

نقل روبکار گشتی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی واقع ۲۸ رجب ۱۳۱۲ھ

نشان (۴۴) فوجداری نشانات (۳) سے

حسب الحکم مجلس عالیہ عدالت

برائے اطلاع

تمامی عدالتہائے ملکی و شہر سرکار عالی

خلاصہ مضمون گشتی

سررشتہ مال کی گشتی نشان ۲۶ مورخہ ۲۹ ربیع الاول ۱۳۱۲ھ صیغہ عدالت سے بحکم ...
حسب الحکم و منظوری ... عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی بموجب تحریک مجلس عالیہ

تکمیل اشارات حاصل کرنا۔

| | |
|---|---|
| کونسل بے حکم سے معتمد اپنے فرائض کو مددگار سے تفویض کرسکتا ہے۔ | ۶۵- معتمد یا جاری رکونسل اپنے فرائض یا کسی حصہ کو اپنے مددگار کے تفویض کرسکتا ہے۔ |

## رجسٹر و دفتر کونسل

| | |
|---|---|
| روداد کونسل کیونکر لکھی جائیگی۔ | ۶۶- [illegible] ایک جلسہ کی کارروائی [illegible] کی کارروائی واضح خط کے ساتھ درج کیجاوے گی۔ [illegible] صدر نشین کے پاس منظوری اور دستخط کے لئے پیش کی جاوے [illegible] دستخط ہو جانے کے بعد روداد کارروائی کونسل سمجھی جاوے گی۔ [illegible] حتی الامکان اوس ہفتہ میں جو تاریخ اجلاس سے قریب تر تاریخ ہونے والا ہو یا اجلاس کے بعد جسقدر جلد ممکن ہو مشتہر کیجاوے گی۔ |
| کاغذات طبع شدہ روزنامچہ میں درج کئے جاوینگے۔ | ۶۷- تمامی مراسلات کا جنکے طبع کرنے یا داخل دفتر کرنیکا حکم دیا گیا ہے روزنامچہ میں حوالہ دیا جاویگا اور اصل مراسلات اور کاغذات پر دستخط تصدیقی معتمد ہونے کے بعد وہ داخل دفتر کئے جاوینگے |
| عرایض کا رجسٹر کیونکر رکھا جاویگا۔ | ۶۸- تمامی عرایض جو کونسل میں موصول ہوں انکی کیفیت کا ایک رجسٹر رکھا جاوے گا جسمیں تاریخ موصولہ نمبر نشان عرضی گذار مضمون عرضی حکم اخیر اور تاریخ حکم درج کئے جاوینگے۔ |
| رجسٹر اور انڈکس موصولہ و مجاریہ | ۶۹- تمامی موصولہ و مجاریہ کا ایک رجسٹر اور فہرست بہ ترتیب حروف تہجی رکھی جاویگی۔ |

## متفرقات

| | |
|---|---|
| جس مسودہ پر دو سال تک تحریک نہ ہو وہ خارج کردیا جاوے گا۔ | ۷۰- کوئی ایسا مسودہ قانونی جس کے متعلق کونسل میں دو سال تک کوئی تحریک نہ کیگئی ہو صدر نشین کے حکم |

# علاقہ عدالت و کوتوالی و امور عامہ [illegible]

تاریخ غرہ رجب ۱۳۱۱ھ

منجانب معتمد

## اشتہار

ناظم صاحب امور مذہبی نے بعض مقدس اہل اسلام کی تحریک و شکایت پر
سرکار کو توجہ دلائی ہے کہ بخلاف اورنگ آباد اور دوسرے مقامات کے بلدہ حیدرآباد
میں مساجد کے روبرو اقسام کے باجے مختلف رسوم کے ہمراہ علانیہ بہ
زور و شور سے بجتے جاتے ہیں کہ علاوہ ترک ادب کے عبادت میں ہرج عظیم واقع
ہوتا ہے اور ایسے مواقع میں امام کی قرائت اور تکبیر مقتدیوں کے کانوں تک
نہیں پہونچتی ہے چونکہ ہر فرقہ کے مذہبی حقوق کی حفاظت سرکار پر لازم ہے اور سابق
سے یہی عادت ہے کہ مساجد کے روبرو باجا موقوف ہوتا ہے لہذا بذریعہ ہذا
مشتہر کیا جاتا ہے کہ مساجد کے روبرو باجا نہ بجانا چاہیے خواہ وہ باجا کسی قسم کا
ہو ضرور ہے کہ جسوقت باجا مساجد کے پاس پہونچے اسوقت [illegible] فوراً [illegible]
تک کہ باجا مسجد کے روبرو سے گذر جائے بند کر دیا جاوے جو شخص اس [illegible] کے خلاف اس
فعل ممنوعہ کے خلاف ورزی کے مرتکب ہوں گے وہ جرم مصرحہ دفعہ ۱۲۶
مندرجہ فہرست منسلکہ گشتی فوجداری نشان (۴۳) واقع ۲۵ بہمن ۱۲۹۵ف کے قابل
صیغہ عدالت قرار پائیگی۔ اہالی کوتوالی کو حکم دیا جاتا ہے کہ اس حکم کی پوری
طرح تعمیل کرائی جائے اور اس بات کی نگرانی رکھی جائے کہ کوئی شخص اس کے
خلاف ورزی نکرنے پائے اور احیاناً خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو فوراً [illegible]
کر کے تفویض عدالت کیا جاوے فقط

عدالت مد یعہ روبکاری دفتر عدالت بابت رسالہ ۱۹۱ مورخہ ۱۲ بہمن ۱۳۰۳ ف حاصل ہوئی ہے یعنی گشتی کا احکام دیا جاتا ہے کہ محکمہ مالگزاری کی گشتی نمبر ۱۲/۱ مورخہ ۲۹ ربیع الاول ۱۳۰۹ ھ کے احکام محکمہ عدالت سے بھی تعلق رکھتے ہیں۔ فقط

---

بالا نمبر تصحیح ہمن ۱۳ اسٹامپ

ماخوذ از جریدہ ۱۲ اسفندار ۱۳۰۳ ف

---

تاریخ ۱۰ جمادی الثانی ۱۳۱۱ ھ

از جانب انسپکٹر جنرل

مراسلہ گشتی محکمہ انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن و اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی واقع یکم اسفندار ماہ آبان ۱۳۰۳ ف مطابق ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۱۱ ہجری

نشان گشتی (۱) صیغہ اسٹامپ سنہ ۹۹ بابت ۱۳۰۲ ف

متعلقہ

تقرر فیس فروخت ٹکٹ طلبانہ

---

منجانب نواب عماد نواز جنگ بہادر انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن و اسٹامپ ممالک محروسہ سرکار عالی

بخدمت جملہ تعلقداران صاحبان اضلاع و مہتمم صاحبان دفتر صدر و خزانہ عامرہ سرکار عالی

چونکہ بہ شرح فیس فروخت ٹکٹ طلبانہ کا ذکر رولیوشن نمبر ۵۳ بابت ۱۲۹۹ ف میں نہ تھا لہذا اس بارہ میں سرکار سے استدراک کیا گیا سرکار نے بذریعہ مراسلہ معتمد صاحب عدالت و کوتوالی و امور عامہ نمبر (۵۰) مورخہ ۲۲ بہمن ماہ الٰہی ۱۳۰۳ ف حکم دیا کہ فروخت فی روپیہ پاؤ آنہ کے حساب سے خزانچی کو کمیشن دیا جائیگا اور فی روپیہ پاؤ آنہ کے حساب سے پانچ روپیہ سے زیادہ کے خریدار کو بھی کمیشن دیا جائیگا پس آیندہ سے حسب مراسلہ بالا عمل ہوا کرے۔

رہتے ہیں وہ جب عدالت سے صاحب پرزہ کر دیئے جاتے یا جاوین یا بعد انفصال
مقدمہ کے بری یا رہا کئے جاوین اوسکی اطلاع اوسی روز تھانہ کو عدالت دیا
کرے معہذا جو قیدی زیر دریافت محبس سے طلب ہوں اور منجملہ اونکے کوئی قیدی
رہا یا بری کیا جاوے اور کوئی واپس کیا جاوے تو واپسی کے وقت محبس کو لکھا
جایا کرے کہ کتنے قیدی آئے تھے منجملہ اونکے کتنے بری یا رہا ہوئے یا ضمانت پر
چھوٹے اور کتنے واپس کئے جاتے ہیں اور اونکی میزان کا مقابلہ محبس کی فہرست سے
کرلیا جایا کرے جسکے ذریعہ سے قیدی عدالت میں لائے گئے تھے فقط

## رزولیوشن نواب مدارالمہام سرکار عالی مجریہ محکمہ عدالت و کوتوالی

## ترمیم دفعہ ۳۰ قانون رجسٹری

نمبر ۳ بابت ۱۳۱۱ ہجری / ۱۳۰۲ف

مورخہ ۱۸ جمادی الاخر ۱۳۱۱ھ م ۲۴ بہمن ۱۳۰۲ف

کاغذات ذیل پیش و ملاحظہ ہوئے۔

روبکار انسپکٹر جنرل آف رجسٹریشن و اسٹامپ سرکار عالی نشان (۳۳۴۴) مورخہ
۱۹ بہمن ۱۳۰۱ف موسومہ معتمد سکرٹری سرکار عالی۔

دفعہ (۳۰) قانون رجسٹری ممالک محروسہ سرکار عالی مصدرہ ۱۲۹۹ف

دفعہ (۳۰) قانون رجسٹری مصدرہ ۱۲۹۹ف کی اخیر عبارت یہ ہے اگر کوئی
شخص منجملہ اون اشخاص کے جو معلوم ہوتے ہوں کہ نوشتہ اون کے طرف سے
تحریر کیا گیا ہے اوسکی تحریر سے انکار کرے یا ایسا شخص نابالغ یا فاترالعقل یا
مجنون معلوم ہوتا ہو یا کوئی شخص جسکے طرف سے نوشتہ کا تحریر پانا پایا جاتا ہو
فوت ہو گیا ہو اور اوس کے قائم مقام یا مفوض الیہ اوسکی تحریر سے انکار کرتے
ہوں تو عہدہ دار رجسٹری کنندہ کو لازم ہے کہ اوس نوشتہ کی رجسٹری نہ کرے۔

# علاقہ عدالت

تاریخ ۲۳ ماہ رجب سنہ ۱۳۱۱ھ

## حکم مجلس عالیہ

روبکار گشتی سررشتہ انتظامی مجلس عالیہ عدالت ممالک محروسہ سرکار عالی واقع ۲۴ اسفندار سنہ ۱۳۰۲ف

### نشان فوجداری (۵)

حسب الحکم مجلس عالیہ عدالت
برای اطلاع تمامی عدالتہاے فوجداری ممالک محروسہ سرکار عالی

### خلاصہ مضمون گشتی

بعد ملاحظہ جو قیدیان زیر دریافت حسب الطلب عدالت مین آیا کرین اونکی
واپسی یا رہائی کی اطلاع مجلس کو بذریعۂ ایک فہرست کے دیجایا کرے

مولوی محمد نظام الدین حسن خانصاحب رکن مجلس عالیہ عدالت نے ۲ سنہ ۱۳۰۲ف مین
دورہ مجلس بلدہ و اضلاع چکلکوڑہ کو جو ملاحظہ کیا تو معلوم ہوا کہ اکثر قیدیان زیر دریافت
جو مجلس سے عدالتین طلب کرتی ہین اونکو بلا اطلاع مجلس عدالتین رہا کردیتی ہین جسکے
وجہ سے مجلس کے رجسٹرات کی خانہ پُری بالکل رہجاتی ہے لہذا واسطے اطلاع
تمامی عدالتہاے فوجداری کے بذریعہ گشتی ہذا حسب ایمای عالیجناب نواب مدار المہام
سرکار عالی جو بذریعہ روبکار دفتر معتمدی عدالت نشان ۱۱۲ مورخہ ۲۴ بہمن سنہ ۱۳۰۲ف
ہوا تمامی عدالتہاے فوجداری کو حکم دیا جاتا ہے کہ جو قیدی زیر تحقیقات مجلس مین

نامہ جات سرکار عالی

علاقہ مال

۱۶ رجب ۱۳۳۱ھ (...)

بسنجانب صدر مالگزاری

بنام

عہدہ داران مال ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ

درخواست موسوم کرنے صوبہ غربی بنام صوبہ اورنگ آباد بلحاظ تحریر جدید

مقدمہ سررشتہ عنوان میں صوبہ غربی سے بذریعہ مراسلہ نشان (۲۴۶) مورخہ ۲۵ فروردی ۱۳۳۱ف یہ تحریک پیش ہوئی تھی کہ آئندہ ہمیں بجائے صوبہ غربی کے صوبہ اورنگ آباد لکھا جائے۔ چونکہ محکمہ موصوف کی اس درخواست کی قبولیت میں اس لیے کہ (صوبہ غربی صوبہ اورنگ آباد کے نام سے پہلے ہی پکارا جا رہا ہے اور صوبہ شرقی کو صوبہ ورنگل کے نام سے پکارے جانے کا اول ہی حکم ہو چکا ہے) کوئی حرج نہ تھا۔ محکمہ ہذا سے سرکار کے ملاحظہ میں یہ رائے پیش کی گئی تھی کہ صوبہ شرقی ورنگل کے نام سے پہلے ہی موسوم ہو چکا ہے صوبہ غربی صوبہ اورنگ آباد کے نام سے اور صوبہ جنوبی صوبہ گلبرگہ کے نام سے اور صوبہ شمال صوبہ بیدر سے موسوم کیا جائے محکمہ کی معروض میں بھی استعمال کندہ ہوں۔ اور سرکاری کاغذات میں اور ہمیں ناموں کا عملدرآمد رہے یہ محکمہ ہذا کی رائے معروضہ صدر پیشگاہ سرکار سے منظور فرمائی گئی ہے لہذا نگارش ہے کہ آئندہ حسب تعمیل کیا جائے۔

ایضاً

رزولیوشن نمبر ۱۴ ۱۳۳۱ف

مصدرہ نواب مدار المہام سرکار عالی

نشان مسل صیغہ ہدایات ۱۹ ۱۳۳۱ف

درباب [illegible] گواہان مقدمات [illegible]

"دفعہ ۴ مضمون ہٰذا دفعہ ۳۵ ۔ ایکٹ رجسٹری ۳ سنہ ۱۸۷۷ء کا جو برٹش انڈیا میں جاری تھا۔ دفعہ مذکورہ پر برٹش انڈیا کے ایک ہائیکورٹ نے یہ اعتراض کیا تھا کہ یہ امر مصلحت اور انصاف کے خلاف ہے کہ جو شخص تکمیل سے اقرار کرے اور بالغ و عاقل و زندہ ہو اوس کے نوشتہ پر صرف اس وجہ سے رجسٹری کرنے سے انکار کر دیا جاوے کہ اوسکا دوسرا شریک منکر ہے یا فاتر العقل ہے یا فوت ہو گیا ہے۔ اس اعتراض پر وہان کے واضعان قانون نے اوس دفعہ کو بذریعہ دفعہ (۴، ۱) ایکٹ ۱۲ سنہ ۱۸۷۹ء کی ترمیم کر دیا۔

اب انسپکٹر جنرل رجسٹری نے بہت صحیح طور سے وہی اعتراض اس قانون کے دفعہ (۳۰) پر کیا ہے۔ اس اعتراض پر نواب مدار المہام سرکار عالی نے پورا غور فرمایا اور بعد منظوری حضرت بندگانعالی متعالی کے اب وہ حسب حکم دیتے ہین۔

حکم

قانون رجسٹری کے دفعہ (۳۰) کا آخر حصہ جسکی نقل و یرکنگی تاریخ اجرا اس رزولیوشن سے منسوخ کیا گیا اور اوسکی جگہہ حسب ذیل فقرہ قائم کیا گیا۔

"اگر کوئی شخص منجملہ اون اشخاص کے جو معلوم ہوتے ہون کہ نوشتہ اونکی طرف سے تحریر کیا گیا ہے اوسکی تحریر سے انکار کرے۔

یا ایسا شخص نابالغ یا فاتر العقل یا مجنون معلوم ہوتا ہو۔ یا کوئی شخص جسکی طرف سے نوشتہ کا تحریر ہونا پایا جاتا ہو فوت ہو گیا ہو اور اوسکے قائم مقام یا منصوص الیہ اوس کے تحریر سے انکار کرتے ہون تو عہدہ دار رجسٹری کنندہ کو لازم ہے کہ بمقابلہ شخص یا اشخاص لایق اگر وہ تکمیل کے خواہان ہون رجسٹری کر دے مگر اوس کا اثر اونہین اشخاص تک محدود رہیگا۔"

(حسب الحکم)

نواب عماد جنگ بہادر

معتمد عدالت و کوتوالی و امور عامہ

۲۸ د

(۵) [illegible] انتظامی [illegible] سرکاری [illegible] کچہری
وغیرہ کا کام [illegible] جائیگا

## رزولیوشن نمبر ۱۷ بابت ۱۳۲۳ ف
## صادرہ نواب مدار المہام سرکار عالی

ایضاً

محکمہ مال - نشان مثل (۱/۱) ۱۳۲۳ ف

صیغہ جاگیرات

دربارہ

اقتدار تفویض رعایات برائے آبادی۔

مسلہ ذیل کاغذات پیشی در ملاحظہ ہوئے

(۱) روبکار معتمدی مال نشان ۱۹، بابت سال ۱۳۲۲ ف موسومہ صوبہ داران۔ (۲) تختہ اقتدارات منسلکہ روبکار متذکرہ بالا۔ (۳) روبکار معتمدی مال نشان ۱۴ مورخہ ۱۴ بہمن ۱۳۲۹ ف موسومہ صوبہ دار صاحب صوبہ جنوبی۔ (۴) گشتی محکمہ معتمدی مال نشان ۱۱ مجریہ سال ۱۳۲۸ ف (۵) تحریک رائی مرلیدہر صاحب اول تعلقدار ضلع اورنگ آباد۔ (۶) روداد جنرل کمیٹی مال نمبر (۶) مورخہ ۲۹ محرم ۱۳۳۱ ہجری

جنرل کمیٹی مال میں رائی مرلیدہر صاحب نے یہ تحریک پیش کی تھی کہ اراضی آبادی کی غرض سے دینے کے لیے دوم سوم تعلقداروں کو اختیار نہیں ہے اوس سے رعایا کو دور دراز کی حاضری میں بہت تکلیف ہوتی ہے نتیجہ مسلہ ان کو اختیار دینا چاہیے کہ اگر کوئی عذر داری نہو تو وہ خود اراضی مذکور درخواست گذار کو دیدیں اور اگر عذر داری پیش ہو تو دوم سوم تعلقدار اوسکی دریافت اور حکم آخر صادر کریں۔

عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی کاغذات بالا ملاحظہ فرمانے کے بعد احکام ذیل صادر فرماتے ہیں۔

کارروائی ذیل پیش و ملاحظہ ہوسکتی —

(۱) تحریک رائی مرلیدہر صاحب اول تعلقدار ضلع اورنگ آباد — (۱) روئداد اجلاس جنرل کمیٹی مال نمبر ۶ — ۷ — مورخہ ۲۶ — ۲۹ محرم ۱۳۲۱ھ —

(۲) مرلیدہر صاحب نے جنرل کمیٹی مال مین یہ تحریک پیش کی تہی کہ مقدمات مالی مین جو شہود طلب ہوتے ہین انکو بقاعدہ عدالت خوراک ملنا چاہیے — عالیجناب نواب مدارالمہام سرکار عالی بعد ملاحظہ کاغذات متذکرہ عنوان حسب ذیل ارشاد فرماتے ہین

## حکم

**دفعہ ۱** مقدمات مالی مین جو شہود کہ طلب ہوتے ہین انکو رقم خوراک بعینہ اوسی فریق مقدمہ کیجانب سے دلایا جائیگا جسکی طرف سے یا جسکی تائید مین وہ گواہ طلب کیا گیا ہو

## تشریح

یعنی مقدمہ کا تعین اور گواہون کے مدارج کا قرارداد اور طلبنامون کے اجرا کا طریقہ اور گواہون کی غیر حاضری کی صورت مین انکے ساتھ تدارک کرنیکا ضابطہ انہین شرائط وضوابط کے موافق ہوگا جو عدالت ہای دیوانی ممالک محروسہ سرکار عالی مین نافذ ہین —

**دفعہ ۲** — مقدمات مندرجہ ذیل مین —

تغلب و تصرف رقم سرکاری — اخفاء اراضی — ایزاد وصول رقم سرکاری — رشوت ستانی کاغذات سرکاری کو چاک یا گم یا تلف کرنا — کاغذات سرکاری مین داخلہ خلاف واقع لکھنا — تنازعات حدود — یا دیگر مقدمات جسمین کوئی ایک فریق سرکار ہو — اگر گواہون کی طلبی سرکار کیجانب سے ہوگی تو حسب قواعد مرعیہ عدالت سرکار سے زر خوراک گواہون کو دیا جائیگا —

## تشریح

منجانب سرکار گواہون کو بہتہ دینے کے لیے ہر ایک محکمہ مجاز سماعت و انفصال مقدمات مین بجائے مد بہتہ انہین شرائط و قواعد کے ساتھ پیشگی رقم رکہی جائیگی جو عدالتہای دیوانی ممالک محروسہ سرکار عالی مین جاری ہین —

[illegible]

[illegible] ۱۲۵

[illegible]

ایضاً

[illegible]

[illegible] سرکار [illegible]

[illegible] نشان [illegible]

[illegible]

[illegible] آبکاری [illegible]

[illegible]

(۱) گشتی مجلس شوری نشان (۹) بابت [illegible] تجربہ [illegible] الہام مال —

(۲) مراسلہ معتمدی مال نشان (۱۱۵۲) بابت [illegible] ف [illegible] آبکاری —

(۳) گشتی معتمدی مال نشان (۱) بابت [illegible] ف —

(۴) مراسلہ معتمدی مال نشان کلیات (۲۷) بابت [illegible] ف

(۵) تحریک مولوی غلام علی صاحب ہنصرم اول تعلقہ دار ضلع نلگنڈہ بابت سال حال —

(۶) روئداد جنرل کمیٹی ال نمبر (۸) مورخہ (۸) [illegible] فقرہ (۵) گشتی مجلس شوری نشان (۸) [illegible] میں یہ حکم تھا کہ درختان سیندھی و تاڑ کا محصول جو رعایا بطور علامت حد و دلیہ کمیتون پر لگا دیں معاف ہو —

بعد ازاں مراسلہ نشان (۱۱۵۲) [illegible] ف کے ذریعہ سے یہ حکم دیا گیا تھا کہ جو لوگ [illegible] یا تاڑ یا [illegible] کے درخت اراضیات مقبوضہ میں لگا دیں ان پر معافی کا کوئی حق نہ ہوگا لیکن بروی فقرہ (۴) محولہ گشتی نشان (۱) [illegible] ف حکم محولہ مراسلہ نشان (۱۱۵۱) منسوخ کر دیا گیا یعنی اگر رعایا بلا حصول اجازت تعلقہ دار ضلع درختان سیندھی یا تاڑ یا [illegible] اراضیات میں نصب کریں تو ان کے کسی جز و کی معافی کے مستحق نہ ہوں گے —

مراسلہ نشان (۲۷) کلیات [illegible] ف کے ذریعہ سے عام استحقاق رعایا سے پٹہ دار درختان متعلق آبکاری پر بلا کسی قسم کی نگرانی کے تسلیم کر لیا گیا ہے جس کی نسبت جنرل

[illegible]

دفعہ ۱ – جو اراضی دیہات [illegible] آبادی کی
درخواست گذاروں کو [illegible] دوم سوم تعلقہ داروں کو
ان تعلقات [illegible] لہذا اس اعلان کو
دیا جاتا ہے [illegible]
[illegible] شہر اور اس کی نسبت کوئی [illegible] پیش نہو –

دفعہ ۲ – [illegible] دیہات [illegible] آبادی
کے لیے عطا کرنے کا اقتدار [illegible] دوم و سوم تعلقہ داروں کو اپنے اپنے تعلقات
میں حاصل رہیگا –

دفعہ ۳ – اگر [illegible] دیہات [illegible] فقرہ (۱) کی منظوری درخواست کے متعلق کوئی
عذرداری پیش ہو تو تحصیلدار تعلقہ بعد تکمیل تحقیقات مثل مقدمہ دوم یا سوم تعلقہ دار
کے پاس جنکے تفویض وہ تعلقہ ہو مثل [illegible] کاغذات کے روانہ کرکے بحصول
منظوری تعمیر کا حکم دیا کریں –
درخواست گذاروں کا دوم سوم تعلقہ دار کے پاس حاضر ہونا یا ابتدا درخواست کا
دوم سوم تعلقہ داری کے سامنے پیش ہونا ضرور نہیں ہے –

دفعہ ۴ – زمین غیر مزروعہ سے وہ زمین مراد ہے جس میں زراعت نہو زمینات مزروعہ کی
آبادی کی اگر درخواست گذار ہو اس کی نسبت [illegible] ضابطہ [illegible] کی منظوری
ضرور ہوگی –

دفعہ ۵ – تحصیلدار اور دوم سوم تعلقہ دار کا اقتدار انہیں دیہات میں نافذ متصور
ہوگا جہاں سررشتہ صفائی کا انتظام نہو –

دفعہ ۶ – اس رزولیوشن کے ادعی روبکار معتمدی مال نشان ۱۹ [illegible] ۱۳۳۲ [illegible]
صوبہ داران کے [illegible] منسلکہ کے نمبر (۳۱) اور گشتی معتمدی مال نشان ۹ [illegible]
[illegible] کی اسقدر ترمیم ہوجائیگی جو نسبت [illegible] اقتدارات دوم سوم تعلقہ داران
کے متعلق عطای زمینات موقوعہ آبادی بغرض تعمیر مکانہ ہے –

[illegible]

۴۹

۱۰ فروردی سنہ ۱۳۲۱ ف

# رزولیوشن نواب مدارالمہام سرکار عالی محررہ دفتر معتمدی مالگزاری

نشان مسل صدر ہدایات ۴ سنہ ۱۳۲۱ ف

دربارہ

ر[?] میعہ پیمانہ جات و برآئندگی و معافی رقم قطعات مندی[?] بصورت شکایات تلف مال

نمبر ۱ مورخہ ۱۹-۱ اسفندار سنہ ۱۳۲۱ ف[?]

مسلسلہ ذیل کاغذات پیش اور ملاحظہ ہوئے

(۱) مراسلہ صوبہ دار صاحب صوبہ جنوبی نشان ۱۴۴۳ - دورہ مورخہ ۲۶ فروردی سنہ ۱۳۱۹ ف

(۲) مراسلہ دفتر معتمدی مال نشان (۱۰۴) مورخہ ۱۰ جمادی الثانی سنہ ۱۳۲۱ ہجری موسومہ صوبہ دار صاحب جنوبی۔

(۳) شقیات محررہ صوبہ داری شرقی نشان ۴۹-۵۸-۶۰ بابت سال ۱۳۱۹ ف

(۴) مراسلہ محکمہ صوبہ داری شرقی نشان (۹۵۸) مورخہ ۲-۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۰ ف موسومہ تعلقہ دار صاحب ضلع محبوب نگر۔

(۵) مراسلہ صاحب سکرٹری جنرل[?] نشان ۱۱۹ مورخہ ۲۴-۱ امرداد سنہ ۱۳۱۹ ف بالتفات رائی نواب یار جنگ بہادر صوبہ دار جنوبی سنہ ۱۳۱۹ ف میں بذریعہ مراسلہ نشان (۴) سنہ ۱۳۰۳ بطور عام دفتر سرکار سے یہ حکم دیا گیا تھا کہ تلف مال کی شکایت پیش ہونے کی صورت میں جمعبندی کے وقت بعد تصدیق بکمال احتیاط حسب ذیل بلحاظ مناسب مقامی و حالت تلف مال و استطاعت کاشتکاران عمل رعایت کیا جاوے۔

الف - مجملہ کل رقم زمین کچھ معاف کیا جاوے اور کچھ لیا جاوے۔

ب - کچھ رقم تو اسی سال لیا جاوے اور کچھ سال آئندہ پر لیا جاوے۔

ج - کل معافی دیجاوے یا کل رقم سال آئندہ کی قسط پر برآئندہ کیجاوے۔

لیکن یہ حکم عام تھا خشکی و تری و باغات ہر قسم کی کاشت سے اسی طرح گشتی صوبہ داری شرقی نشان (۴۹) سنہ ۱۳۱۹ ف میں لکھا گیا تھا کہ ہر موقع تلف مال کا تخمینہ مرتب کر کے موجودہ پیداوار کی قیمت سے اخراجات کاشت ادا کر کے سرکاری رقم کی نسبت معافی یکسالہ کا عمل کیا جاوے۔ لیکن بعد ازاں ذریعہ گشتی صوبہ داری شرقی

کمیٹی ال میں یہ بحث پیش ہوئی کہ جبکہ عرصۂ نامعلوم سے کاشتکاروں کا کوئی حق درختاں سیندھی۔ کھجور۔ تاڑ۔ ناریل۔ تاڑی پر نہیں ہے تو اب بھی نہ ہونا چاہیے ورنہ سرکار کو آب بہت بڑے بھاری نقصان کا متحمل ہونا پڑے گا۔

عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی نے ان تمام احکامات مجریہ سابقہ اور مباحثات جنرل کمیٹی پر غور مزید فرمانے کے بعد حسب ذیل حکم نافذ فرماتے ہیں۔

**حکم**

**فقرہ ۱** – آئندہ سے منجملہ درختاں متذکرۂ بالا متعلق آبکاری کے خواہ وہ درخت کسی کھیت کے اندر واقع ہوں یا حدود کشت پر یا بنجر و افتادہ زمینات میں یا ندی نالے کے کنارے) کسی درخت سے تاڑی یا رس سے کسی قسم کا فائدہ حاصل کرنے کا حق بجز سرکار کے یا اس اجارہ دار کے جو بواسطہ سرکار سے اجارہ لیا ہو کسی کاشتکار و پٹہ دار کو حاصل نہ ہوگا مگر دیگر ثمر سے متمتع ہونے کا حق انکو جو پہلے سے حاصل تھا وہ اب بھی حاصل رہے گا۔

**فقرہ ۲** – اس رزولیوشن کے اجرا کی تاریخ سے جملہ احکام مذکورۂ عنوان منسوخ کیے گئے۔

## علاقہ عدالت

۲۰ رجب ۱۳۳۱ھ

## حکم مجلس عالیہ عدالت

## اشتہار

حسب منشاء فقرہ (۱) قواعد و ضوابط مجلس وضع قوانین سرکار عالی مطبوعہ جریدۂ اعلامیہ غیر معمولی مورخہ ۶ – اسفندار ۱۳۳۱ ف تمامی وکلاء درجۂ اول مجلس عالیہ عدالت کو بذریعہ اشتہار ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ وہ بتاریخ ۲۲ فروردی ۱۳۳۱ ف روز [illegible] مجلس عالیہ عدالت کے اجلاس کامل کے مکان میں جمع ہوں اور حسب منشاء فقرہ مذکور اس امر پر آمادہ رہیں کہ وہ منجملہ وکلاء درجۂ اول کے دو وکیلوں کو رکنیت مجلس وضع قوانین کے لیے منتخب کریں۔

نشان مسل ۳۵ تصفیہ ہدایات ۱۳۴۲ف

# دربارہ

## تولی ہراج معاملہ کرہ شل ہراج معاملات محمد پل یال گلمہو از کمشنر آبکاری

مفصلہ ذیل کاغذات پیش اور ملاحظہ ہوئے -

(۱) گشتی دفتر معتمدی مالگزاری نشان (۱) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۳۱ف -
(۲) گشتی دفتر معتمدی مال نشان (۴) مورخہ ۲۶ خورداد ۱۳۳۱ف -
(۳) مراسلہ صوبہ داری شمالی نشان ۴۴۵ مورخہ ۲ خورداد ۱۳۳۱ف موسومہ صاحب کمشنر آبکاری
(۴) مراسلہ نواب عماد نواز جنگ بہادر کمشنر آبکاری نشان ۲۵۹ مورخہ ۱۳ امرداد ۱۳۳۱ف
(۵) مراسلہ صاحب کمشنر آبکاری نشان ۱۶۵ مورخہ ۷ اردی بہشت ۱۳۳۲ف
(۶) مراسلہ نواب اعظم یار جنگ بہادر صوبہ جنوبی نشان ۵۶ مورخہ ۲ خورداد ۱۳۳۲ف
(۷) مراسلہ نواب بشیر نواز جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ شرقی نشان ۱۹ مورخہ ۱۱ خورداد ۱۳۳۲ف
(۸) مراسلہ نواب مقتدر جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ غربی نشان ۵۸۰ مورخہ ۵ شہریور ۱۳۳۲ف
(۹) روبکار مسٹر ... بہادر اسسٹنٹ جنرل مال نشان ۲۸۵ مورخہ ۲۰ آبان ۱۳۳۲ف

گشتی نشان (۴) ۱۳۳۱ف کے ذریعہ یہ حکم جاری ہوا تھا کہ مال گلمہو کا ہراج کمشنر صاحب آبکاری کے ذریعہ سے ہوا کرے اور گشتی نشان ۴ ۱۳۳۱ف میں مال گلمہو و جنواقی گلمہو و محصول گلمہو کی تعریف بیان کی گئی تھی تاکہ تعمیل میں پیچیدگی واقع نہو اب کمشنر صاحب آبکاری نے ... تحریک صوبہ دار صاحب صوبہ شمالی یہ درخواست کی ہے کہ جبکہ معاملات محمد پل یال گلمہو کا تعلق محکمہ کمشنری سے ہو گیا ہے تو ہر کہ کے ہراج کا تعلق بھی کمشنری سے کر دیا جائے جو اسوقت ... صوبہ دار صاحبوں کے ذریعہ سے ہوا کرتا ہے -

نظر برآں عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی بعد ملاحظہ کاغذات مندرجہ عنوان باتفاق رائے صاحب اسسٹنٹ جنرل مال حسب ذیل حکم صادر فرماتے ہیں -

## حکم

اگرچہ پر کہ کو شراب سے یا اشیاء دمسکرات سے کوئی تعلق نہیں ہے بلکہ اوس سے تیل نکلتا ہے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

... معافی ...

[illegible]

حکم

[illegible] ... مال معافی ... [illegible]

[illegible] ... حاصل کرنی ... [illegible]

[illegible] ... معافی ... [illegible]

[illegible] ... کاشتکار ... [illegible]

[illegible] ... حسب مناسب ... [illegible]

[illegible] ... التوای وصول ... [illegible]

[illegible]

تشریح - ایسی ہی ایک شکل میں بروقت کھڑی فصل پنچنامہ کا مرتب کرنا لازمی ہوگا البتہ [illegible] کوئی خاص صورتیں ایسی بھی ہوں گی کہ تخمین معافی کا دینا ضروری ہو [illegible] (اگر کوئی ہوں تو حسب ضابطہ خاص طور پر کارروائی کرکے بحصول اجازت [illegible] حسب معافی دیجا سکتی ہے

ایضاً رزلیوشن نمبر ۱۹ مورخہ غرہ فروردی [illegible] ف صادرہ نواب مدار المہام سرکار عالی مجریہ [illegible] مالگزاری ہے

ہراج ۵ سالہ عبور و مرور کا بھی اعتبار دیا جائے۔
سال ۱۳۰۹ ف میں زریعہ گشتی نمبر (۱) عبور و مرور کے ہراج کا جو اختیار تعلقدار
اضلاع کو دیا گیا تھا اوسمین کوئی صراحت اس امر کی نہین ہوئی تھی کہ آیا یہ اختیار
ایک سالہ ہراج کے متعلق ہے یا دو سالہ و سہ سالہ کے بھی جیسا کہ دفعات ۴ و ۵
دستور العمل آبکاری مین تصریح کر دی گئی ہے کہ حسب صوابدید رائے تعلقداران اضلاع
۵ سالہ تک مدت اجارہ کو بڑھا سکتے ہین۔
عالیجناب نواب مدار المہام بہادر سرکار عالی بعد دریافت عملدرآمد تمام اضلاع و بلاد
آراستے صوبہ دار صاحبان و صاحب اسسٹنٹ جنرل مال حکم ذیل صادر فرماتے ہین۔

## حکم

ف ۱ - آیندہ سے اول تعلقداران اضلاع کو بصورت اضافہ رقم بہ نسبت
گذشتہ عبور و مرور رود گھاٹ کے ہراج ۵ سالہ کا اقتدار بھی اسیطرح دیا جاتا ہے جسطرح
کہ سوا مدات آبکاری کے ہراج کا اقتدار حسب صوابدید دیا گیا ہے کیونکہ ہراج رود گھاٹ کا
معاملہ بمقابلہ ہراج آبکاری بہت ہی جزو ہے۔
ف ۲ عبور و مرور سے یہ مراد ہے کہ سرکار عالی کے علاقہ مین جس جس مقام پر رود گھاٹ
مقرر و معین ہین اون مقامات سے مسافرین وغیرہ بذریعہ کشتی و ٹوکرہ و کرائی
وغیرہ موسم بارش مین آمد و رفت کیا کرتے ہین۔

## رزولیوشن نمبر ۱۲ مورخہ ۴ فروردی ۱۳۱۳ ف صلی
## مصدرہ نواب مدار المہام سرکار عالی مجریہ معتمد مالگزاری

نشان مثل $\frac{61}{34}$ ۱۳۱۳ ف۔ صیغہ ہدایات

درباره
تعین میعاد قیام نظام جمعبندی بحالت دورہ ہر ایک مقام
مفصلہ ذیل کاغذات پیش او رملاحظہ ہوئے
(۱) گشتی صدر المہام مالگزاری نشان (۱۲) بابت ۱۲۹۹ ف

۵۴ جو جلانے کے کام میں مستعمل ہوا کرتا ہی۔ لیکن چونکہ گلمہوہ کا ہراج جسکا محصول زیادہ ہوتا ہی محکمہ کمشنری سے متعلق ہی اور اکثر تختہ جات ہراج میں معاملہ ہراج پرگہ دوسرے ابواب کے ساتھ شریک و منضم رہتا ہی تو ایک معاملہ کا تعلق کمشنری آبکاری سے اور دوسرے کا محکمہ صوبہ داری سے رکھنا باعث دقت انتظام ہی اسلیے پرگہ کے ہراج کا تعلق بھی کمشنر صاحب آبکاری سے کردیا جاتا ہی آئندہ سے حسبہ تعمیل رہے۔

〃 (فرمان مبارک ...) رزولیوشن نمبر ۲۰ مورخہ ۲ فروردی ۱۳۰۳ف مطابق ۲ ربیع الثانی ۱۳۱۱ھ

بمصدرہ نواب مدار المہام سرکار عالی مجریہ معتمد مالگزاری

دربارہ

تعلقداران اضلاع کو مثل ہراج سہ سالہ آبکاری بصورت اضافہ رقم ہراج سہ سالہ

عبور و مرور کی منظوری کا اقتدار ہے۔

مفصلہ ذیل کاغذات پیش ملاحظہ ہوئے۔

(۱) روبکار نواب مقتدر جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ غربی نشان ۸۸ مورخہ ۱۱ دی ۱۳۰۲ف

(۲) روبکار نواب بشیر نواز جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ شرقی نشان ۷۶۱ مورخہ ۱۶ اردی بہشت ۱۳۰۲ف۔

(۳) روبکار مولوی سید سراج الحسن صاحب صوبہ دار صوبہ شمالی ۷۴۶ مورخہ ۶ امرداد ۱۳۰۲ف

(۴) روبکار نواب اعظم یار جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ جنوبی نشان ۱۱۷ مورخہ ۲ شہریور ۱۳۰۲ف

(۵) روبکار سلیمی ڈنلاپ صاحب بہادر انسپکٹر جنرل مال نشان ۲۳۹ مورخہ ۳ شہریور ۱۳۰۲ف

(۶) گشتی دفتر معتمدی مالگزاری نشان ۶۰ مورخہ ۴ خورداد ۱۲۹۶ف

(۷) دفعہ ۴ و ۵ دستور العمل آبکاری۔

صوبہ دار صاحب صوبہ غربی نے تحریک کی ہی کہ جس طرح تعلقداران اضلاع کو بصورت اضافہ منظوری ہراج سہ سالہ معاملہ آبکاری کا اختیار ہی اسیطرح بصورت اضافہ منظوری

اضلاع میں اوقات [illegible] قیام العرام کام [illegible] بدی کے لیے کافی ہے اور اوسکی وجہ [illegible]
کہ [illegible] مقامات [illegible] منتظما جمعبندی کا دورہ ہوگا۔ رعایا کے ملاقات کی ساعت
آسانی سے ہوگی اور رعایا کو دور دراز مقامات تک سفر کرنے کی تکلیف نہ ہوگی۔
سادو ماد جب کبھی ضرورت قیام راید از یک ہفتہ کے واقع ہو تو باجازت محکمہ بالا فوق
مقام کرسکتے ہین جسکی نسبت مراسلہ نشان ۲۳۴ سنہ ۱۳۱۲ ہ مین تصریح کردی گئی ہے۔ اب
اون احکامات حکم بہ سالفہ میں صرف اسقدر اور توسیع کردیجاتی ہے کہ صرف مستقر تحصیلات
پر دو ہفتہ کے قیام کی اجازت دیجاتی ہے تاکہ تنقیح دفاتر تحصیلات مین کافی موقع ملے۔

ایضاً

## اشتہار

منجانب معتمد مالگزاری

غرہ شعبان سنہ ۱۳۱۲ ہ

بتعمیل فقرہ (۱۱) دستور العمل مجلس واقع قوانین سرکار عالی اشتہار دیا جاتا ہے کہ
جاگیردار صاحبان اور دیگر اشخاص کی حاضری کے لیے جو دو اشخاص غیر ملازم سرکار عالی کا
انتخاب بشرکت مجلس مذکورہ کے لیے کرینگے ۲۴ اردی بہشت سنہ حال مطابق ۲۰
رمضان سنہ ۱۳۱۲ ہ روز پنجشنبہ وقت ۹ ساعت صبح بمقام عمدہ باغ مقرر کی گئی ہے وقت
مذکورہ پر بمقام مذکورہ جمع ہوں اور جو صاحب جاگیردار نہیں ہین لیکن اپنے کو مستحق
راے دینے کا سمجھتے ہین وہ اپنے ساتھ صداقت نامہ متذکرہ فقرہ مذکور بھی لاوینگے
اس مجلس کے صدر نشین نواب فتح الملک بہادر ہونگے نقل فقرہ مذکور ذیل مین
درج ہے۔

معتمد مال یا کوئی دوسرا عہدہ دار جسکو مدار المہام سرکار عالی اس کام کے لیے مقرر کرین بذریعہ
اشتہار مطبوعہ جریدۂ اعلامیہ سرکار عالی (جو کم سے کم پندرہ روز پہلے مشتہر ہوگا) ایک
مجلس جاگیرداروں اور دیگر اشخاص کی ایسے مقام پر اور ایسے وقت جسکو مدار المہام
مقرر فرماوین منعقد کرینگے اس غرض سے کہ حاضرین مجلس بغلبۂ آرا دو اشخاص کو منتخب
کریں جو ارکان غیر ملازم مقرر کرسکین۔ باین شرط کہ وہ اشخاص جو جاگیردار نہیں ہین
لیکن اپنے کو راے دینے کا مستحق سمجھتے ہین تیس روز انعقاد جلسے سے پیشتر ایک صداقت نامہ
بدستخط تعلقدار ضلع جسمین انکا موضع یا مواضع واقع ہوئے ہوں مجلس مالگزاری [illegible]

۲- گشتی مجلس مالگزاری نشان ۵۳ بابت [illegible]

۳- گشتی مجلس مال نشان ۱۰۱ بابت [illegible]

۴- مراسلہ معتمدی مال نشان ۲۳ بابت [illegible]

۵- روبکار دفتر معتمدی مال نشان ۵ بابت [illegible]

۶- روبکار مولوی [illegible] صاحب صوبہ دار [illegible] نشان [illegible]

۷- روبکار نواب [illegible] نواز جنگ بہادر صوبہ دار [illegible] [illegible]
[illegible] ف

۸- روبکار نواب [illegible] جنگ بہادر صوبہ دار [illegible] [illegible]
[illegible] ف

۹- روبکار نواب اعظم یار جنگ بہادر صوبہ دار صوبہ [illegible] نشان (۱۰) مورخہ ۲
[illegible] اسفندار [illegible]

۱۰ مراسلہ [illegible] صاحب بہادر انسپکٹر جنرل مال نشان ۴۲ مورخہ [illegible]
۲ اسفندار [illegible] ف

۱۱- روئداد جنرل کمیٹی مال نمبر (۱۱) مورخہ [illegible] فقرہ (۴)

مولوی سید سراج الحسن صاحب صوبہ دار صوبہ [illegible] [illegible] ناظم دار صاحب ضلع و انسپکٹر جنرل [illegible] فقرہ (۹) [illegible] مالگزاری نشان ۱۲ [illegible] قیام ناظم [illegible] ہفتہ معمول یہ ہے کہ ایک ہفتہ کا قیام اضلاع [illegible] اضلاع بندوبست شدہ [illegible] قیام کی اجازت ایک مقام میں ہونی چاہیئے ۔

عالیجناب نواب مدار المہام سرکار عالی [illegible] صوبہ دار [illegible] انسپکٹر جنرل مال کی آرا و مباحثات جنرل کمیٹی اور [illegible] احکام [illegible] قبل ازیں وقت [illegible] ملاحظہ [illegible] حکم ذیل [illegible]

## حکم

عام ضرورتوں کے لحاظ سے بندوبست شدہ اور غیر بندوبست شدہ دونوں قسم کی

دل ۲ (حصہ منفی درکار)

پانچ دائر کردہ ہیں اس سال میں تاریخ معاینہ تک (۲۳۲) مقدمات منفصل ہو چکے اس حساب سے مرجوعہ سے بعد جو بقایا رہتا ہے وہ زیادہ نہیں ہے مقدمات مرجوعہ و منفصلہ کی تفصیل بمقابلہ سال گذشتہ حسب ذیل ہے

| نام مرجوعہ و منفصلہ مقدمہ | سنہ ۱۳۱۳ فصلی — مرجوعہ | منفصلہ | سنہ ۱۳۱۲ فصلی — مرجوعہ | منفصلہ |
|---|---|---|---|---|
| ابتدائی دیوانی | ۵۰ | ۱۷ | ۱۷ | ۱۶ |
| ابتدائی فوجداری | ۲۶ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۲ |
| [illegible] | ۴۶ | ۱ | ۳۹ | ۳۷ |
| اپیل دیوانی جلسہ منعقدہ | ۱۳ | ۱۰۸ | ۱۴۹ | ۱۳۳ |
| اپیل فوجداری جلسہ منعقدہ | ۳۸ | ۲۴ | ۲۵ | ۳۶ |
| تصحیح فوجداری | ۲۳ | ۲۳ | ۲۳ | ۳۰ |
| نگرانی فوجداری | ۸۶ | ۸۴ | ۱۲۸ | ۹۶ |
| اپیل احکام متفرق | ۵۸ | ۶۱ | ۴۹ | ۵۶ |
| اپیل دیوانی اجلاس کامل | ۳۱ | ۳۰ | ۲۱ | ۴۳ |
| نگرانی اجلاس کامل | ۲ | ۱ | ۱ | ۱ |

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سب سے زیادہ صیغہ ابتدائی دیوانی کے مرجوعہ میں اس سال ترقی ہوئی ہے جہاں سال گذشتہ (۱۷) مرجوعہ کی تعداد تھی وہاں اس سال (۵۰) مرجوعہ کی تعداد ہے جو بمقابلہ سال گذشتہ تین چند کے قریب ہے اور منفصلہ کی مقدار بھی بمقابلہ سال گذشتہ کے بڑھی ہوئی ہے۔ علی ہذا ہر قسم کے مقدمات میں بمقابلہ سال گذشتہ باستثنای مقدمات اپیل دیوانی جلسہ منعقدہ و نگرانی فوجداری کے ترقی ہوئی ہے البتہ مقدمات اپیل دیوانی جلسہ منعقدہ و نگرانی فوجداری کی مرجوعہ میں بمقابلہ سال گذشتہ کسیقدر کمی ہے جو چنداں قابل لحاظ نہیں ہے
(۴) کامل سنہ ۱۳۱۱ سے سنہ ۱۳۱۲ میں جو ترقی ہوئی ہے اوسکی تفصیل حسب ذیل ہے

| | سنہ ۱۳۱۲ف — مرجوعہ | منفصلہ | سنہ ۱۳۱۱ف — مرجوعہ | منفصلہ |
|---|---|---|---|---|
| ابتدائی دیوانی | ۸۲ | ۹۴ | ۷۴ | ۹۱ |

۵۶

داخل کریںگے جس سے تصدیق ایسا امر کی ہوتی ہے کہ ہم ایک ایسا حق دیا بالکل جو ... دراصل
پر قابض ہیں اور قواعد یہ اگر رد ... راست ... روپیہ کا حق رکھتے ہیں) -

سر(۱) جریدۂ ... از ... ۱۳۴۱ ف

## علاقۂ عدالت و کوتوالی و امور عامہ (محکمۂ عدالت)

۱۵ - رجب ۱۳۵۱ ہجری

منجانب سرشتہ

## یادداشت نواب معین المہام بہادر صیغۂ عدالت و امور عامہ

## بابت معائنہ مجلس عالیہ عدالت

بکم اسفندار ۱۳۴۱ ف

(۱) آج ہم نے مجلس عالیہ عدالت کا معائنہ کیا جہاں پانچ جج اور ایک چیف جسٹس اور ایک معتمدی سات حکام کام انجام دیتے ہیں - اس وقت ایک جج صیغۂ ابتدائی مجلس عالیہ عدالت کا کام انجام دیتے ہیں - اور ایک جج عدالت ہائی ماتحت کی ... اور ... کے لیے دورہ پر گئے ہیں - اور ایک جج ایک مدت سے ایک کار خاص میں مصروف ہیں باقی جج اور چیف جسٹس بشمول معتمدی صاحب اپیل سماعت کرتے ہیں ہفتہ میں دو دفعہ یکشنبہ اور پنجشنبہ کو اجلاس کامل ہوتا ہے - اور ہر مہینے میں دو دفعہ اجلاس انتظامی جس میں سب موجود جج شریک ہوکر امور انتظامی کا تصفیہ کرتے ہیں -

(۲) شروع سال سے تاریخ معائنہ تک اس عدالت کے سب اجلاسوں میں بشمول صیغۂ انتظامی ہر قسم کے (۵۱۶) مقدمات دائر ہوئے - سال گذشتہ کی اس سہ ماہی اول میں (۴۶۸) مقدمات دائر ہوئے تھے جس کے مقابلہ میں سال حال کا مرجوعہ بقدر (۴۸) کے زیادہ ہے اور زیادتی صرف اسی سہ ماہی میں نہیں ہے بلکہ مرجوعہ ۱۳۴۰ ف کو جب بمقابلہ مرجوعہ ۱۳۳۹ ف کے دیکھا جاتا ہے تو اوس کے لحاظ سے بھی بمقابلہ ۱۳۳۹ ف کے ۱۳۴۰ ف میں مرجوعہ کی زیادتی ثابت ہوتی ہے جس سے ظاہر ہے کہ ذریعہ عدالت کے انصاف کا اعتبار کیا جاتا ہے اور لوگ انصاف اور اعتبار کی وجہ سے مقدمات

| نام عہدہ دار | سنہ | ایام اجلاس | آرائے مستقل | اتفاق | جملہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ مولوی محمد احمد [illegible] صاحب رکن مجلس | [illegible] | ۶۳ | ۱۱۹ | ۱ | ۱۷ |
| | [illegible] | ۱۳۱ | ۱۱۴ | ۹ | ۱۲۳ |
| ۲۔ مولوی [illegible] صاحب | [illegible] | ۱۴ | ۱۷ | ۲ | ۱۹ |
| | [illegible] | ۲۱ | ۷۲ | ۸ | ۸۰ |
| ۳۔ مولوی [illegible] صاحب | [illegible] | ۳۸ | ۹۲ | | ۹۳ |
| | [illegible] | ۱۰۵ | ۱۰۲ | ۱ | ۱۰۳ |
| ۴۔ مولوی محمد احمد [illegible] صاحب | [illegible] | ۲۱ | ۲۰ | ۳ | ۲۳ |
| | [illegible] | ۲ | ۸ | ۱ | ۹ |
| ۵۔ مولوی محمد سعید [illegible] صاحب مفتی | [illegible] | ۵۸ | ۹۳ | ۴۶ | ۱۳۹ |
| | [illegible] | ۳۴ | ۰۶۸ | ۴۳ | ۱۱۱ |

جدول بالا سے ثابت ہوتا ہے کہ سب سے زیادہ کام اس سال میر مجلس صاحب نے کیا [illegible]
بعدہٗ رکن مجلس صاحب کا کام سب سے زیادہ رہا ـــ

۱۰۔ سنہ [illegible] ف و سنہ [illegible] ف میں صیغہ اپیل کا کام بتفصیل ذیل ہوا تھا ـــ

| نام عہدہ دار | سنہ | ایام اجلاس | آرائے مستقل | اتفاق | جملہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ نواب سجاد جنگ بہادر میر مجلس | [illegible] | ۶ | ۹ | ۶ | ۱۵ |
| | [illegible] | ۱۱۳ | ۲۶۰ | ۸۸ | ۳۴۸ |
| ۲۔ مولوی میر افضل حسین صاحب رکن مجلس | [illegible] | ۱۸۲ | ۵۸۰ | ۶۱ | ۶۴۱ |
| | [illegible] | ۱۴۲ | ۴۲۸ | ۱۰۱ | ۵۲۹ |
| ۳۔ مولوی محمد رضا خان صاحب " | [illegible] | ۲۰۵ | ۶۲۶ | ۲۱ | ۶۴۷ |
| | [illegible] | ۹۷ | ۲۷۸ | ۲۲ | ۳۰۰ |
| ۴۔ مولوی سید احمد رضا خان صاحب رکن مجلس | [illegible] | ۱۰۹ | ۳۲۳ | ۱۴ | ۳۳۷ |
| | [illegible] | ۱۵۰ | ۴۷۱ | ۴۳ | ۵۱۴ |
| ۵۔ مولوی محسن خان صاحب " | [illegible] | ۱۲۱ | ۳۰۵ | ۲۸ | ۳۳۳ |
| | [illegible] | ۲۵۰ | ۲۰ | ۳۰ | ۵۷ |
| ۶۔ مولوی نظام الدین صاحب " | [illegible] | ۱۲۵ | ۳۹۱ | ۳ | ۳۹۴ |
| | [illegible] | ۵۸ | ۲۱۳ | ۲ | ۲۱۵ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ابتدائی فوجداری | ۷۹ | ۶۴ | ۴۰ | ۲۵ |
| صیغہ ابتدائی ڈگری | ۱۶۵ | ۱۴۹ | ۱۹۶ | ۱۵۴ |
| اپیل دیوانی جلسہ متفقہ | ۵۶۹ | ۵۶۶ | ۵۱۶ | ۴۶۸ |
| اپیل فوجداری جلسہ متفقہ | ۱۳۷ | ۱۳۲ | ۱۳۳ | ۱۱۳ |
| تصحیح فوجداری | ۱۱۷ | ۱۳۰ | ۱۲۳ | ۱۱۳ |
| نگرانی فوجداری | ۳۳۷ | ۳۳۵ | ۳۲۵ | ۳۱۷ |
| اپیل احکام صرف | ۲۱۳ | ۲۱۹ | ۱۸۰ | ۱۶۲ |
| اپیل ابتدائی اجلاس کامل | ۱۱۷ | ۱۲۴ | ۱۵۸ | ۱۹۶ |
| اپیل احکام صرف اجلاس کامل | ۲۹ | ۳۲ | ۴۰ | ۴۸ |
| نگرانی اجلاس کامل | ۱ | ۲ | ۱ | ۰ |

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ عموماً مرجوعہ اور منفصلہ مین ترقی ہوئی ہے اور بعض مدون مین جو کمی ہوتی ہے وہ چندان قابل التفات نہین ہے۔

۴۔ شروع سال سے روز معاینہ تک صیغہ ابتدائی کا کام مولوی محی الدین خانصاحب رکن مجلس نے انجام دیا ہے جنکی مجموعی منفصلہ کی تعداد (۴۰) ہے جسمین بندرداری وغیرہ مقدمات متفرق شامل نہین ہین نہ دیگر کارروائی جسمین بابت سے مقدمات کی تعمیل متعلقہ داخل ہے جس کے ساتھ ملکر کام کی مقدار کم نہین ہوتی۔ چونکہ ہر ہفتہ مین دو روز حاکم صیغہ ابتدائی کو اجلاس کامل مین شریک ہونا پڑتا ہے اور ان ایام مین وہ صیغہ ابتدائی کا کام نہین کرسکتا ۱۲ یوم یہ اجلاس کامل مین ابتک اس سال مین شریک ہوے ہین۔ اور یہ ۳۷ مقدمات کا تصفیہ کیا ہے جو ابتداءً منفصلہ کے ساتھ ملکر ۷۷ ہوا۔ (۵) صیغہ اپیل مین جسقدر کام حکام نے کیا اوسکی تفصیل بمقابلہ سال گذشتہ حسب ذیل ہے۔

| نام عہدہ دار | سن | ایام اجلاس | آرای مستقل | اتفاق | جملہ |
|---|---|---|---|---|---|
| مولوی افضل حسین صاحب ممبر مجلس | سنہ ۱۳۲۰ ف | ۶۰ | ۱۷۶ | ۴ | ۱۸۰ |
| | سنہ ۱۳۱۹ ف | ۴۵ | ۱۲۲ | ۲۵ | ۱۴۷ |
| مولوی [illegible] رکن | سنہ ۱۳۲۰ ف | ۵۱ | ۱۳۱ | ۱ | ۱۳۲ |
| | سنہ ۱۳۱۹ ف | ۵۱ | ۱۳۲ | ۸ | ۱۴۰ |

| | |
|---|---|
| گشتی نشان فوجداری (۱) سنہ ۱۳۱۰ ف | نسبت قرارداد قواعد تحریرات) وکلا ر— |
| ،، (۲) ،، | نسبت طریقۂ اخذ مچلکہ سنجانی گواہان فوجداری |
| ،، (۳) ،، | نسبت عدم اخراج و دعوا استمرار اسل مخصوصین بعدم پیروی — |
| گشتی نشان فوجداری (۴) سنہ ۱۳۱۰ فصلی | نسبت تعمیل گشتی سررشتہ مال نشان ۲۶ خرداد ۱۳۰۸ در باب ناجوازی فرخنده عمده داران |
| گشتی نشان دیوانی (۱) سنہ ۱۳۱۰ ف | حسب مضمون گشتی نشان فوجداری (۱) |
| ،، ،، (۳) ،، | حسب مضمون گشتی نشان فوجداری (۴) |

حسب ذیل مسودات مجلس نے بغرض منظوری پیش کیے ہیں—

| | |
|---|---|
| ۱- مسودہ گشتی — | متضمن قانون دیوالیہ |
| ۲- ،، ،، — | در باب فراہمی مال مسروقہ و مغصوبہ |
| ۳- ،، — | قرارداد فیس ترجمہ — |
| ۴- ،، | قواعد حاضت — |
